ادیبُ اللغات

(الفاظ کا معنوی فرق)

اُردو
عربی
فارسی
ترکی
ہندی
انگریزی

مرتب
ریاض احمد شریف ریاضؔ صابر

ادیبُ اللغات

(الفاظ کا معنوی فرق)

مرتب

ریاض احمد شریف ریاضؔ صابر

Title : ADEEB-UL-LUGHAT
(ALFAZ KA MANAWI FARQ)

Author : RIAZ AHMED SHARIFF RIAZ SABIR
Address : #201, Leo Residency, 14th Cross, Kanakanagar,
R. T. Nagar Post, Bangalore - 560 032
Cell: 9902528498

نام کتاب: ادیب اللغات
مرتب: ریاض احمد شریف ریاض صابر
ناشر: شریف پبلشرس
نمبر201، لیو ریسڈنسی، 14th کراس، کنکا نگر، بنگلور-32
قیمت -/120روپے
صفحات: 184
تعداد: 500
مطبع: سکما پرنٹس، بنگلور
کمپوزنگ: حافظ کلیم اللہ صاحب مرحوم، درخشاں ڈی۔ٹی۔پی۔ سنٹر، شیواجی نگر، بنگلور
سرورق: آرٹسٹ زاہد حسین صاحب
سن اشاعت: سن 2017ء مطابق ۱۴۳۹ھ
رابطہ/پتہ: ریاض احمد شریف ریاض صابر،
نمبر201، لیو ریسڈنسی، 14th کراس، کنکا نگر، بنگلور-32
موبائیل 9902528498

"یہ کتاب قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔ شائع شدہ مواد سے اردو کونسل کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔"

کتاب ملنے کا پتہ:
(۱) ریاض احمد شریف، ریاض صابر
نمبر201، لیو ریسڈنسی، 14th کراس، کنکا نگر، بنگلور-32، موبائیل 9902528498

(۲) قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی
فون 011-49539000

انتساب

میرے نانا

مولانا شاہ ابوالحسن ادیبؔ مرحوم

اور

میرے خالو

پروفیسر جناب سید احمد شاکرؔ مرحوم

کے نام

ریاضؔ صابر

پیش لفظ

گنگا جمنی تہذیب کی علمبردار اردو زبان سب کی چہیتی ہے۔ اس کے چاہنے والوں میں ہر مذہب اور قوم کے لوگ شامل ہیں۔ آج اس کا شمار بین الاقوامی زبانوں میں ہوتا ہے۔ اقوام متحدہ کے ایک جائزے کے مطابق انگریزی کے بعد اس کا نمبر دوسرا ہے۔ یہ بات تسلیم شدہ ہے کہ اس ملک کا ہر پانچواں اور دنیا کا ہر ساتواں آدمی اردو بولتا ہے۔ دوسری زبانوں کی طرح ہر نئی صبح کی آمد کے ساتھ اردو کی بھی بیسوں کتابیں، اخبارات، رسائل وغیرہ منظرِ عام پر آتے رہتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مختلف موضوعات پر کتابیں، رسائل وغیرہ منظر عام پر لانے میں قومی کونسل، نئی دہلی اور ریاستی اردو اکادمیاں سب سے آگے ہیں۔ لیکن ضرورت اس کام میں تیزی لانے کی ہے۔

ویسے تین چار سال پہلے بچوں کے ادب میں اضافے کیلئے میں نے مختلف موضوعات پر چند لغتیں مرتب کی تھیں، جو طلبہ اور اساتذہ میں بہت مقبول ہوئیں۔ جب میرے کرم فرما اساتذہ نے مجھے اس سلسلہ کو آگے بڑھانے کی ہدایت دی تو میں نے ''لغاتِ اضداد'' مرتب کی۔ یہ وہی لغات ہے جسکی اشاعت سال 2015-2016 قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، نئی دہلی کے مالی تعاون سے ہوئی۔ امسال میری دوسری کتاب ''ادیبُ اللغات'' (الفاظ کا معنوی فرق) جو اردو دنیا میں اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان ہی کے مالی تعاون سے منظر عام پر لا رہا ہوں۔ اگر خدا کی مرضی شامل حال رہی تو یہ کتاب بھی طلبہ اور اساتذہ میں مقبول ہوگی۔ اگر ایسا ہوا تو میں سمجھوں گا کہ میری محنت کا پھل مجھے مل گیا۔

زیر نظر کتاب ''ادیب اللغات'' کی تدوین میں جن باتوں کو ملحوظ رکھا گیا ہے وہ یہ ہیں :

۱) لغات کی ترتیب میں الفاظ کا معنوی فرق بتانے کے لئے مختلف زبانوں کے وہی عام فہم الفاظ شامل کئے گئے ہیں جو اردو کے دامن میں جگہ پا کر اردو لغت کی زینت بن چکے ہیں۔

۲) الفاظ کا معنوی فرق بتانے سے پہلے یہ بات بتائی گئی ہے کہ یہ لفظ کس زبان کا ہے۔

۳) ترتیب میں شامل تقریباً تمام الفاظ پر اعراب بھی لگا دئے گئے ہیں (چند الفاظ کا تلفظ قوسین

میں دیا گیا ہے)

۴) لغات میں چونکہ صرف الفاظ کا معنوی فرق بتانا مقصود تھا، اسماء وصفات کے لئے الگ الگ مقام نہیں دیا گیا ہے۔

۵) لغات ہذا میں الفاظ کا معنوی فرق بتانے کے لئے مختلف الفاظ کے جو گروپ (گروہ) بنائے گئے ہیں اسکی تفصیل یوں ہے۔

الفاظ: 1 ہم صوت (ہم آواز) ہم صورت (ہم شکل) مختلف اللسان (مختلف زبان) مختلف المعنی (مختلف معنی)

مثال: (ف) آن = شان وشوکت۔

(ع) آن = وقت، لمحہ

(ہن) آن = عہد، رواج، ضد، عادت، آرزو، لاج

2 ہم صوت، مختلف الصورت، مختلف اللسان، مختلف المعنی

مثال: (ہن) آم = ایک مشہور پھل

(ع) عام = پھیلا ہوا، مشہور، تمام، رواجی

3 ہم صوت، غیر مختلف اللسان، مختلف الصورت، مختلف المعانی۔

مثال: (ع) سُوْرَۃ = (سورۃ) قرآن مجید کا کوئی باب۔

(ع) صُوْرَۃ = شکل، تصویر، خاکہ، حالت، طرح

4 ہم صورت، مختلف الصوت، غیر مختلف اللسان، مختلف المعنی۔

مثال: (ع) شَفَا = کنارہ، ساحل

(ع) شِفَا = تندرستی

5 ہم صورت، مختلف الصوت، مختلف اللسان، مختلف المعانی۔

مثال: (ع) سَیل = پانی کی رَو، بہاؤ، طغیانی، لہر

(ہن) سِیل = تری، نمی، شرم، سردی، عادت

(انگ) سیل (Sale) بکری، فروخت

(انگ) سیل (Seal) مہر، ٹھپا، قسم مچھلی، دریائی بچھڑا۔

6　مختلف اللسان، مختلف الصورت، مختلف الصوت، مختلف المعانی، (ایسے الفاظ صرف طلبہ کے معلومات میں اضافہ کے لئے ہیں)

مثال:　(ف)　زَد = مار، نشانہ، صدمہ، نقصان

(عربی)　ضِدّ = برعکس، خلاف، عداوت، غصہ

میں سمجھتا ہوں کہ اس لغات کے منظرِ عام پر آنے کے بعد طلبہ کو الفاظ کا معنوی فرق معلوم کرنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئے گی۔ مجھے امید ہے کہ ایسی کتابیں پرائمری، ہائی اسکول، کالج، ڈی ایڈ، سی ای ٹی، ٹی ای ٹی وغیرہ امتحانات لکھنے والے طلبہ کے لئے رہبر ثابت ہوں گی۔

میں جناب عبدالرحمٰن خان گوہر تریکیروی، جناب راہی فدائی، جناب محمد اقبال، سابق ایڈیٹر ادبی ایڈیشن روزنامہ سالار اور محترمہ شائستہ یوسف صاحبہ صدر محفل نساء بنگلور اور میرے فرزند پروفیسر شعیب احمد شریف صابر برنداون کالج، بنگلور کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں، جنہوں نے میری ہمت افزائی کی، مشوروں سے نوازا اور اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں میرا ساتھ دیا۔

میں جناب حافظ کلیم اللہ صاحب مرحوم کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ایک قلیل مدت میں اس کی کمپوزنگ کی۔

اس لغات کی تدوین میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ کتاب غلطیوں سے پاک ہو۔ تاہم اس میں کوئی غلطی در آئی ہو تو براہِ کرم ناچیز کو اس سے آگاہ فرمائیں۔ انشاء اللہ آئندہ ایڈیشن میں اسے درست کرلیا جائے گا۔

خادمِ اردو

(ریاض صابر)

علامات واشارات

ا	اسم
ار	اردو
انگ	انگریزی
ت	ترکی
س	سنسکرت
ع	عربی
ف	فارسی
پن	پنجابی
ق	قدیم
ہن	ہندی
(ـِـ)	زیر، کسرہ
(ـَـ)	زبر، فتح
(ـُـ)	پیش، ضمہ
(ـْـ)	جزم مطلق
(ـّـ)	تشدید
(ـٓـ)	مد
(ـًـ ـٍـ ـٌـ)	تنوین یعنی دوزبر، زیر یا پیش
(ـ)	بتِ کامل
( )	قوسین

آ

ع آبا — اب کی جمع۔ باپ دادا۔ اگلی پیڑھیاں

ع عَبا — جبہ۔ چغہ

ع آثم — گناہ گار

ع عاصم — بچا ہوا۔ محفوظ۔ بچانے والا۔ نگاہ رکھنے والا

ہن آج — جو دن گزر رہا ہو۔ وقت حاضر

ع عاج — ہاتھی دانت

ف آذر — شمسی سال کا نواں مہینہ۔ آگ

ع آزر — حضرت ابراہیمؑ کے چچا کا نام جو بت پرست، بت تراش اور بت فروش تھا

ع عاذر — عذر کرنے والا

ار آخ — کھانسنے کی آواز۔ نفرت کرنے کے لئے بولنے والا لفظ

ع عاق — ماں باپ کا نافرمان۔ سرکش

ع آخَر — اور۔ ایک اور۔ دوسرا

ع آخِر — پچھلا۔ انجام۔ ختم۔ تمام۔ قریب ختم۔ موت۔ انجام

ع عاقر — بانجھ عورت۔ بے اولاد مرد

ہن آر — لوہے کی ایک نوکیدار کیل جو کاغذ وغیرہ میں سوراخ کرنے اور چمڑا سینے کے کام آتی ہے۔ بچھو وغیرہ کا ڈنک، سوا یا ستاری

ع عار — غیرت۔ شرم۔ عیب

ع آراء — رائے کی جمع۔ مشورے۔ خیالات

ف آرا — (لاحقہ) آراستن مصدر سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے ساتھ آ کر اسے اسم فاعل بنا دیا ہے۔ معنی سجانے والا جیسے چمن آرا

ار آرا — لوہے کا دندانہ دار اوزار جس سے لکڑی چیری جاتی ہے

ہن آری — لکڑی چیرنے کا ایک اوزار۔ جوتا سینے کا سوا

ع عاری — ننگا۔ تنگ۔ مجبور۔ قاصر

ہن آسا — امید۔ بھروسہ۔ امیدوار

ف آسا — مانند۔ مثل

ہن آسا — ایک راگ جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے

ع عصا — لاٹھی۔ قلم

ہن آل — نئی پیاز کے ہرے پتے۔ گھیا۔ تری۔ نمی

ت آل — سرخ رنگ

انگ آل — کل۔ تمام۔ اردو میں یہ لفظ مجرد استعمال نہیں ہوتا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے آل پاکستان مسلم لیگ (All)

ع آل — اولاد۔ کنبہ۔ نسل

ق آلا — گھر۔ گھونسلا

ہن آلا — تر۔ ہرا زخم۔ طاق۔ لمبی چوڑی داستان

ع آلہ — اوزار۔ ہتھیار

ع اَعلیٰ — بہت بلند۔ بلند مرتبہ

ع آلام — الم کی جمع۔ رنج۔ غم

ع اَعلام — علم کی جمع جھنڈے

ہن آلی — آلا کی تانیث۔ تر۔ گیلی

ع	عالی	اونچا۔ عظیم۔ مقدس
ہن	آم	ایک مشہور پھل
ع	عام	پھیلا ہوا۔ مشہور۔ تمام۔ رواجی۔ برس۔ کثیر
ع	آمال	امل کی جمع۔ امیدیں
ع	اَعمال	عمل کی جمع۔ افعال۔ کام۔ وظائف
ع	آمِر	حکم دینے والا۔ ڈکٹیٹر
ع	عامِر	آباد۔ آباد کرنے والا
ہن	آن	عہد۔ رواج۔ ضد۔ عادت۔ آرزو۔ لاج۔ غیرت
ف	آن	شان وشوکت۔ وضع۔ غرور
ع	آن	وقت۔ لمحہ۔ ساعت
ہن	آن	آنا کا مخفف
ہن	آنا	جانا کی ضد۔ آپہنچنا۔ حاضر ہونا۔ سیکھ لینا۔ مائل ہونا
ہن	آنا	روپے کا سولھواں حصہ۔ اکنی
ہن	آنہ	آنا (سکّہ)
ع	عانَہ	ناف کے نیچے کی جگہ۔ جہاں بال ہوتے ہیں۔ شرم گاہ کے بال
انگ	آئل	تیل (Oil)
ع	عائل	فقیر۔ درویش
ہن	آیا	دایہ۔ انا۔ کلمۂ استفہام۔ کیا (اُر) آگیا
ف	آیا	(کلمۂ استفہام) کیا
ع	آیہ	آیت

ا

ع	اَب	باپ۔ ابو کا مخفف
ہن	اَب	اس وقت۔ آج کل۔ فوراً۔ پھر۔ اس حالت میں
ع	اَبّ	سبزہ۔ گھاس
ع	آبا	باپ
اُر	آبّا	باپ۔ تعظیم کے لئے جیسے چچا ابا، خالو ابا
ع	اِبا	انکار۔ پرہیز۔ اختلاف۔ نافرمان
ع	اِبتِدا	آغاز۔ انتہا کی ضد
ع	اِبتِداع	بدعت کرنا، نئی بات پیدا کرنا
ع	اِبدا	پیدا کرنا۔ وجود میں لانا
ع	اِبداع	اختراع۔ ایجاد
ف	اَبر	بادل۔ بدلی
ع	عَنبر	تعبیر کوئی گھاٹ
ع	عِنبر	گھاٹ کا محصول
ف	اَبرا	دوہرے کپڑے کی اوپری پرت۔ استر کی ضد۔ ابرہ بھی صحیح ہے
ع	اِبرا	چھٹکارا
ع	اَبصار	بصر کی جمع۔ آنکھیں۔ نظریں
ع	اِبصار	دیکھنا۔ نگاہ۔ دانائی
ع	اَبطال	بطل کی جمع۔ بہادر لوگ۔ ہیرو
ع	اِبطال	جھوٹا کرنا۔ غلط قرار دینا

ع اَبکار جمع بکر کی۔ کنواری لڑکیاں۔ اچھوتے اور نادر مضامین

ع اِبکار مہربانی۔ توجہ۔ کرم۔ اِبکار

س اَبلا کمزور عورت۔ نازک عورت

ف اَبلہ نادان۔ احمق

ع اَبناء ابن کی جمع۔ بیٹے

ع اُبنہ نام مرض

ار اَبُو پیار سے باپ کو کہتے ہیں

ع اَبُو باپ۔ صاحب۔ مالک

ہن اَبیر ابرک کا برادہ جو ہولی میں ہندو ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں

ع عَبیر ایک خوشبودار سفوف

ق اَپڑنا پہنچنا

ہن اُپڑنا جڑ سے اُکھڑنا۔ ابھرنا

ف اُتاق خیمہ۔ مکان

ت اُطاق کمرہ۔ حُجرہ۔ دالان

ع اِتباع پیروی کرنا۔ اطاعت (ات۔ت۔باع)

ع اَطِبّاء طبیب کی جمع (اَ۔طِب۔با)

ع عَتَبہ آستانہ۔ درگاہ

ہن اُتر مصدر اُترنا کا صیغۂ امر

س اُتّر شمال۔ جواب

ہن اُترانا پانی کے اوپر آنا۔ پانی کی سطح پر تیرنا

ہن اِترانا گھمنڈ کرنا

ع اَتَم کامل ترین۔ (تمام کا اسم تفضیل ہے)

س اُتّم سب سے بھلا (اُت۔تم)

ہن اِتنا اِس قدر۔ اِس درجہ۔ بہت زیادہ۔ بہت کم

ہن اُتنا اُس قدر۔ اُس درجہ۔ اُس حد تک

ہن اِتنی اِس قدر

ہن اُتنی اُس قدر (اُتنا کی تانیث)

ہن اُٹھ مصدر اٹھنا سے صیغۂ امر و حاصل مصدر

ہن اَٹھ آٹھ کا مخفف۔ مرکبات میں مستعمل ہے

ہن اَٹھا تاش کا ایک پتا جس پر کسی رنگ کے آٹھ نشان بنے ہوں۔

ہن اُٹھا اُٹھ بیٹھا

ع اَثاث اثاثہ کی جمع۔ سامان۔ سرمایہ۔ زیور

ع اَساس بنیاد

ع اِثبات ابطال کی ضد۔ ثبوت۔ قیام۔ ثبت کرنا۔ استقامت

ع اَسباط سبط کی جمع۔ پوتے پوتیاں۔ دو بیٹے۔ دو بیٹیاں

ع اَثَر سنت نبوی۔ قسم حدیث۔ تاثیر۔ نشان۔ کھنڈر۔ نتیجہ۔ آسیب کا سایہ

ہن اَسُر شیطان۔ دیو

ع عَصر روزگار۔ زمانہ۔ دن کا آخری حصہ۔ دن کی آخری نماز

ع عُسر دشواری۔ تنگی

ع اَثَری آثار قدیمہ سے متعلق۔ تاریخی

ع عَصری زمانے سے نسبت رکھنے والی کوئی شئے۔ زمانے کا۔ زمانے کی

ع اِثم گناہ۔ اخلاق یا مذہبی جرم۔ معصیت

ع اِسم نام۔ وہ کلمہ جس سے کسی شخص، جانور، جگہ یا چیز کو پہچانا جائے

ع اَصَم بہرا

ع اَثیر عالی۔ آسمان۔ ایتھر

ع اسیر قیدی

ع عَسیر مشکل۔ تنگ

ع عَصیر نچوڑ۔ انگوری شراب

ع اَجَل موت

ہن اُجَل صاف۔ سفید

ع اَجَلّ بہت بزرگ۔ بڑا ذی شان

ہن اَچار کسی پھل یا ترکاری کا مرکب جسے تیل سرکے یا پانی اور مسالے سے تیار کیا جاتا ہے۔

ق اُچار تقدیر

ہن اُچکا ڈور لپٹنے کی چرخی

ہن اُچکّا اچک کر کوئی چیز لے بھاگنے والا آدمی۔ لچا

ہن اَچکن ایک قسم کا مردانہ پہناوا۔ شیروانی

ہن اَچکن اینٹ پتھر وغیرہ کا وہ ٹکڑا جسے نیچے دے کر کسی چیز کو اونچا کرتے ہیں

ہن اَچّھا بُرا کی ضد۔ بہتر۔ ٹھیک۔ مفید

ہن اِچھا خواہش۔ تمنا۔ مرضی

ع اَحَد اکیلا۔ ایک۔ لاشریک

ع اُحُد مدینہ منورہ کے قریب ایک پہاڑی

ع عَہد وقت۔ زمانہ۔ قول وقرار۔ زمانۂ حکومت

ع اِحرام حج یا عمرہ کرنے والوں کیلئے مقررہ جگہوں سے چند جائز باتوں کا اپنے اوپر حرام کرلینا۔ حاجیوں کا بدن ڈھانکنے کے لئے دو بے سلی چادریں استعمال کرنا۔ سفر کا ارادہ۔ نیت۔

ع اَہرام ہرم کی جمع۔ پرانی چیزیں۔ فراعنۂ مصر کے مخروطی مقبرے

ع اِحمال بوجھ اٹھانا

ع اَحمال حمل کی جمع۔ ساز وسامان

ع اِہمال مہمل ہونا۔ بے پروائی۔ تاخیر

ع اِحیا زندہ کرنا

ع اَحیا حیّ کی جمع۔ زندہ لوگ۔ قبیلے

ع اَخ بھائی۔ برادر

ہن اَخ گلا صاف کرنے یا کھنکارنے کی آواز۔ تھو

ع اَخراج خرج کی جمع۔ خرچ۔ اخراجات

ع اِخراج نکاس۔ شہر بدر کرنا۔ الگ کرنا

ع اَخَسّ بڑا کنجوس

ع　اَخص　نہایت خصوصیت والا۔ خاص۔ نہایت افضل

ف　اَدا　انداز۔ رمز۔ اسلوب۔ عادت۔ انداز معشوقانہ

ع　اَدا　پورا کرنا۔ بیباق۔ دینا

ع　اِدامْ　شوربا۔ سالن

ع　اَدامْ　ہمیشہ رکھے۔ ہمیشہ زندہ رکھے

ار　اَڈلا　بڑے جانوروں کی ٹانگ کا بے ریشہ گوشت

ع　اَدِلّہ　دلیل کی جمع

ق　اُدّم　محنت۔ کوشش

ق　اُدم　کمال

ہن　اَدّھار　خوراک۔ کھانا۔ آسرا۔ وسیلہ (اَ۔ دّھار)

ہن　اُدّھار　نقد کی ضد۔ قرض (اُ۔ دّھار)

س　آدھار　بھروسا۔ سہارا

ق　اُدھان　طغیانی۔ طوفان۔ (اُ۔ دھان)

ق　اُدھان　شیوہ۔ تصویر (اُ۔ دھان)

ہن　اَدّھر　مُعلق۔ وہ چیز جو کسی پر لگی ہوئی نہ ہو

ہن　اِدّھر　اس جانب۔ پاس۔ ورے

ہن　اُدّھر　اُس جانب۔ پرے

ق　اُدّھر　لب

ع　اَدْہم　مشکی گھوڑا۔ ابراہیم ادھم (لقب بلخ کے بادشاہ کا)

ہن　اُدّھم　شوروغل۔ ہنگامہ (تلفظ: اُ۔ دّھم)

ہن　اُدھیڑ　بڑھاپے اور جوانی کے درمیان (اُ۔ دھیڑ) (یائے مجہول)

ہن　اُدھیڑ　مصدر اُدھیڑنا کا اسم کیفیت وصیغۂ امر (یائے مجہول)

ع　اَدِیم　ادھوڑی۔ چمڑا۔ سطح زمین

ع　عَدِیم　نیست۔ گم۔ ناپید

ع　اَذَل　ذلیل ترین

ع　عَزْل　موقوفی۔ برطرفی

ع　اَزَل　وہ زمانہ جس کی کوئی ابتدا نہ ہو۔ شروع۔ مبدا

ار　اَرْ　ایک قسم کی لکڑی

ف　اَرْ　حرف شرط۔ اگر

ف　اَرابہ　بیل گاڑی۔ چھکڑا

ع　عَرابہ　لمبا چھکڑا۔ گاڑی (عَر۔ را۔ بَہ)

ہن　اَرَب　سو کروڑ

ع　عَرَب　ملکِ عرب کا باشندہ۔ نام ملک۔ فصیح

ف　اَرْز　مول۔ قیمت۔ عزت۔ بزرگی

ع　اَرْض　زمین

ع　عَرَض　وہ چیز جو دوسری چیز کی وجہ سے قائم ہو۔ برعکس جوہر کے وہ بذات خود قائم ہے۔ مثلاً: رنگ اور کپڑا۔ اس میں رنگ عرض ہے اور کپڑا جوہر۔ حادثہ

ع　عَرْض　بیان۔ گزارش۔ چوڑائی۔ عرصہ۔ دفعہ۔ درمیان

ف اَرْزَن ایک غلے کا نام۔ چینا
ع عَرْضاً چوڑائی میں۔ طولاً کا نقیض (عر۔ضن)

ع اَرْضی زمینی۔ زمین کا۔ زمین سے متعلق
اُر عَرْضی تحریری درخواست۔ عریضہ

ع اَرْفَع نہایت بلند۔ عالی مرتبہ
ع عَرَفَہ ذی الحج کی نویں تاریخ جس میں حجاج عرفات میں کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں
ع عُرَفاء عارف کی جمع۔ ولی لوگ

ف اُریب آڑا۔ ترچھا (اُ۔ریب) بیائے مجہول
ع اَریب عقلمند۔ دانا (اَ۔ریب)

ہن اَڑ ضد۔ ثقالت۔ اڑنا کا اسم کیفیت وصیغۂ امر
ہن اُڑ مصدر اُڑنا کا صیغۂ امر

ہن اَڑا اَڑنا مصدر کا فعلِ ماضی۔ اڑا ہوا۔ تکلیف دہ۔ الجھا ہوا۔ ضد پر قائم
ہن اُڑا مصدر اُڑنا کا فعلِ ماضی۔ اُڑ گیا۔ نایاب

ہن اَڑان ستون
ہن اُڑان پرواز۔ اڑنا۔ چھلانگ

ہن اَڑانا پھنسانا۔ روکنا۔ ٹھہرانا
ہن اَڑّانا کراہنا
ہن اُڑانا پرواز میں لانا۔ کاٹنا۔ جدا کرنا۔ چرا کر لانا۔ جمنے نہ دینا۔ ہٹانا۔ روپیہ برباد کرنا

ہن اَڑتلا پناہ۔ سہارا۔ حیلہ

ہن اُڑتلا آسرا۔ پناہ گاہ

ہن اَڑنا سدِ راہ ہونا۔ ڈٹنا۔ الجھنا۔ ضد کرنا۔ دخل دینا۔ ٹس سے مس نہ ہونا۔
ہن اُڑنا پرواز کرنا۔ بلند ہونا۔ غائب ہونا۔ چوری ہونا۔ غرور کرنا۔ چل دینا۔ مٹنا۔ نابود ہو جانا

ف اَز (حرف جر) سے
ع عِزّ عزت، شرف۔ بزرگی
ع عَزَّ زبردست ہوا۔ اس کی بڑائی ہو۔ اس کی حمد ہو (عز۔ز)

ع اِزار پاجامہ۔ تہ بند
ع عِذار رخسار۔ چہرہ۔ رخ۔ (ع۔ذار)

ع اَذْکیا ذکی کی جمع۔ ذہین لوگ
ع اَزْکیا زکی کی جمع۔ پاک اور نیک لوگ

ع اَزَل وہ زمانہ جس کی کوئی ابتدا نہ ہو۔ شروع
ع اَذَل ذلیل ترین
ع عَزْل موقوفی۔ برطرفی

ع اَزْہار زہرہ کی جمع۔ کلیاں
ع اِزْہار چراغ جلنا۔ آگ سلگانا۔ پھول کھلنا
ع اِظْہار ظاہر کرنا۔ بیان

ع اَزْہَر نہایت چمکیلا۔ خوبصورت۔ مصر کی مشہور درسگاہ
ع اَظْہَر خوب ظاہر۔ نہایت واضح

ہن اِس (اشارہ قریب اور ضمیر حاضر) یہ۔یہی
ہن اُس (اشارہ بعید) وہ۔وہی

ہن اَسارا ریشم کا ڈور جس پر کلابتوں کا تار چڑھاتے ہیں
ہن اُسارا سائبان۔برآمدہ۔در۔آب زلال، بھگوئی ہوئی دواؤں کا نتھرا ہوا پانی
ع عُصارہ رس۔نچوڑ۔شیرہ

ع اَساس بنیاد۔جڑ
ق اُساس آہ
ع اَثاث اثاثہ کی جمع۔سامان

ع اَسْب گھوڑا
ع عَصَب پٹھا۔نس

ف اِستاد خیمے کا کھڑا ہونا۔شامیانے کی چوب ستون۔کھڑا
ف اُستاد معلّم۔تجربہ کار۔چالاک

ع اِستِوا برابری۔ہمواری۔یکساں ہونا (جغرافیہ) ایک فرضی خط (اس۔تے۔وا)
ق اُستوا دوپہر کا وقت

ہن اُسُر شیطان۔دیو
ع اَثَر سنتِ نبوی۔قسم حدیث۔تاثیر۔نشان۔کھنڈر۔نتیجہ۔آسیب کا سایہ
ع عُسْر دشواری۔تنگی
ع عَصْر روزگار۔زمانہ۔دن کا آخری حصہ۔دن کی آخری نماز

ع اَسْرار سر کی جمع۔بھید۔پوشیدہ باتیں
ع اِصْرار ہٹ۔ضد۔تاکید

ع اِسْراف فضول خرچی
ع اَصْراف صرف کی جمع۔بہت سے خرچ
ع اِصْراف صرف۔خرچ۔خرچ کرنا

ع اِسْم نام۔وہ کلمہ جس سے کسی شخص، جانور، جگہ یا چیز کو پہچانا جائے
ع اِثْم گناہ۔اخلاق یا مذہبی جرم۔معصیت
ع اَصَم بہرا

ع اَسْناد سند کی جمع
ع اِسْناد سند پیش کرنا

ع اَسِیر قیدی
ع اَثِیر عالی۔آسمان۔ایتھر
ع عَصِیر نچوڑ۔انگوری شراب
ع عَسِیر مشکل۔تنگ

س اُشا طلوع سحر۔پو پھوٹنے کا وقت

ع عَشا رات کا کھانا
ع عِشاء رات کا اندھیرا۔رات کی نماز

ع اِشْباع حرکت کو اس طرح کھینچنا کہ زبر سے الف زیر سے ی اور پیش سے واؤ کی آواز پیدا ہوجائے۔علم عروض میں حرف دخیل کی حرکت کا نام
ع اَشْباہ شبہ کی جمع۔شکلیں۔صورتیں
ع اِشْباہ مشابہ ہونا
ع اَشْباح شبح کی جمع۔شکلیں

ع عُشْبَہ — ایک بوٹی جو مصفّی خون ہے

ع اَشْفاق — شفقت کی جمع۔ مہربانیاں
ع اِشْفاق — نرمی کرنا۔ مہربانی کرنا

ع اَشْکال — شکل کی جمع۔ شکلیں
ع اِشْکال — مشکل۔ دشواری

ع اَشْہاد — شاہد کی جمع۔ گواہ
ع اِشْہاد — شہادت دینا۔ ثبوت پیش کرنا

ع اَصْباح — صبح کی جمع
ع اِصْباح — سویرا۔ صبح کرنا
ع عَصَبَہ — جسم کا پٹھا۔ عصب۔ باپ کی طرف سے اولادِ نرینہ جو اصحاب الفروض میں تقسیم کے بعد بچے ہوئے ترکے کی حقدار ہو اور اصحاب الفروض نہ ہونے کی صورت میں تمام ترکے کی وارث ہو۔

ع اِصْرار — ہٹ۔ ضد۔ تاکید
ع اَسْرار — سر کی جمع۔ بھید۔ پوشیدہ باتیں

ع اَصْراف — صرف کی جمع۔ بہت سے خرچ
ع اِصْراف — صرف۔ خرچ۔ خرچ کرنا
ع اِسْراف — فضول خرچی، بے جا خرچ

ع اَصْل — بنیاد۔ جڑ۔ سرچشمہ۔ تخم۔ خلاصہ۔ حقیقت۔ کائنات۔ نسب۔ سرمایہ۔ مقدم۔ کھرا
ع عَسَل — شہد

ع اَصَم — بہرا
ع اِسْم — نام، وہ کلمہ جس سے کسی شخص، جانور، جگہ یا چیز کو پہچانا جائے
ع اِثْم — گناہ۔ اخلاقی یا مذہبی جرم۔ معصیت

ع اَضْعاف — ضعف کی جمع۔ دگنا تگنا وغیرہ
ع اِضْعاف — دگنا کرنا، دور کرنا

ع اَضْلاع — ضلع کی جمع۔ صوبے کا حصہ
ع عَضَلَہ — جسم۔ بدن۔ بدن کا ٹکڑا

ت اُطاق — کمرہ، حجرہ، دالان
ف اُتاق — خیمہ۔ مکان

ع اَطِبّاء — طبیب کی جمع۔ وید۔ حکیم
ع اِتِّباع — پیروی کرنا۔ اطاعت

ع اَطْناب — طنب کی جمع۔ تنبو کی رسیاں
ع اِطْناب — بات کو طول دینا

ع اَطْوار — طور کی جمع۔ ڈھنگ۔ چال چلن
ہن اِتْوار — یک شنبہ

ع اِظْلال — سایہ ڈالنا
ع اَظْلال — ظِل کی جمع
ع اِضْلال — گمراہ کرنا

ع اَظْہَر — خوب ظاہر، نہایت واضح
ع اَزْہَر — نہایت چمکیلا۔ خوبصورت۔ مصر کی مشہور درسگاہ

ع اَعدَل — بہت عدل کرنے والا۔ بہت بڑا منصف
ع عادِل — منصف۔ جس کی گواہی شرعاً معتبر ہو

ع اَعراب — بدو۔ عرب کے صحرا نشین۔ گنوار
ع اِعراب — زبر زیر پیش کی علامتیں

ع اَعلام — علم کی جمع۔ جھنڈے
ع اِعلام — خبر دینا۔ جتلانا۔ کھولنا۔ پروانہ
ع آلام — الم کی جمع۔ غم۔ دکھ درد

ع اَعلَم — بہت جاننے والا
ع عالِم — بہت پڑھا لکھا۔ جاننے والا
ع عالَم — دنیا۔ زمانہ۔ مخلوق۔ قسم۔ حالت، درجہ۔ ڈھنگ۔ چال۔ لطف۔ حُسن۔ رونق۔ مانند

ع اَعلیٰ — بہت بلند۔ بلند مرتبہ
ہن آلا — تر۔ ہرا زخم۔ طاق۔ لمبی چوڑی داستان
ع آلہ — اوزار

ع اَعمام — عم کی جمع۔ چچا اور پھوپھا
ع اِمام — ہادی۔ نماز پڑھانے والا

ع اَفضال — فضل کی جمع۔ مہربانیاں
ع اِفضال — مہربانی کرنا

ف اَفہام — فہم کی جمع۔ عقلیں
ع اِفہام — سمجھنا

ع اَقارِب — اقرب کی جمع۔ رشتہ دار۔ اقربا

ع عَقارِب — عقرب کی جمع

ع اَقدام — قدم کی جمع
ع اِقدام — قدم بڑھانا۔ پیش قدمی کرنا۔ عمل۔ ارادہ

ع اَقرَب — بہت نزدیک
ع عَقرَب — بچھو۔ آسمان کا آٹھواں بُرج

ع اَقَلّ — بہت تھوڑا
ع عَقل — دانائی۔ سمجھ

ع اَکل — کھانا۔ غذا
ہن اَکل — اکیلا

ہن اَگوتا — کسی چیز کو بے ناپ تول قیمت چکا کر خرید لینا
ہن اِگوتا — ایک سوداوی مرض

س اَکھِل — تمام۔ پورا
ہن اَکھَل — بڑی اَکھلی

ہن اَگر — عود ہندی۔ قسم لکڑی جو جلانے سے خوشبو دیتی ہے
ف اَگر — (حرف شرط) جو۔ جب۔ بشرطیکہ۔ مبادا۔ بالفرض۔ اگرچہ۔ ہرچند۔ گو کہ

ہن اَگن — اگنی۔ آگ۔ ایک چھوٹا سا خوش آواز پرندہ
س اَگُن — اناڑی۔ مورکھ۔ بدسلیقہ

ع اَلا — (کلمہ تنبیہ) ہوشیار۔ خبردار

ع	اِلیٰ	تک۔ طرف
ع	اِلّا	مگر۔ لیکن۔ بجز۔ سوا
ع	علا	بلند۔ اعلیٰ۔ اوج
ع	علیٰ	پر۔ اوپر

ع	اَلِف	عربی۔ فارسی۔ اردو کے حروف تہجی کا پہلا حرف
ع	اَلف	ہزار
ع	اِلف	دوستی۔ عادی ہونا
ع	علَف	گھاس

ع	اَلَم	رنج۔ غم
ع	علَم	جھنڈا۔ نشان۔ خاص نام۔ مشہور۔ رُسوا۔ بدنام
ع	عِلم	دانائی۔ آگاہی۔ فن۔ جوہر۔ جادو۔ عمل تسخیر

ہن	اَلَل	الھڑ، کم سن۔ بے پروا
ع	عِلَل	علّت کی جمع

ہن	اُلّو	نام پرند
ع	علُوّ	بلندی

ہن	اَلیا	چھوٹا طاق (اَ۔ لی۔ یا)
ہن	اِلَیہ	اس تک۔ اُس کی طرف
ع	علیا	اعلیٰ۔ بزرگ

ہن	اَلَیل	بے دانت کا بچھڑا۔ بے پروا۔ الھڑ
ع	عَلیل	مریض۔ روگی

ق	اَم	(صوت) دودھ پیتے بچے کی زبان میں پانی کا اشارہ
ف	اِم	اس۔ مرکبات میں بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے جیسے امسال۔ امروز
ع	اُمّ	ماں
ع	عَمّ	چچا

ع	اِمارت	دولت مندی۔ سرداری۔ حکومت
ع	عِمارت	آبادی۔ بستی۔ مکان۔ محل

ار	اَماں	(کلمہ خطاب) اے۔ ارے۔ اے جی
ع	اَمّا	لیکن۔ پر۔ مگر۔ تاہم
ہن	اَمّاں	ماں۔ والدہ
ع	عَمیٰ	اندھا
ع	اَمعا	مع کی جمع۔ انتڑیاں
ع	اُمّہ	گروہ۔ اُمّت

ع	اَمانت	سپرد کی ہوئی چیز۔ تحویل۔ پیمائش کا کام۔ وہ چیز جس میں تصرف نہ کیا گیا ہو۔ امین کا عہدہ
ق	اَمانت	ہو بہو۔ مستعار
ق	اُمانت	عاجزی

ہن	اَمبَر	چادر۔ آسمان۔ بادل۔ رجبہ کی پوشاک
ع	عَنبر	سمندر کی ایک قسم کی سوکھی جھاگ جس کو جلانے سے خوشبو پیدا ہوتی ہے (عَم۔ بَر)

ع	اَمثال	مثل اور مثل کی جمع۔ کہاوتیں۔ ہم صورت
ف	اِمسال	اس سال۔ اب کے برس

ع	اَمر	حکم۔ بات۔ فعل۔ معاملہ۔ باب
ہن	اَمَر	نہ مرنے والا
ع	عُمر	خلیفۂ ثانی کا اسم مبارک
ع	عُمر	سن وسال۔ عرصۂ حیات۔ زمانہ

ع	اُمَراء	امیر کی جمع۔ دولت مند لوگ۔ معزز
ع	عُمرَہ	زمانۂ حج کے علاوہ مکہ معظمہ کی حاضری اور بیت اللہ کا طواف

ہن	اُمَس	گھمس۔ حبس۔ گھٹی ہوئی گرمی
ق	اُمَسْ	ہمیشہ۔ حوصلہ۔ حمایت
ق	اُمَس	قوت۔ امنگ

ع	اَمطار	مطر کی جمع۔ بادل
ع	اِمطار	بارش۔ مینہ برسنا

ہن	اَمَل	نشہ (سوائے شراب)
ع	اَمَل	امید۔ آرزو
ع	عَمَل	کام۔ دھندا۔ کارروائی۔ برتاؤ۔ استعمال۔ عادت۔ معمول۔ قاعدہ۔ اثر۔ حکومت۔ وقت۔ سحر

ع	اِملا	رسم الخط۔ یاد سے لکھنا۔ لکھوانا
ع	عَمَلہ	عامل کی جمع۔ اسٹاف۔ کارکن۔ مکان کا سامان (اردو میں بسکون م مستعمل ہے)

ہن	اَملی	ایک ترش پھل۔ اس کے درخت کو بھی املی کہتے ہیں
ع	عَملی	عمل سے منسوب۔ نشہ باز۔ معمولی۔ روز مرہ کے استعمال کی

ہن	اَمُوا	آم
ہن	اَمُوّا	آم کی رنگت سے مشابہ رنگ۔ ماشی۔ پیلا۔ سنہرا

اُر	اَمّی	ماں
ع	اُمّی	ان پڑھ

ع	اُمید	آرزو۔ توقع۔ حمل
ع	عَمید	سردار۔ حاکم۔

س	اَن	غلہ
س	اَن	کسی لفظ کے پہلے آ کر نفی (بغیر۔ بنا) کے معنی دیتا ہے
ہن	اِن	اس کی جمع۔ جمع اور تعظیم کے لئے بولتے ہیں۔ اشارہ قریب
ہن	اُن	اُس کی جمع۔ اشارہ بعید۔ ضمیر جمع غائب
ق	اُن	عقل
ع	عَن	سے۔ ساتھ۔ ذریعے سے۔ اس کی زبانی

ت	اَنَا	دایہ
ع	اَنَا	میں۔ ضمیر متکلم۔ واحد
ع	اَنَا	شعور۔ خودی۔ خودداری
ع	عَنا	تکلیف۔ محنت۔ تھکاوٹ۔ رنج

ع	اِناث	اُنثیٰ کی جمع۔ عورتیں
ع	اَناس	ناس کی جمع۔ بہت سے لوگ

ع	اَنام	پیدا کی ہوئی چیزیں۔ مخلوق۔ دنیا۔ موجودات
ق	اِنام	انعام کا قدیم لفظ

ع اِنعام تحفہ۔ بخشش

ع انبیا نبی کی جمع۔ رسول۔ پیغمبر (اَم۔ب۔یا)

ہن انبیا کیری۔ کچا آم جس میں جالی نہ پڑی ہو۔ چھوٹا آم (اَمب۔یا)

ہن اَنجن سرمہ۔ کاجل

انگ اِنجن مشین۔ بھاپ کی کل۔ آلہ (Engine)

ف اَندر بیچ۔ اندرون۔ باہر کی ضد

ہن اِندر چالاکی۔ دیوتاؤں کا راجہ۔ رعد۔ گرج۔ بجلی۔ فریب۔ طلسم۔ شعبدہ

ہن اَنڈا بیضہ

ق اُنڈا گہرا

ہن اَنس توانائی۔ حصہ۔ درجہ۔ منی۔ تخم

ع اِنس انسان۔ آدمی

ع اُنس محبت۔ رغبت۔ میل جول

ہن اَنگا انگرکھا۔ جامہ (نون غنہ)

ت اَنگا دایہ۔ دودھ پلانے والی (نون غنہ)

ہن اِنھوں اشارہ قریب جمع

ہن اُنھوں اشارہ بعید جمع

ہن اِنھیں اشارہ قریب جمع۔ ان کو

ہن اُنھیں دور کا اشارہ۔ اُن کو

ع اَنیس محبت رکھنے والا۔ دوست

ہن اُنّیس دس اور نو

ہن اَوٹن اُبال

ق اُوٹن اونٹنی

ہن اوٹنا بیلنا۔ روئی کو بنولوں سے جدا کرنا

ہن اُوٹنا غصے میں آنا۔ گرم ہونا (اوٹ۔نا)

ہن اَوسَر گائے بھینس جو گابھن ہونے کی عمر کو پہنچ گئی ہو

ہن اُوسَر بنجر زمین جس میں کچھ نہ پیدا ہوتا ہو

ہن اَوکھا بے ڈھنگا۔ مشکل

ہن اوکھا گھٹیا۔ چوکھا کی ضد۔ کھرے کی ضد۔ بے جا۔ بے موقع (واو مجہول)

ہن اول زمین کے اندر پیدا ہونے والی ترکاری، وہ آدمی جو ضمانت میں دیا جائے۔ ضمانت (واو مجہول)

ع اَوّل پہلا۔ پہلے۔ شروع۔ عمدہ۔ افضل

ہن اَولا بخارات کے جمے ہوئے قطرے جو برف کی شکل میں آسمان سے گرتے ہیں۔ نہایت سرد (واو مجہول۔ بروزن گولا)

ع اَولیٰ بہتر۔ اچھا (اَو۔لا)

ع اُولیٰ اوّل کی تانیث (اُو۔لا)

ہن اُونٹنی مادہ اونٹ

ہن اَونٹنی بیلن۔ کپاس بیلنے کی مشین (واو مجہول)

ع　اَہرام　ہرم کی جمع، پرانی چیزیں، فراعنۂ مصر کے مخروطی مقبرے

ع　اِحرام　حج یا عمرہ کرنے والوں کے لئے مقررہ جگہوں سے چند جائز باتوں کا اپنے اوپر حرام کر لینا۔ حاجیوں کا لباس، سفر کا ارادہ ونیت

اَر　اَیال　گھوڑے یا دوسرے جانوں کی گردن کے لمبے بال (اَ-یال)

ع　عِیال　زن وفرزند۔ متعلقین (عِ-یال) بھی صحیح ہے

اَر　اَیْں　تعجب - تنبیہ۔ اصرار اور مکرر پوچھنے پر استعمال کیا جاتا ہے

ف　اِیْں　یہ۔ اشارۂ قریب

ب

ہن　بابَر　ایک قسم کی گھاس جس سے بان بناتے ہیں

ت　بابُر　شیر ببر۔ ہندوستان کے پہلے مغل بادشاہ کا نام

ف　باج　خراج، محصول

ق　باجْ　بغیر

ع　بَعْد　پیچھے۔ آخر

ع　بُعْد　دوری۔ فاصلہ

ف　بادی　ہوا پیدا کرنے والا۔ ریحی۔ سرد۔ گھٹیا۔ شرارت۔ نقصان

ع　بادی　شروع۔ شروع کرنے والا

ہن　بادی　شریر۔ ناشی۔ پکا چور

ع　بادیہ　صحرا۔ جنگل

ف　بادیہ　بڑا پیالہ۔ بڑا کٹورا

ہن　بار　عرصہ۔ دیر۔ نوبت۔ دفعہ۔ موقع

ع　بارّ　نیکی کرنے والا

ف　بار　بوجھ۔ گرانی۔ اسباب۔ رسائی۔ مرتبہ۔ شمار۔ اجازت۔ حمل۔ قرض۔ ثمر۔ دربار۔ بزرگ۔ ناگوار۔ برسانے والا (جیسے گوہر بار)

انگ　بار　(Bar) وکیلوں کی جماعت۔ مجرم کا کٹہرا۔ شراب خانہ

ہن　بارا　وہ راگ جو پانی کا چرس کھینچتے وقت گاتے ہیں۔ ہوا۔ دس اور دو بارہ

ہن　باراہ　سور۔ گاؤں کے قریب کی زمین

ہن　بارہ　دس اور دو ۔ ۱۲

ف　بارہ　معاملہ۔ باب۔ تعلق۔ نوبت

ع　باری　پیدا کرنے والا۔ خالق

اَر　باری　موقع۔ نوبت۔ نمبر۔ وقت۔ دفعہ

ف　باز　ایک شکاری پرند (تابع فعل) دوبارہ۔ (صفت) کھیلنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے کبوتر باز۔ پتنگ باز)

ع　بَعْض　چند۔ متعدد۔ مختلف۔ کوئی

ہن　باس　بو۔ بدبو۔ خوشبو۔ علامت

انگ　باس　آقا۔ افسر (Boss)

س　بال　بالی۔ بالک۔ مو۔ رواں۔ باریک شگاف

ف　بال　پرندوں کے بازو۔ پر

زبان	لفظ	معنی
انگ	بال	(Ball) گیند۔ اُون یا سُوت کا گولا۔ مجلس رقص
ہن	بالا	بڑی بالی۔ ایک کیڑا جو گیہوں وغیرہ کے پودوں میں لگ جاتا ہے۔ بچہ (لڑکا کے ساتھ۔ لڑکے بالے)
ف	بالا	اوپر کا حصہ۔ چوٹی۔ قد وقامت۔ اونچا۔ اوپر لکھا ہوا
ہن	بالی	چھوٹی۔ کم سن۔ چھوٹی بچی۔ گندم وغیرہ کا خوشہ
س	بالی	کان میں پہننے کا چھوٹا سا حلقہ
ہن	بام	سانپ کی شکل کی مچھلی
ف	بام	چھت کے اوپر کا حصہ۔ بالا خانہ۔ بالائی منزل۔ صبح
انگ	بام	(Balm) مرہم۔ خوشبودار پانی جو بعض درختوں سے نکلتا ہے اور طبی خواص رکھتا ہے
ف	بان	اسما کے آخر میں آکر محافظ اور مالک کے معنی دیتا ہے (جیسے فیلبان۔ نگہبان۔ ہندی میں اس کا متبادل "وان" ہے۔)
ہن	بان	عادت۔ سبھاؤ۔ طور۔ جوار۔ مدّ۔ جزر اور بھاٹا کی ضد۔ ہندوؤں میں ایک رسم۔ تیز
ع	بان	ایک خوشبودار درخت جو عرب میں ہوتا ہے
اُر	بانگی	بانگ دینے والا۔ اذان دینے والا (بان۔گی)
ہن	بانگی	نمونہ (بان۔گی)
ع	بانی	بنیاد رکھنے والا۔ موجد
ہن	بانی	صدا۔ تقریر۔ کپڑے بننے کا دھاگا۔ قول
ع	باہ	قوت مردی
ہن	باہ	معاملہ۔ تعلق۔ کام
ع	باہِر	روشن۔ صاف صاف (اردو میں ظاہر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)
ہن	باہَر	بیرون۔ اندر کی ضد۔ کھلے میدان میں۔ پردیس میں
ہن	باؤلی	دیوانی
ف	باؤلی	وہ پرندہ جس کے ذریعہ پرندوں کا شکار کرنے کی مشق کرائی جاتی ہے۔ جھانسا
ہن	باؤلی	بڑا پکا کنواں جس میں سیڑھیاں بنی ہوتی ہیں۔ پاگل عورت
ہن	بائیں	بایاں کا مونث۔ اُلٹی (یائے معروف ۔با۔ایں)
ہن	بائیں	بائیں طرف۔ الٹے ہاتھ کی طرف (یائے مجہول) (با۔ایں)
ع	بَبَر	ایک قسم کا بڑا شیر جس کی گردن پر بال ہوتے ہیں
ہن	بَبَر	قسم کبوتر
ہن	بَبَر	وہ شخص جو اونٹ اور گھوڑوں کے بال کاٹتا ہے
ف	بَت	ایک قسم کی مرغابی (بط اسی کا معرب ہے)
ہن	بَت	بات کا مخفف
ہن	بِت	طاقت۔ قدرت۔ حوصلہ۔ دولت۔ شان وشوکت۔ دبدبہ۔ عمر۔ ڈیل ڈول
ہن	بُت	پانسہ پھینکنے یا چوسر کی کوڑیاں لڑھکانے کا تختہ۔ گھونسا
ف	بُت	مورتی۔ مجسمہ (مجازاً) معشوق
ع	بَط	ایک آبی جانور۔ بطخ

زبان	لفظ	معنی
ہن	بُتّا	دم۔ فریب۔ بہانہ۔ گھونسا
ہن	بِتّا	ایک ہاتھ کی چوڑائی۔ بالشت
ہن	بَتانا	کہنا۔ دکھانا۔ ظاہر کرنا۔ سمجھانا
ہن	بِتانا	گزارنا۔ بسر کرنا
ہن	بُتانا	بجھ جانا۔ خاموش ہو جانا
ہن	بَتَر	زمین کی وہ حالت جب وہ ہل چلانے کے قابل ہو جائے
ف	بَتَر	"بدتر" کا مخفف۔ نہایت بُرا
ہن	بَتَرانا	بات چیت کرنا
ہن	بِتَرانا	عیب نکالنا۔ الزام لگانا۔ جھٹلانا
ہن	بَتّی	فتیلہ۔ سوت کی ڈوری جو چراغ وغیرہ میں جلائی جاتی ہے۔ دیا
ہن	بِتّی	بچوں کا ایک کھیل۔ گول ٹھیکری۔ دوڑ
ع	بَطی	دیر کرنے والا۔ سست
ہن	بَٹاؤ	تقسیم۔ حصہ (ب۔ تا۔ او)۔ (واو مجہول)
ہن	بَٹاؤ	راہ گیر۔ مسافر (ب۔ تا۔ او)۔ (واو معروف)
ہن	بَٹنا	تقسیم ہونا۔ پریشان ہونا۔ متفرق ہونا۔ بٹنا۔ دھیان۔ وہ آلہ جس سے رسّی بٹتے ہیں
ہن	بُٹنا	ابٹنا کا مخفف۔ غازہ
ہن	بِٹنا	کسی سیال چیز کا برتن میں سے تھوڑا تھوڑا نکلنا یا بہنا
ہن	بَجا	بجانا مصدر کا صیغۂ امر

زبان	لفظ	معنی
ف	بَجا	درست۔ مناسب۔ جائز (تابع فعل) مناسب موقع پر۔ ٹھکانے پر
ہن	بَجنا	آواز نکلنا۔ مشہور ہونا۔ دلالوں کی اصطلاح میں روپیہ۔ بجنے والا
ہن	بُجنا	حیض کی گدی
ار	بَجیا	باجی کی تصغیر
ہن	بِجیا	بھنگ۔ سبزی
ہن	بَچا	باقی ماندہ
ہن	بُچّا	جس کے کان نہ ہوں۔ چھوٹے کانوں والا
ار	بَچّو	بچہ کی جمع بحالت ندا۔ (بَچ۔ چو)۔ (واو مجہول)
ہن	بَچّو	بچہ کی تصغیر۔ حقارت سے مخالف کو بھی کہتے ہیں۔ (بَچ۔ چُو)۔ (واو معروف)
ہن	بِچھا	فاصلہ۔ وقفہ۔ فرق۔ مہلت۔ درمیان۔ (بِچھ۔ چھا)
ہن	بِچھا	مصدر بچھانا کا امر۔ مصدر بچھنا کی ماضی۔ بچھا ہوا
ہن	بَچھڑا	گائے کا بچہ
ہن	بِچھڑا	بچھڑا ہوا۔ دور افتادہ۔ جدا۔ بچھڑنا مصدر کا ماضی
ہن	بَچی	چھوٹی لڑکی۔ وہ بال جو نیچے کے ہونٹ اور تھوڑی کے بیچ ہوتے ہیں۔ ڈاڑھی کا امام
ہن	بُچی	کان کٹی
ع	بِحار	بحر کی جمع۔ سمندر

ہن بہار — نام ریاست

ف بہار — پھول کھلنے کا موسم۔ بسنت۔ رُت۔ لطف۔ رونق۔ خوشی۔ شباب۔ سرسبزی۔ سیر۔ تفریح۔ سرور

ع بحر — بڑا سمندر۔ شعر کا وزن

ف بہر — کسی۔ کوئی (تابع فعل) تنہا استعمال نہیں ہوتا

ع بحل — معافی۔ قابل معافی

ہن بہل — بہلی۔ یکّے کی مانند بیلوں کی چھوٹی گاڑی

ار بخاری — باورچی خانہ یا دالان کی کوٹھڑی جو غلّے کے لئے دیوار میں بناتے ہیں۔ چمنی یا انگیٹھی جو دیوار میں بنائی جاتی ہے اور اس کا دھواں چھت پر نکالا جاتا ہے۔

ف بخاری — شہر بخارا سے منسوب۔ بخارا کا باشندہ۔ احادیث نبویہ کی ایک مشہور کتاب جو اپنے مؤلف امام بخاری کے نام سے موسوم ہے

ف بخرا — حصہ۔ بکھرا

ع بقرہ — گائے

ع بُخل — لالچ۔ حرص۔ تنگ دلی

ع بقل — سبزی۔ ترکاری

ع بُخلا — بخیل کی جمع

ع بقلہ — سبزی۔ ترکاری

ف بخیہ — ایک قسم کی مضبوط سیون جو پاس پاس ہوتی ہے۔

ع بقیہ — بچا ہوا۔ بچا کھچا

ہن بڈ — وہ پھوڑا جو جڑوں میں نکلتا ہے (ساہوکاروں کی اصطلاح) ذمہ

ف بد — بُرا۔ ناقص۔ شریر۔ نیک کی ضد

ہن بڈ — وہ گڑھا جس میں بچے کھیلتے وقت گولی وغیرہ پھینکتے ہیں

ہن بدا — طے شدہ۔ مقررہ۔ قسمت میں لکھا ہوا

ہن بدا — رخصت۔ جدائی

ع بدر — چودھویں رات کا چاند

ف بدر — باہر۔ بیرون۔ غلطی

ار بڈری — چھوٹی تھیلی

ہن بدری — جست کے برتن پر چاندی کا کام (یہ کام بیدر شہر سے شروع ہوا اس لئے بیدری یا بدری کے نام سے مشہور ہوگیا)

ہن بدکنا — ڈر کر چونکنا۔ ڈرنا

ہن بُدکنا — اچھلنا

ع بدو — کسی چیز کا آغاز۔ ابتدا۔ جنگل۔ صحرا

ع بدو — بدوی۔ عرب کے خانہ بدوش لوگ۔ اردو میں دال پر تشدید کے ساتھ مستعمل ہے

س بدھ — قتل

ہن بدھ — اچھے ستاروں کا ملنا۔ جوڑ۔ میزان

ہن بدھ — مرد دانا۔ سیارہ عطارد۔ چہار شنبہ

ہن بدھنا — لوٹا۔ ٹونٹی والا برتن (بدھ۔نا)

ہن بِدھنا — پھنسنا۔ پیوست ہو جانا۔ سوراخ ہونا۔ (بِد۔ ھ۔ نا)

ہن بَدّھی — پھولوں کا ہار۔ تلوار کا آڑا زخم۔ پٹکا۔ گلے کا زیور۔ استرا تیز کرنے کا چمڑا (بِد۔ ھ۔ دِی)

ہن بُدّھی — عقل۔ فہم۔ گیان (بُد۔ ھ۔ دِی)

ف بَدِیْ — بُرائی۔ بدخواہی۔ غیبت

ع بَدِیع — بنانے والا۔ موجد۔ نادر۔ ایک علم جس میں کلام کی لفظی اور معنوی خوبیاں بیان کی جاتی ہیں

ہن بَدّھا — لمبا۔ چوڑا۔ کھائی (بَ۔ ڈھا)

ہن بُڈّھا — بوڑھا (بُڈ۔ ڈھا)

ہن بَر — چناؤ۔ پسند۔ پتی۔ منگیتر۔ تمنا۔ دعا۔ برکت

ف بَر — اوپر۔ پر۔ باہر۔ یاد (حفظ) از کے ساتھ۔ بلند۔ چھاتی۔ سینہ۔ اُٹھانے والا۔ لے جانے والا

ع بِرّ — نیکی۔ بخشش۔

ہن بُر — عورت کی اندام نہانی۔ کپڑے کے اوپر کا رواں

ع بَرّ — خشکی۔ جنگل۔ بیابان

ف بَرات — حصہ۔ فرمان۔ وہ تحریر جس کے ذریعہ تنخواہ ملے

ہن بَرات — دولہا کی سواری کا جلوس۔ انبوہ۔ گنجفہ کی ایک بازی کا نام

ع بَرّاق — چمکدار۔ بجلی کی طرح تیز رفتار۔ ہوشیار۔ صاف شفاف

ع بُراق — وہ بہشتی چوپایہ جس پر سوار ہو کر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج کو آسمان پر تشریف لے گئے تھے۔ تعزیہ جس کا دھڑ گھوڑے کا اور چہرہ آدمی کا سا ہے۔

ہن بَرَت — ہندوؤں کا روزہ

ہن بَرَٹ — قسم بیماری۔ کنویں کا پانی نکالنے کی رسّی۔ بدھی

س بَرَٹ — معیشت۔ وجہ معاش۔ آمدنی۔ جائداد۔ معافی زمین۔ ورثہ۔ انعام۔ پرورش کرنے والا

انگ بِرج — (Bridge) پُل

ع بُرج — گنبد۔ راس یعنی ستارے کا مقام۔ دائرہ آسمان کا نظری طور پر بارھواں حصہ

ہن بِرَج — میتھرا کا علاقہ جس میں متھرا۔ گوکل اور بندرابن شامل ہیں

ع بَرْد — سردی جاڑے کا موسم۔ ٹھنڈک

ع بُرْد — ایک قسم کی چادر یا کملی

ف بُرْد — لے جانے یا اٹھانے کا عمل۔ نفع۔ بالائی آمدنی۔ شرط

ہن بَرَس — سال۔ بارہ مہینے کی مدت

ع بَرَصْ — سفید کوڑھ

ہن بَرسی — مردے کے سال پورا ہونے کی فاتحہ خوانی

ہن بُرسی — آگ جلانے کا مٹی کا برتن۔ سنار کی انگیٹھی

انگ بُرش — (Brush) موقلم۔ کونچی۔ دانت وغیرہ صاف کرنے کا آلہ (اردو میں بضم اوّل مستعمل ہے)

ف	بَرِش	تیز۔ کاٹ
ہن	بَرْمانا	برمے سے سوراخ کرنا۔ چھیدنا
ہن	بَرْمانا	تابع کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا
ف	بِرِنج	چاول (ب۔ رِنج۔ ب۔ رَنج) نون غنہ
ع	بِرَنج	فارسی پرنگ کا معرب۔ پیتل۔ تانبا (ب۔ رنج۔ بِرَنج)
ہن	بَرْوا	خراب قسم کی ریتلی زمین
ہن	بَرْوا	پودا۔ درخت۔ بچہ۔ کم عمر لڑکا
ف	بَرَّہ	بھیڑ یا بکری کا چھوٹا بچہ۔ بزغالہ
ہن	بِرَہ	ہجر۔ فراق۔ جدائی کا گیت
ہن	بَرْہا	رسّی۔ دھاگا۔ پانی کی نالی۔ گاؤں کی زمین جو دور ہو۔ چوپایوں کے چرنے کی زمین
ہن	بِرْہا	برہ۔ جدائی
س	بَرَہم	رب الارباب۔ خالق کائنات (ب۔ رَہم)
ف	بَرْہم	رنجیدہ۔ خفا۔ ناراض (بَر۔ ہم)
ہن	بَرِی	ساچق کا سامان۔ میوہ۔ پارچہ جات وغیرہ (ب۔ ری)
ع	بَری	آزاد۔ بے گناہ۔ پاک۔ فارغ (ب۔ ری)
ع	بَرّی	خشکی کا۔ زمین سے متعلق (بر۔ ری)
ہن	بری	ہاتھی کو ہانکنے کا حکم جو فیلبان دیتے ہیں (ب۔ ری)
ہن	بُری	بُرا کی تانیث (بُ۔ ری)
ہن	بَرَہیَت	وہ نشان جو کسی لچکیلی چیز کی مار سے جسم پر پڑ جائے
ہن	بَرِہیَت	چرس کھینچنے کی موٹی رسّی (ب۔ ریت)
ع	بَرِیَّت	رہائی۔ نجات (ب۔ ری۔ یت)
ف	بُرِید	فارسی مصدر بریدن کا اسم کیفیت۔ کاٹ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً قطع و برید
ع	بَرِید	قاصد۔ ہرکارہ۔ ڈاک
ہن	بَڑ	برگد۔ بکواس۔ مجنونانہ باتیں
ہن	بَڑ	بڑا کا مخفف جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بڑبولا
ہن	بَڑانا	دخول کرنا۔ گھسانا۔ دھکیلنا۔ (ب۔ ڑا۔ نا)
ہن	بَڑانا	سونے میں بڑبڑ کرنا۔ بکنا۔ غل مچانا۔ (بڑ۔ ڑا۔ نا)
ہن	بڑھیا	اعلیٰ درجے کا۔ بہت عمدہ
ہن	بُڑھیا	بوڑھی۔ کہن سالہ
ان	بَس	(Bus) چار پہیوں والی موٹر گاڑی
ہن	بَس	قابو۔ زور۔ اختیار
ف	بَس	کافی۔ بہت۔ صرف۔ چپ رہو
ف	بَس	(متعلق فعل) کثرت سے۔ موقوف۔ ختم۔ ٹھہرو۔ فقط۔ تمام۔ اور نہیں
ہن	وِس	زہر۔ کھوٹ۔ جھگڑا۔ شریر
ہن	بَسانا	آباد کرنا

زبان	لفظ	معنی
ہن	بِسانا	خریدنا۔ حاصل کرنا
ف	بَست	اسباب۔ تنہا مستعمل نہیں۔ چیز بست کہتے ہیں
ف	بَست	بستہ کا مخفف۔ بندھا ہوا۔ بند۔ جما ہوا
ف	بِست	بیس۔ ۲۰
ع	بَسط	فراخی۔ تشریح۔ وضاحت
ہن	بَستر	لباس۔ کپڑے۔ اسباب
ف	بِستر	بچھونا۔ فرش
ف	بَسَر	گزر۔ گزارنا
ع	بَصَر	نظر۔ بینائی۔ (مجازاً) آنکھ
ہن	بِسَر	بھول
ہن	بَسنا	رہنا۔ آباد ہونا۔ ٹھہرنا
ہن	بَسنا	سڑنا۔ بدبودار۔ باس دینا
ہن	بَسنی	تھیلی
ہن	بِسنی	آوارہ مرد۔ آوارہ عورت
ع	بَسیط	کشادہ۔ غیر مرکب۔ عروض کی ایک بحر
ہن	بَسیت	گاؤں کا چودھری۔ مقدم
ع	بَشَرہ	چہرہ۔ حلیہ
ع	بُشریٰ	خوشخبری۔ بشارت
ع	بَصَر	نظر۔ بینائی (مجازاً) آنکھ
ف	بَسَر	گزر۔ گزارنا

زبان	لفظ	معنی
ہن	بِسَر	بھول
ع	بَط	ایک آبی جانور۔ بطخ
ف	بَت	بطا اسی کا معرب ہے
ہن	بَت	بات کا مخفف
ہن	بِت	طاقت۔ قدرت۔ حوصلہ۔ دولت۔ شان وشوکت۔ دبدبہ۔ عمر۔ ڈیل ڈول
ہن	بُت	پانسہ پھینکنے یا چوسر کی کوڑیاں لڑھکانے کا تختہ۔ گھونسا
ف	بُت	مورتی۔ مجسمہ (مجازاً) معشوق
ع	بَعد	پیچھے۔ آخر
ع	بُعد	دوری۔ فاصلہ
ف	باد	ہوا
ع	بَعض	چند۔ مختلف۔ متعدد۔ کوئی
ف	باز	ایک شکاری پرندہ (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے کبوتر باز، پتنگ باز
ع	بَقَرہ	گائے
ف	بَخرہ	حصہ۔ ٹکڑا
ع	بَقل	سبزی۔ ترکاری
ع	بُخل	لالچ۔ حرص۔ تنگ دلی
ہن	بَک	بڑ۔ بکواس۔ فضول گوئی
انگ	بُک	(Book) کتاب۔ بیاض
ع	بُکا	چیخ وپکار۔ فریاد۔ دہائی

زبان	لفظ	معنی
ہن	بُکّا	مٹھی۔ لپ
ار	بکر	بکرا کا مخفف
ع	بِکر	دوشیزگی۔ ہر نیا کام۔ غیر مستعمل چیز جو کام نہ آئی ہو
ہن	بکری	بکرا کی مادہ (مجازاً) غریب۔ مسکین طبع
ہن	بِکری	فروخت۔ حاصل فروخت
ہن	بکل	چھلکا۔ چھال
ہن	بُکل	ستر پوشی (دوپٹے یا چادر سے)
ہن	بکنا	بکواس کرنا۔ بک بک کرنا
ہن	بِکنا	فروخت ہونا۔ غلام ہونا
ہن	بکی	بکواس
ہن	بُکی	مٹھی۔ دوستی۔ بُکل۔ وہ کپڑا جو بغل کے نیچے سے کندھے پر لاکر باندھ دیتے ہیں
ہن	بگوا	دھوکا۔ جھگڑا۔ فساد
ہن	بگڑا	خراب شدہ۔ ناقص۔ ناکارہ
س	بَل	زور۔ پیچ و تاب۔ مروڑ۔ ٹیڑھا۔ سَت۔ دوری۔ غرور۔ فدیہ۔ بغض۔ رنجش
ہن	بِل	سوراخ۔ حشرات الارض کے رہنے کا سوراخ
انگ	بِل	(Bill) فرد حساب۔ مسودہ قانون۔ ہنڈی۔ چھوٹے چھوٹے اشتہار جو چسپاں کیے جائیں یا بانٹے جائیں
ع	بلا	سختی۔ مصیبت۔ دکھ۔ آفت۔ ڈائن۔ چست و چالاک۔ خوفناک۔ بہت
ہن	بَلّا	ڈنڈا۔ تھاپی۔ کرکٹ اور ٹینس وغیرہ کھیلنے کا آلہ
ہن	بِلّا	بل کی تصغیر۔ چھوٹا سوراخ
ار	بِلا	بغیر۔ سوا۔ بن (یہ کلمہ اردو والوں کا بنایا ہوا ہے۔ اکثر فصحا نے اس سے احتراز کیا ہے)
ہن	بِلّا	بلی کا نر
ہن	بُلّا	بلبلا
ہن	بلکانا	تڑپنا۔ زار و قطار رونا
ہن	بُلانا	طلب کرنا۔ پکارنا
ہن	بلبلانا	اونٹ کا آواز نکالنا۔ مستی میں بکنا
ہن	بِلبلانا	تڑپنا۔ بے حد مشتاق ہونا۔ گڑگڑانا
ہن	بلم	خاوند۔ عاشق
ہن	بَلَم	بھالا۔ عصا۔ نشان۔ بڑی لاٹھی۔ شوہر۔ مالک۔ معشوق
ہن	بلی	طاقتور۔ بل والا
ہن	بَلّی	لمبا بانس۔ ناؤ کھینے کا بانس
ہن	بِلّی	ایک چھوٹا سا جانور۔ کواڑوں کے دونوں پٹ بند کرنے کی چھوٹی لکڑی
ف	بَم	راگ یا باجے کی اونچی آواز۔ آواز کا چڑھاؤ
ہن	بَم	چشمہ۔ شور۔ نقارہ۔ بگی کا بانس جس میں گھوڑا جوتا جاتا ہے
انگ	بَم	(Bomb) کا موزد۔ بم کا گولا
ہن	بَن	جنگل۔ صحرا۔ باڑی۔ کپاس کا پودا
ہن	بَن	بننا مصدر کا صیغہ امر

ع	بِن	بیٹا۔ ابن کا مخفف
ہن	بِن	سوا۔ بغیر
ع	بُن	قہوہ۔ کافی
ف	بُن	جڑ۔ بنیاد۔ نوک۔ سرا
ہن	بنا	مرکب۔ تیار۔ بنا ہوا۔ طے شدہ۔ نقلی۔ بے بنیاد۔ خیالی
ہن	بنا	دولہا۔ پیارا
ہن	بِنا	بن۔ بغیر۔ بجز
ہن	بِنا	بنیاد۔ اصل۔ سبب۔ شروع
ہن	بناوٹ	ساخت۔ تکلف۔ دکھلاوا۔ جھوٹ۔ جعل سازی۔ شکل۔ کاریگری
ہن	بُناوٹ	بنائی۔ بننے کا کام
ہن	بَنَت	ایک طرح کی توئی جس میں گھوکھرو، سلما ستارا لگا ہوتا ہے
ع	بِنت	لڑکی۔ بیٹی
ف	بَند	جوڑ۔ عضو۔ گانٹھ۔ پشتہ۔ مینڈھ۔ سہارا۔ بندش۔ ڈورا۔ قید۔ ٹیپ کا مصرعہ یا شعر۔ رو کا گیا۔ پژمردہ۔ گھرا ہوا۔ خاموش (نون غنہ)
انگ	بَند	(Bun) کا موزر۔ ایک قسم کا انگریزی کلچہ۔ قسم ڈبل روٹی
ہن	بِند	صفر۔ نقطہ (نون غنہ)
ہن	بَندا	قسم بیل، اناج کا گودام (نون غنہ)
ہن	بِندا	قشقہ۔ وہ ٹیکا جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں۔ (نون غنہ)
ہن	بُندا	کان کا ایک زیور۔ گوشوارہ (نون غنہ)

ف	بَندہ	غلام۔ نوکر۔ خاکسار۔ انسان (نون غنہ)
ہن	بَندر	بوزنہ (نون غنہ)
ف	بَندر	بندرگاہ۔ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ
ہن	بَندلی	قسم چاول
ہن	بِندلی	شیشے کا گول ٹکڑا جسے ہندو عورتیں پیشانی پر لگاتی ہیں
ہن	بَندھنا	گرہ لگنا۔ پابند ہونا۔ قید ہونا۔ تقرر ہونا۔ شادی ہو جانا۔ (بند۔ ھ۔ نا)
ہن	بِندھنا	سوراخ ہونا۔ چھدنا۔ پرویا جانا (بند۔ ھ۔ نا)
ار	بَندی	لونڈی۔ عاجز۔ خادمہ (نون غنہ)
ف	بَندی	قیدی۔ (نون غنہ)
ہن	بَندی	قیدی۔ (نون غنہ)
ہن	بَندی	روک۔ ممانعت۔ نام زیور
ہن	بِندی	صفر۔ نقطہ۔ نشان۔ چھوٹا سا ٹیکا۔ تلک
ہن	بَنڈا	قسم ترکاری۔ نصف۔ دم کٹا (نون غنہ)
ہن	بِنڈا	لکڑیوں کا گٹھا۔ گھاس پھونس کا گٹھا
ہن	بَنگلا	بنگال کا پان۔ چھپر کا چوبی دار مکان۔ کوٹھی (بنگ۔ لا)۔ (نون غنہ)
انگ	بنگلہ	(Bungalow) انگریزی طرز کا مکان
ہن	بَنّنا	درست ہونا۔ تعمیر ہونا۔ تہذیب سیکھنا۔ احمق بننا۔ سنورنا۔ ٹھننا۔ مشکل پیش آنا
ہن	بُننا	دھاگوں کو ترتیب سے لگا کر کپڑا، بنیان وغیرہ تیار کرنا

ہن بَنوانا تیار کرانا۔ درست کرانا۔ کھانا پکوانا

ہن بُنوانا کپڑوں وغیرہ کے تاروں کو اکٹھا کرانا۔ گندھوانا

ہن بَنوائی بنوانے کی اُجرت

ہن بُنوائی بُننے کی اُجرت

ہن بَنی دُلھن۔ خوش اقبالی۔ میل جول۔ بنی ہوئی تیار

ع بَنی بنین کا مخفف۔ بیٹے۔ اولاد۔ نسل

اُر بَنیان ایک خاص لباس جو کرتے کے نیچے پہنا جاتا ہے

ع بُنیان عمارت۔ بنیاد۔ جیسے انسان ضعیف البنیان ہے

ف بُو باس۔ مہک۔ خوشبو۔ بدبو۔ خبر۔ بھنک۔ راز۔ آن بان۔ اثر۔ شک کی جگہ (واؤ معروف و مجہول)

ع بُو ابو کا مخفف۔ باپ (واؤ معروف)

ہن بُوائی بیج بونے کا موسم۔ بجائی

ہن بِوائی وہ شگاف جو سردی کی وجہ سے پاؤں کی ایڑی میں ہو جاتا ہے اور تکلیف دیتا ہے

ہن بوتا درخت کا تنہ۔ حقّے کی نالی (واؤ مجہول)

ہن بُوتا طاقت۔ زور۔ مقدور۔ حیثیت

ہن بُوٹ کچے سبز چنے

انگ بُوٹ (Boot) انگریزی جوتا

انگ بوٹ (Boat) کشتی۔ ناؤ

ہن بوٹ پرندوں کا بے بال و پر بچہ۔ بڑا مٹی کا برتن جس میں ہندو گنگا جل لاتے ہیں (واؤ مجہول)

ہن بوٹا گوشت کی بڑی بوٹی۔ شہتیر کا ٹکڑا (واؤ مجہول)

ہن بُوٹا پودا۔ گلکاری۔ جھاڑ۔ پھول پتی

ہن بوٹی گوشت کا ٹکڑا (واؤ مجہول)

ہن بُوٹی جڑی۔ گھاس پودا۔ دوا۔ چھوٹا پھول (واؤ معروف)

ہن بوجھ وزن۔ گٹھڑی۔ پاسنگ۔ فکر۔ خیال۔ مشکل۔ حصہ (واؤ مجہول)

ہن بُوجھ سمجھ۔ دانش۔ تمیز۔ ادراک (واؤ معروف)

ہن بُوچا کیکر کی چھال کا وہ برادہ جو ادھوڑی رنگنے کے بعد رہ جاتا ہے۔ کن کٹا۔ بے شرم (واؤ معروف)

ہن بوچا تام جھام۔ امیروں کی ایک سواری جسے کمہار اٹھاتے تھے۔ (واؤ مجہول)

ہن بُور بہ افراط خیرات کرنا۔ نچھاور۔ بھوسی۔ خرابی

انگ بور (Bore) وبال جان۔ بیزار کرنے والا

ہن بُور آم کا پھول۔ پھندا۔ گھات

ہن بورا تھیلا۔ بڑی بوری (واؤ مجہول)

ہن بُورا باؤلا۔ پاگل

ہن بُورا سفید شکر۔ چینی۔ پوڈر (واؤ معروف)

ہن بُوری باؤلی۔ دیوانی۔ بھنے اور صاف کیے ہوئے جَو

ہن بوری — چھوٹا بورا۔ ٹاٹ کا بورا جس میں غلہ رکھتے ہیں۔ (واو مجہول)

ہن بُوڑی — کوڑی کا بیسواں حصہ۔ زمین کا ایک ناپ ۔ (بُو۔ ڑی)

ہن بوڑی — نیزے کی نوک۔ (بو۔ ڑی)

ع بَول — پیشاب

ہن بول — بات۔ سخن۔ حکم۔ طعن و تشنیع۔ گیت کا ٹکڑا۔ بولنا مصدر کا صیغہ امر (واو مجہول)

ہن بَونا — پست قد

ہن بونا — تخم ریزی کرنا۔ بوائی کرنا (واو مجہول)

ہن بَونگا — بے وقوف۔ بے موقع اور بے محل بات کرنے والا۔ (بَوں۔ گا)

ہن بونگا — بھس کا مخروطی ڈھیر۔ کھوکھلا بانس (واو مجہول)

ہن بونی — بیج بونے کا موسم۔ کھیت میں بیج بونے کا کام۔ (واو مجہول)

ہن بَونی — بَونا کی تانیث

ہن بَہ — بہنا مصدر کا صیغہ امر

ہن بہ — عورتوں کے کان یا ناک کا چھید

ف بہ — بہتر۔ عمدہ

ف بَہار — پھول کھلنے کا موسم۔ نارنج کا پھول۔ لطف۔ خوشی۔ سرسبزی۔ سیر۔ سرور۔ ایک راگنی

ع بحار — بحر کی جمع

ہن بُہارن — بھاڑن۔ بُہاری

ہن بہارَن — ہندوستانی صوبہ بہار کی عورت۔ بہاری کی تانیث

ف بَہاری — موسم بہار سے متعلق

ہن بُہاری — جھاڑن۔ جھاڑو

ہن بہاری — ہندوستان کے صوبہ بہار سے منسوب۔ بہار کا باشندہ۔ قسم رنگ۔ قسم لیموں

ہن بہانا — لنڈھانا۔ پانی گرانا۔ پانی بہانا۔ ضائع کرنا

ف بَہانہ — حیلہ۔ ٹال مٹول۔ فریب۔ سبب۔ وسیلہ۔ موقع

ف بَہائی — مرزا حسین علی نوری عرف بہاءاللہ (ایرانی) کے مذہب کا پیرو۔ اس مذہب سے متعلق

ہن بہائی — وہ روح یا فرشتہ جو بچوں کو سوتے میں ہنساتا یا رلاتا ہے۔ ایک مخصوص گیت

ف بہتر — اعلیٰ۔ عمدہ۔ زیادہ اچھا

ہن بَہتّر — ستر اور دو ۔۷۲۔ اظہار کثرت کے لئے ۔ (بَ۔ ہَت۔ تر)

ہن بَہرا — وہ شخص جو سن نہ سکے

ف بَہرہ — نصیب۔ حصہ۔ دلیری۔ حوصلہ

ہن بَہری — ایک شکاری پرند۔ وہ عورت جس کی قوت سماعت جاتی رہے

ہن بَحری — بحر سے منسوب۔ سمندری

ہن بَہریا — بہو کی تصغیر۔ بیٹے کی بیوی۔ لونڈی کے بیٹے کی جورو۔ (بَ۔ ہُر۔ یا)

ع بَحریہ — جنگی جہازوں کا بیڑا۔ بحری فوج

ہن بَھل — سہارے۔ ذریعے۔ زور
ق بَھل — بھول

ہن بَہلا — بانجھ گائے بکری وغیرہ
ف بَہلَہ — نقدی اور کاغذات رکھنے کا بڑا بٹوا۔ چمڑے کا دستانہ جو شکاری لوگ پہن کر اس پر باز وغیرہ بٹھاتے ہیں

ہن بَہلیا — بہل یا بہلی ہانکنے والا۔ (بہ۔ ل۔ یا)
ہن بَہلیا — پرندوں کا شکاری۔ مسلّح۔ (بَ۔ ہل۔ یا)

ہن بَہَن — خواہر۔ باجی۔ سہیلی۔ (بَ۔ ہَن۔ بہن)
ہن بَہَن — بیج جسے کاشت کار بوتے ہیں۔ (بَ۔ ہَن)

ہن بَہنا — جاری ہونا۔ پھیل جانا۔ پگھلنا۔ برباد ہونا۔ پریشان ہونا۔ بہن کی تصغیر
ہن پہُنا — مذاف۔ دُھنا

ہن بَہی — وہ رجسٹر جس میں حساب وغیرہ لکھتے ہیں۔ روزنامچہ۔ (بَ۔ ہی)
ف بِہی — ایک پھل کا نام جو ناشپاتی سے مشابہ ہے۔ (بِ۔ ہی)

ہن بھاگ — بھاگنا مصدر کا امر۔ چلے جاؤ
ہن بھاگ — حصہ۔ قسمت۔ ورثہ محصول۔ تقسیم۔ خوش نصیبی

ہن بھانجی — بہن کی بیٹی۔ (بھان۔ جی)
ہن بھانجی — روک۔ آڑ۔ برائی۔ چغلی (بھاں۔ جی) (نون غنہ)

ہن بھٹّا — اینٹ یا چونا پکانے کی بھٹی
ہن بھٹّا — جوار مکی وغیرہ کی بالی۔ بٹا

ہن بھُٹنا — کسی چیز پر رنگ یا میل کا چھا جانا۔ آلودہ ہونا
ہن بھِٹنا — بھڑنا۔ آمنا سامنا ہونا۔ چھو جانا۔ پلید ہونا

ہن بھَرا — بھرا ہوا۔ موٹا تازہ۔ بوجھ۔ گولی۔ بارود۔ موجود۔ آباد
ہن بھَڑا — ترغیب۔ تحریک۔ دھوکا
ہن بھَڑا — نہایت کالا۔ بھونرا کا مخفف

ہن بھَرانا — پرندوں کا بچوں کو چوگا دینا۔ کھلانا
ہن بھَرّانا — گلا بیٹھ جانا
ہن بھُرّانا — پرندوں کو اڑانے کی آواز نکالنا

ہن بھَڑ بھَڑانا — سوجنا۔ تمتمانا
ہن بھَڑ بھَڑانا — خستہ کرنا۔ بکھیرنا۔ بکھرنا۔ ولولہ پیدا کرنا۔ جوش دلانا۔ دل کا گدگدانا

ہن بھَڑ بھَڑی — سوجن۔ بھراہٹ
ہن بھَڑ بھَڑی — بھڑ بھڑا کی تانیث۔ خستہ۔ امنگ۔ طبیعت کا متوجہ ہونا

ہن بھَرَت — ایک مرکب دھات کا نام
ہن بھَرَت — بھرتی کی چیز۔ اسباب۔ بوجھ کی گاڑی۔ جگہ۔ روانگی کا محصول۔ رام چندر جی کے چھوٹے بھائی کا نام

ہن بھَڑ — کسی چیز کے پھٹنے کی آواز

ہن | بھڑ | زنبور
ہن | بھس | راکھ۔ خاکستر۔ خاک (مجازاً) ہیچ
ہن | بُھس | بھوسی۔ اناج کا چھلکا۔ بھوسا
ہن | بھسکو | بہت کھانے والا مرد۔ پیٹو (واو معروف)
ہن | بھسکو | بہت کھانے والی۔ پیٹو عورت (واو مجہول)
ہن | بھک | اڑ جانے والی چیز۔ بھکارا
ہن | بِھک | بھیک کا مخفف
ہن | بُھک | بھوک کا مخفف
ہن | بھگا | وہ جانور جو لڑائی میں اپنے مقابل سے بھاگ گیا ہو
ہن | بھُگا | بیوقوف۔ ناتجربہ کار۔ برادہ۔ سفوف
ہن | بھگتی | پارسائی۔ عبادت۔
ہن | بھگتی | ناچنے والا۔ رقاص
ہن | بُہل | سواری کی بیلوں کی گاڑی۔ بہلی (ب۔ بل)
ہن | بحِل | معافی۔ درگزر (صفت) قابل معافی۔ (ب۔ حل)
ہن | بھل | سہارے۔ ذریعے۔ بل۔ طاقت
ق | بھل | بھول
ہن | بھلا | عمدہ۔ اچھا۔ مناسب
ہن | بھلا | ہندوؤں کی ایک ذات

ہن | بھل بھل | پانی کے بکثرت گرنے کی آواز۔ دھار
ہن | بُھل بھل | بھوبل۔ جلی ہوئی راکھ
ہن | بھلبھلانا | بہنا۔ پانی وغیرہ کا بکثرت گرنا
ہن | بھلبھلانا | بھوبل یا بھاڑ میں کسی چیز کو بھوننا۔ نیم برشت کرنا
ہن | بھنانا | سر چکرانا۔ طیش میں آنا۔ پریشان ہونا۔ مکھیوں کا ہجوم ہونا۔ عاجز ہونا
ہن | بھنانا | بریاں کرانا۔ روپیہ پیسہ تڑوانا
ہن | بھنڈ | تباہی۔ (نون غنہ)
ہن | بھنڈ | سوکھے ہوئے تمباکو کا ڈلا۔ ایک قسم کا شہ۔ (نون غنہ)
ہن | بھنگی | بھنگ پینے والا۔ خاکروب
ہن | بِھنگی | قسم لنو
ہن | بھو | ڈر۔ خوف۔ دہشت
ہن | بھو | دھرتی۔ بھومی (واو معروف)
ہن | بھولا | وہ جو بھول جائے۔ غافل۔ فراموش۔ گم شدہ۔ (واو معروف)
ہن | بھولا | سیدھا۔ ناتجربہ کار۔ تمیز نہ رکھنے والا (واو مجہول)
ہن | بھون | بھوننا مصدر کا صیغہ امر
س | بھَون | مقام۔ گھر۔ دیوی کا استھان
ہن | بھونکنا | کتے کا چلانا۔ بھوں بھوں کرنا (نون غنہ)

ہن	بھونکنا	گھونپنا۔ چھیدنا۔ موٹی موٹی سلائی۔ (واو مجہول۔ نون غنہ)
ہن	بھیڑ	انبوہ۔ ہجوم۔ آفت۔ (ی معروف)
ہن	بھیڑ	مینڈھے کی مونث۔ بھیڑی (مجازاً) سیدھا سادہ مسکین آدمی۔ (ی۔ مجہول)
ہن	بھینا	بہن کی تصغیر۔ (بھیں۔ نا)
ہن	بھِینا	ہلکا۔ (بھی۔ نا)
ہن	بے	(حرف ندا وتخاطب) ابے کا مخفف۔ ارے۔ اجی
ہن	بے	(حرف نفی) بغیر۔ بن۔ سوا
ع	بَیت	گھر۔ حویلی
ع	بَیت	ایک وزن کے دو مصرعے۔ شعر
انگ	بیٹ	(Bat) بلا۔ کرکٹ وغیرہ کھیلنے کا آلہ
ہن	بِیٹ	پرندوں کا گوہ۔ قسم نمک
انگ	بیج	(Badge) نشان
ہن	بیج	تخم۔ اصل و بنیاد
انگ	بیچ	(Batch) جتھا
ہن	بیچ	درمیان میں۔ اندر۔ وسط۔ قلب۔ ناف۔ دوری فرق۔ تفاوت۔ مرکز۔ (یائے معروف)
ار	بیچ	مصدر بیچنا کا صیغہ امر۔ بکری (یائے مجہول)
ہن	بیچا	بیچنے والا۔ بیچنے کا ارادہ رکھنے والا (بے۔ چا)

ار	بیچا	ڈراونی شکل کا کاغذی چہرہ جسے بچے منہ پر رکھ کر ڈراتے ہیں۔ (بی۔ چا)
ہن	بَید	وید۔ طبیب
ہن	بید	ہندوؤں کی مقدس کتاب۔ وید (ی مجہول)
ف	بید	ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں نہایت لچکدار ہوتی ہیں۔ (ی۔ مجہول)
ہن	بَیر	دشمنی۔ بغض۔ بدلہ۔ معاوضہ
ہن	بِیر	ویر۔ سورما۔ بھائی برادر
ہن	بیر	ایک قسم کا پھل۔ بیری کے درخت کا پھل (ی۔ مجہول)
ہن	بیرا	بھائی۔ عزیز (بی۔ را)
انگ	بَیرا	(Bearer) کا مورّد، خدمت گار (بے۔ را)
انگ	بَیرَن	انگلستان کا وہ امیر جسے لارڈ کا خطاب ملا ہو۔ جاگیردار۔ (بے۔ رَن)
ہن	بِیرَن	بھائی۔ (بی۔ رَن)
ہن	بَیرَن	دشمن عورت۔ بدخواہ عورت (بے۔ رن)
ہن	بَیری	دشمن۔ بدخواہ۔ مخالف۔ (بے۔ ری)
ہن	بیری	بیر کا درخت۔ (بے۔ ری)
ہن	بیڑا	ناؤ۔ کشتی۔ جہازوں یا کشتیوں کی قطار۔ رسالہ۔ فوج۔ جتھا۔ (بے۔ ڑا)
ہن	بیڑا	گلوری۔ بنایا ہوا پان (بی۔ ڑا)
ہن	بیڑی	لوہے کی زنجیر۔ چمڑے کا ڈول۔ کنایۃً جورو بچے۔ بیاہ۔ پازیب۔ (بے۔ ڑی)

ہن **بیڑی** ایک قسم کا دیسی سگریٹ (بی۔ڑی)

ہن **بیس** ہندوؤں کی تیسری ذات جس کا کام تجارت اور زراعت ہے۔ اسے ''ویش'' بھی کہتے ہیں۔ (ی۔مجہول)

ہن **بیس** دس اور دس۔۲۰ (ی۔معروف)

ع **بَیضا** روشن۔سفید۔(بَے۔ضا)

ع **بَیضہ** انڈا۔خصیہ۔(بَے۔ضہ)

ت **بیگ** صاحب۔ سردار۔ مغلوں کا خطاب (ی۔مجہول)

انگ **بیگ** (Bag) تھیلا

ہن **بَیل** نرگاؤ۔(مجازاً) بیوقوف

ہن **بیل** وہ پودا جس کی شاخیں زمین پر پھیلتی ہیں۔فیتہ یا زری کا کنارہ۔ تچوآل۔نسل (ی۔مجہول)

ف **بیل** زمین کھودنے کا اوزار۔ بیلچہ (ی۔مجہول)

ہن **بَین** مردے کی خوبیاں بیان کرکے رونا اور رُلانا۔نوحہ

ع **بَین** درمیان۔فاصلہ۔فرق

ف **بِین** دیکھنے والا۔(مرکبات میں مستعمل ہے) جیسے تماش بین

ہن **بِین** منہ سے بجانے کا ایک ساز

ع **بَیِّن** ظاہر۔آشکار (یَ۔ ّن)

ہن **بَینا** مٹھائی یا کھانے کی چیز کا حصہ جو تقریبات میں تقسیم کیا جاتا ہے۔(بے۔نا)

ہن **بِینا** جھومر کی قسم کا ایک زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے۔(بی۔نا)

ف **بِینا** دیکھنے والا۔مبصّر۔دانا (بی۔نا)

انگ **بینڈ** (Band) گروہ۔منڈلی۔خصوصاً باجے والوں کی۔بینڈ باجا

ہن **بینڈ** سرکنڈوں یا ترشول کا مُٹھا

ہن **بینڈا** ترچھا۔سخت۔مشکل۔ناشائستہ۔اجڈ۔ دروازے کے پیچھے کی ترچھی لکڑی جو دروازہ نہ کھلنے میں مدد دے۔(بیں۔ڈا) ۔(ی۔مجہول)

ہن **بِینڈا** ایک کیڑا جو برسات میں درختوں پر بھِن بھِن کرتا ہے (بِین۔ڈا)۔(ی معروف) (نون غنہ)

ہن **بینڈی** بینڈا کی تانیث ترچھی (بینڈ۔ڈی) (ی مجہول)

ہن **بِینڈی** بالوں کا جوڑا۔بالوں کی گچھی (بِین۔ڈی)

اُر **بِینی** وہ لمبی لکڑی جو کواڑ میں اس لئے لگاتے ہیں کہ بند کرتے وقت بیچ میں جھرّی نہ رہے اور مل کر دونوں کواڑ ایک ہو جائیں۔ کتاب کی جلد کا وہ حصہ جو آگے کو بڑھا ہوا ہوتا ہے اور کتاب بند کرنے پر اوپر آجاتا ہے (بی۔نی)

ف **بِینی** ناک۔(بی۔نی)

ف **بِینی** دیکھنا۔ دیکھنے کا عمل۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے باریک بینی

پ

ہن **پا** پانا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔ پاؤ کا مخفف۔ مرکبات میں جیسے ادھ پا۔ مرکبات میں بطور لاحقہ آکر اسم کیفیت کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً مٹاپا۔ بڑھاپا

زبان	لفظ	معنی
ف	پا	پائے۔ پاؤں۔ قدم۔ پائیداری۔ قدرت۔ استقلال۔ بنیاد (فارسی لاحقہ) فارسی مصدر پائیدن کا صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ٹھہرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے دیرپا۔ دیر تک ٹھہرنے یا قائم رہنے والا
ف	پاپ	پوپ۔ پادری
ہن	پاپ	گناہ
س	پاپ	گناہ۔ عذاب۔ آفت۔ عیب۔ ظلم
ہن	پاپ	بداعمالی سے پیدا ہونے والا مرض جیسے آتشک
ہن	پاپا	چاول کا کیڑا۔ گھن
انگ	پاپا	(Papa) باپ۔ پوپ
س	پاتر	کسبی۔ رنڈی۔ دبلا
س	پاتر	برتن۔ پیالہ
انگ	پاٹ	(Pot) برتن۔ پاخانے کا طشت
ہن	پاٹ	عرض۔ چکی کا پاٹ۔ تخت۔ ریشم۔ اونچا سُر۔ دریا کی چوڑائی۔ اناج کی بوری
ف	پار	گزرا ہوا۔ پچھلا
س	پار	دریا کا دوسرا کنارہ۔ دوسری طرف۔ آخری حد۔ گہرائی۔ (ق) بیگانہ
ہن	پارا	سیماب۔ ایک رقیق دھات۔ بے چین
ف	پارہ	پارچہ۔ ٹکڑا۔ پھانک۔ پیوند
ف	پارس	ملک ایران۔ فارس
ہن	پارس	ایک پتھر جس کی نسبت مشہور ہے کہ لوہے کو سونا بنا دیتا ہے۔ اکسیر۔ عمدہ۔ سخی
انگ	پارک	(Park) وسیع باغ
ق	پارک	پرکھ۔ جانچ
ف	پاس	پہر۔ تین گھنٹے کا وقت۔ خیال۔ لحاظ۔ طرف داری۔ پہرہ
انگ	پاس	(Pass) اجازت کا پروانہ۔ کامیابی۔ وثیقہ
ہن	پاس	قریب۔ قابو میں۔ ملکیت میں
س	پاک	ایک قسم کی مٹھائی
ف	پاک	صاف۔ بے گناہ۔ بے لگاؤ۔ محفوظ۔ جائز۔ نیک۔ بے حد۔ بے باک۔ بے باق
ہن	پام	ریشم یا سوت کا گوٹا۔ گوٹے کی کناری
انگ	پام	(Palm) ناریل۔ کھجور۔ درخت جن کے پتے چوڑے لمبے اور بے شاخ ہوتے ہیں۔ ہتھیلی
ہن	پان	برگ تنبول۔ ناگر بیل۔ ایک قسم کا پتہ۔ کلف۔ لنگوٹ کے اوپر باندھنے کا کپڑا۔ کڑھاوٹ۔ دست
انگ	پان	(Pan) ایک سابقہ بمعنی ہمہ۔ سب۔ کل (صحیح تلفظ پین)
ہن	پانا	حاصل کرنا۔ پتا لگنا۔ جاننا۔ واپس لینا۔ سہنا
ہن	پانہ	لکڑی کا وہ حصہ جو بڑھئی لکڑی چیرتے وقت درز میں رکھتا ہے۔ پھانا

س **پانڈا** مندر میں پوجا کرنے والا برہمن۔ برہمنوں کا ایک فرقہ۔ عالم (تلفظ: پاں۔ڈا)

انگ **پانڈا** (Panda) ریچھ کی شکل کا ایک چھوٹا سا (پستانیہ) جانور

ہن **پانڈو** وہ زمین جو ریت اور چکنی مٹی سے مرکب ہو۔ بارانی زمین (واو معروف)۔ (تلفظ: پان۔ڈو)

س **پانڈو** راجہ پانڈو کی اولاد۔ پانچ بھائی یہ مشہور۔ ارجن۔ بھیم۔ نکل۔ سہدیو (واو مجہول) (تلفظ: پاں۔ڈو)

ہن **پانسو** پان۔ برگ۔ (پان۔سو)

ہن **پانسو** پسلی۔ ڈھانچا۔ (پان۔سو)

ار **پائے** پایہ کی مغیرہ صورت۔ پایہ کی اردو جمع

ف **پائے** پاؤں۔ قدم۔ پا

ہن **پت** عزت۔ اعتبار۔ شوہر۔ شرم۔ پات کا مخفف۔ پتا۔ چاشنی۔ قوام

س **پت** صفرا۔ زرد رنگ کا پانی جو پتے کے اندر رہتا ہے

ہن **پُت** پوت کا مخفف۔ بیٹا

س **پتا** باپ

ہن **پتا** نشان۔ سراغ۔ مقام۔ اشارہ۔ سرنامہ۔ مکتوب الیہ کا پورا نام اور جائے سکونت لکھنا

ہن **پتّا** برگ۔ ورق۔ کان کا ایک زیور

ہن **پتّا** جگر کے نیچے ایک تھیلی جس میں پت جمع رہتی ہے۔ مرارہ۔ حوصلہ۔ غصہ۔ جوش۔ شرم۔ خواہش نفسانی

ع سَلَم — کسی چیز کی پیشگی قیمت دے دینا۔ (اُر) صرف بیع کے ساتھ مستعمل ہے جیسے بیع و سلم

ع سَلَم — (اصطلاح کیمیا) سالمہ۔ ذرہ

ع صلعم — صلی اللہ علیہ وسلم کا مخفف (اُن پر اللہ کا درود وسلام ہو)

ہن سَلمہ — چاندی سونے کے تار جن کو بٹ کر اور بل دے کر لباس جوتوں وغیرہ پر لگاتے ہیں

ع	سَلْمیٰ	عرب کی ایک حسین عورت کا نام۔ مجازاً محبوبہ
ہن	سَلْنا	چھدنا
ہن	سِلْنا	سیا جانا
انگ	سلو	(Slow) سست رفتار
ہن	سَلُو	کٹا ہوا چمڑا جس کو جوتی یا موزے میں ڈورے کے بجائے استعمال کرتے ہیں
ہن	سَلوائی	بندھوائی۔ چھید کروانے کی مزدوری
ہن	سِلوائی	سلوانے کے دام
ہن	سَلْوَٹ	شکن۔ بل۔ چُرس
انگ	سَلُوٹ	(Salute) سلام۔ آداب۔ قومی سلام
ق	سَلی	سلائی۔ تیلی
ہن	سِلّی	اُسترا۔ چاقو وغیرہ تیز کرنی کی پتھری۔ لکڑی کا موٹا تختہ۔ مرغابی۔ بھوسا ملا ہوا اناج
انگ	سَلیپر	(Sleeper) لکڑی کا وہ کندا جس پر ریل کی پٹڑی رکھی ہوتی ہے
انگ	سَلیپر	(Slipper) ہلکی اور بغیر ایڑی کی کھلی جوتی
ہن	سَم	آواز۔ برابر۔ پورا
ہن	سَمّ	زہر۔ چھید (اُردو میں بسکون مستعمل ہے)
ف	سُم	چوپائے کا کھر
ع	ثُمَّ	بعد۔ پیچھے۔ پھر۔ (تلفظ: ثُم۔ مَ)
ع	صُمّ	اصم کی جمع۔ بہرے

ع	سَمَا	آسمان
ہن	سَماں	وقت۔ موقع۔ حالت۔ رونق۔
ہن	سَماع	سُننا (اُر) راگ یا گانا سننا۔ رقص وسرود
ع	سَمْع	سننے کی قوت۔ کان
ع	سَماعی	سنا ہوا۔ سنی ہوئی بات۔ روایتی
ع	سَمائی	گنجائش۔ وسعت۔ برداشت۔ حوصلہ
ق	سَمْبَل	زہر۔ سنکھیا
انگ	سِمبَل	(Symbol) علامت۔ اشارہ
ع	سُنْبُل	ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔ بال چھڑ۔ (تلفظ: سم۔ بُل)
ع	سَمْت	جانب۔ جہت
ع	صَمْت	خاموشی
ہن	سَمَّت	ساتھ۔ سمیت
ف	سَمَن	چنبیلی
انگ	سَمَن	(Summon) پروانۂ طلبی (اردو میں "م" کی تشدید کے ساتھ مستعمل ہے)
ع	ثَمَن	قیمت۔ قدر
ع	ثُمُن	آٹھواں حصہ (تلفظ: ثُمن بھی صحیح ہے)
ف	سَمَنْدَر	ایک جانور جس کی بابت مشہور ہے کہ آگ میں پیدا ہوتا ہے وہیں رہتا ہے۔ آگ سے باہر نکلتے ہی مر جاتا ہے
ہن	سَمُنْدَر	(س) سَمُندر کا بگاڑ۔ وہ عظیم قطعۂ آب جس میں دریا آکر گرتے ہیں۔ ساگر (تلفظ: س۔ مُن۔ دَر: س۔ مَن۔ دَر)

ع　سَمُّور　ایک باریک پشم والا برفانی جانور۔ اس کی کھال
ق　سُمُور　سامنے

ہن　سَمیت　ساتھ۔ باہم۔ بہ شمول (یائے مجہول)
ع　سَمّیت　زہریلا پن۔ زہر کا اثر

ہن　سَن　ایک پودا جس کی چھال سے رسیاں بنتی ہیں
ع　سِن　عمر۔ سال۔ مقدار عمر
ہن　سُن　ساکن۔ بے حس

ع　سَنا　ایک پودہ جس کی پتی دست آور ہوتی ہے
ع　ثَنا　تعریف
ع　صَنّاع　بہت بڑا کاریگر

ہن　سَنّانا　بے فکر ہو کر سونا۔ سائیں سائیں کرنے کی آواز دینا
ہن　سُنانا　کہنا

ہن　سَنت　پارسا۔ بھولا بھالا۔ (نون غنہ)
ع　سُنّت　عمل رسول اللہؐ۔ قانون۔ طریقہ۔ ختنہ

ع　سَنَد　سرٹیفکٹ۔ بھروسے کی بات
ق　سُنُد　بے ہوش۔ سخت دل

ہن　سِندھ　سمندر۔ پاکستان کے ایک دریا کا نام
ق　سَندھ　فکرمند

ہن　سَنڈی　کیم شحیم عورت
ہن　سُنڈی　سوڈی۔ ایک چھوٹا کیڑا۔ (نون غنہ)

ہن　سَنک　جنون۔ سودا۔ ہوا کا ہلکے ہلکے چلنا
ہن　سِنک　ناک کی غلاظت

ف　سَنگ　ساتھ۔ صحبت۔ (نون غنہ)
ہن　سَنگ　پتھر۔ وزن۔ (نون غنہ)

ف　سَنگر　فوج یا کسی قطعۂ اراضی کی حفاظت کے لئے بنائی ہوئی دیوار یا کانٹوں کی باڑھ۔ خندق
انگ　سِنگر　(Singer) گانے والا یا والی

ہن　سَنْنا　بھرنا۔ آلودہ ہونا
ہن　سُنْنا　کانوں سے آواز معلوم کرنا۔ کان لگانا

ع　سُنُون　سنہ کی جمع۔ (تلفظ: سِ۔ نون بھی صحیح ہے)
ع　سَنُون　دانتوں کا منجن

ع　سَنَہ　سن۔ برس
ع　ثَنا　تعریف
س　سِنْہ　شیر

ع　سُنّی　سنّت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر چلنے والا گروہ
ہن　سَنی　اعلیٰ قسم کا ملائم سن

ہن　سَو　ننانوے اور ایک۔ بہر صورت
ف　سُو　سمت
ع　سُوء　برائی۔ بیماری۔ (مرکبات میں جیسے سوء ہضم)
ہن　سو　وہ۔ جو۔ تو۔ اس لئے۔ مصدر سونا کا صیغۂ امر (واو مجہول)

ہن　سَوا　ایک اور اس کا چوتھائی حصہ

ع	سِوا	بغیر۔ علاوہ۔ زیادہ
ہن	سُوا	بڑی سوئی۔ (تلفظ: سُو۔آ)
ہن	سَوَاد	مزہ۔ خوشی۔ محبت
ع	سَوَاد	سیاہی۔ کالک۔ حوالی شہر۔ گردونواح۔ ذہین
ف	سُوار	جو پیدل نہ ہو (کنایتاً مست رسالے کا ملازم۔ سواری پر بیٹھا ہوا
س	سِوَار	قسم گھاس
ہن	سَوائی	وہ غلہ جو کاشت کار کو بیج کے واسطے اس شرط پر دیا جائے کہ فصل پر من کا سوا من لیا جائے گا
ف	سِوائی	فالتو۔ معمول سے زیادہ
انگ	سوپ	(Soap)۔ صابن
انگ	سُوپ	(Soup) شوربہ۔ یخنی۔ آب جوش
ہن	سُوپ	چھاج۔ اناج پھٹکنے کا آلہ
ہن	سَوت	ایک خاوند کی دو یا زیادہ بیویاں آپس میں ایک دوسرے کی سوت کہلاتی ہیں۔
ہن	سوت	پانی نکلنے کی جگہ۔ منبع۔ (واو مجہول)
ہن	سُوت	تاگا۔ پنسال۔ ریشہ۔ (واو معروف)
ع	صَوت	بانگ۔ آواز
ہن	سُوتی	سُوت کا۔ سُوت کا بنا ہوا
ہن	سوتی	سوئی ہوئی۔ (واو مجہول)
ع	صَوتی	آواز سے متعلق
ہن	سوچ	فکر۔ رنج وغم۔ غور۔ (واو مجہول)

انگ	سِوچ	(Switch) برقی بٹن
ہن	سَوچنا	آب دست لینا۔ طہارت کرنا
ہن	سوچنا	غور کرنا۔ (واو مجہول)
ع	سَودا	سیاہ۔ جلا ہوا بلغم۔ دیوانگی۔ عشق۔ لگن۔ خرید و فروخت
ف	سُودَہ	کسی چیز کا برادہ
ہن	سُور	بہادر آدمی۔ مرد غازی (واو معروف)
ہن	سُوَر	خنزیر۔ (تلفظ: سُ۔ ار)
ع	صُور	بگل۔ قرنا
ع	صُوَر	صورت کی جمع
ہن	سُوری	ایک پھول کا نام۔ سرخ شراب
ع	صُوری	ظاہری۔ معنوی کی ضد
ع	سُورَت	قرآن مجید کا کوئی باب
ع	صُورَت	شکل۔ خاکہ۔ حالت۔ طرح
ف	سُوس	گھڑیال۔ ملیٹھی۔ (واو معروف)
ق	سُوس	شدت۔ پیاس
ہن	سُوکا	سرے کی لکیر جو ماتھے پر لگائی جاتی ہے
ہن	سوکا	وہ فصل جو اولوں سے مرجائے۔ قحط سالی۔ (واو مجہول)
ہن	سوکھنا	چوسنا۔ سُڑکنا۔ (واو مجہول)
ہن	سُوکھنا	خشک ہونا۔ (واو معروف)

ہن سُول — کانٹا۔ برچھی کی نوک۔ پیٹ کا درد

انگ سول — (Sole) تلوا۔ جوتے کا تلا۔ واحد۔ تنہا

انگ سِول — (Civil) غیر فوجی۔ شہری۔ انتظامی۔ مہذب۔ ملنسار

ہن سول — قسم مچھلی۔ (واو مجہول)

ف سِوُم — تیسرا۔ ثالث۔ (تلفظ: سِ۔وم)

ہن سُوم — کنجوس۔ عربی شوم کا بگاڑ

ہن سوم — چاند۔ ملک الموت۔ قسم بوٹی۔ (واو مجہول)

ق سُون — سے

ہن سُون — خاموشی۔ دم۔ سانس۔ شگون۔ نیک شگون۔ (واو مجہول)

ہن سونا — زر۔ زرد رنگ کی مشہور دھات۔ (واو مجہول)

ہن سونا — نیند لینا۔ آنکھ لگنا۔ مرنا۔ (واو مجہول)

ہن سُونا — خالی۔ ویران۔ غیر آباد۔ خاموش۔ (واو معروف)

ہن سِہرا — دولہا دلہن کے چہرے پر لٹکائی جانے والی پھولوں یا موتیوں کی لڑیاں

ع صَحرا — بیابان

ف سَہم — خوف۔ ڈر

ع سَہم — چلانے یا قرعہ ڈالنے والا تیر۔ حصہ۔ مکان کا شہتیر۔ ایک ناپ

ق سَہنا — سیانا

ہن سَہنا — جھیلنا۔ برداشت کرنا

ار سَی — ٹھیک۔ قبول

ف سَہی — راست

ع صحیح — درست۔ کامل۔ دستخط

ار سی — جلن محسوس ہونے پر منہ سے نکلنے والی آواز۔ سا کا مؤنث۔ جھمکی جیسی مصدر سینا کا امر

ف سی — تیس

ہن سیار — گیدڑ

ع سَیّار — پھرنے والا۔ سیر کرنے والا

ع سَیّال — بہت بہنے والا۔ رقیق

ہن سِیال — جاڑا۔ موسم سرما

ہن سیام — کالا۔ کوئل

ع صِیام — صوم کی جمع

انگ سَیٹ — (Set) ڈرامے وغیرہ کا منظر۔ یکساں قسم کی چیزوں کا مجموعہ۔ جما ہوا

انگ سِیٹ — (Seat) نشست۔ کرسی۔ گدی۔ رکنیت

ع سَیر — ہوا خوری۔ تفریح۔ گھومنا پھرنا

ف سیر — پیٹ بھرا۔ آسودہ۔ (یائے مجہول)

ہن سیر — سولہ چھٹانک یا اسی تولے کا وزن۔ (یائے مجہول)

ہن سِیر — کاشتکاری۔ اراضی جو زمیندار کے زیر کاشت ہو۔ (یائے معروف)

ف سِیر — لہسن۔ (یائے معروف)

ع سِیَر — سیرت کی جمع۔ خصلتیں۔ عادتیں۔ علم تاریخ

زبان	لفظ	معنی
ہن	سِیرا	پتلا حلوہ۔ گڑ کا پتلا شیرا۔ راب
ق	سَیّرا	سیر کرنے والا۔ پھرنے والا
ع	سَیف	تلوار
انگ	سیف	(Safe)۔ تجوری۔ نعمت خانہ۔ محفوظ
ع	سَیل	پانی کی رَو۔ بہاؤ۔ طغیانی۔ لہر
انگ	سیل	(Sale)۔ فروخت
انگ	سیل	(Seal)۔ مہر۔ چھاپ۔ سگِ ماہی۔ دریائی بچھڑا
ہن	سیل	چھوٹا نیزہ۔ تیر۔ (بیائے مجہول)
ہن	سیل	تری۔ نمی۔ شرم۔ سردی۔ عادت۔ (بیائے معروف)
ہن	سِیلا	بھیگا ہوا۔ تر۔ (تلفظ: سی۔لا)
ہن	سیلا	سَر پر باندھنے کا ریشمی عمامہ۔ قسمِ چاول۔ شیر ببر۔ (تلفظ: سے۔لا)
ہن	سیلی	جالی۔ جال۔ پیٹ اور سینے پر بالوں کی سیدھی لکیر۔ (تلفظ: سے۔لی)
ف	سیلی	تھپڑ۔ دھپ۔ (بیائے معروف ومجہول)
ہن	سِیلی	تر۔ سیلا کا تانیث
ہن	سیم	ایک قسم کی ترکاری۔ (بیائے مجہول)
ف	سِیم	چاندی۔ دولت۔ روپیہ۔ (بیائے معروف)
ہن	سَین	آنکھ مارنا۔ رمز۔ علامت
انگ	سِین	(Scene)۔ منظر۔ ڈرامے کا ایک منظر یا حصہ
ع	سِین	اردو کا اٹھارواں، فارسی کا پندرھواں، عربی کا بارھواں اور ہندی کا اٹھیسواں حرف
س	سینا	فوج۔ (تلفظ: سے۔نا)
ہن	سینا	انڈوں کو گرمی پہنچانا۔ پرند کا بچے نکالنے کے لئے انڈوں پر بیٹھنا۔ (تلفظ: سے۔نا)
ع	سِینا	ملکِ شام کا پہاڑ طور سینا۔ (تلفظ: سی۔نا)
ہن	سِینا	ٹانکے لگانا۔ (تلفظ: سی۔نا)
ف	سِینہ	چھاتی۔ (تلفظ: سی۔نَہ)
انگ	سینٹ	(Scent)۔ خوشبو۔ عطر
انگ	سینٹ	(Saint)۔ ولی۔ رشی۔ درویش
ہن	سِینک	جھاڑو کی تیلی۔ خلال۔ تنور کا گز (بیائے معروف)
ہن	سینک	گرمی۔ وہ دوا جس سے ورم یا درد کی جگہ گرمی پہنچاتے ہیں۔ سینکنے کا عمل۔ (بیائے مجہول)
ف	سِیَہ	سیاہ کا مخفف
ع	سَیِّءَ	برائی۔ گناہ۔ (تلفظ: سی۔ی۔ا)

ش

زبان	لفظ	معنی
ع	شابّ	جوان۔ چوبیس سے چالیس برس تک کا آدمی
ف	شاب	پھٹکری
ق	شاب	چمک۔ رونق۔ شہاب
ف	شاخ	ٹہنی۔ جانوروں کا سینگ۔ جھگڑا۔ نقص۔ ہنر۔ نسل
ع	شاقّ	دشوار۔ ناگوار
ف	شاخہ	ٹہنی۔ سنگ۔ (مرکبات میں جیسے دوشاخہ)
ع	شاقّہ	شاق کی تانیث

ع شارح — کھول کر بیان کرنے والا۔ شرح لکھنے والا
ع شارع — بڑا راستہ۔ شریعت بتانے والا

ف شارک — مینا۔ ایک پرندہ
انگ شارک — (Shark)۔ ایک خطرناک مچھلی

ہن شام — کسی دھات کا بنا ہوا چھلا۔ کرشن جی کا نام
ف شام — سورج ڈوبنے کا وقت۔ نام ملک

ہن شاما — ایک خوش الحان چھوٹا پرند
ع شامہ — سونگھنے کی قوت یا حس

ع شبّر — حضرت حسینؓ کا لقب
ع شِبر — بالشت

ار شبکا — شگاف جو کپڑے یا دیوار وغیرہ میں ہو
ف شبکہ — مچھلی پکڑنے کا جال۔ بڑا سوراخ۔ آنکھ کا پردہ

ع شِبہ — مانند۔ تصویر۔ مطابقت۔ (شِب۔ہ۔ بھی درست ہے)
ع شُبہ — گمان۔ وہم۔ (شُب۔ہہ۔ بھی درست ہے)

ف شپ — جلد۔ (ار) چھی یا تلوار مارنے کی آواز۔ (گپ کے ساتھ تابع مہمل)
انگ شِپ — (Ship)۔ بحری جہاز

ع شتا — جاڑا
ع شطح — شریعت کے خلاف بکواس۔ بے حیائی

ار شتاہ — شطاح کا بگڑا ہوا۔ بدکار و بدوضع عورت

ع شطّاح — بے شرم۔ بدچلن عورت

ف شُد — گزرا ہوا۔ کسی کام کا آغاز یا ابتداء
ع شدّ — ایک حرف کو دو دفعہ پڑھنا۔ تشدید دینا۔ زور دینا

ع شِرا — خرید و فروخت۔ (اردو میں بیع وشرا میں استعمال ہوتا ہے)
ع شَرع — سیدھا راستہ۔ قانون محمدی۔ آئین۔ مذہب

ع شُرَط — سازگار۔ معاون۔ موافق۔ پولیس
ع شرط — اقرار۔ قول و قرار۔ پابندی۔ باری۔ ضروری

ار شری — فسادی۔ شریر۔ (تلفظ۔ شر۔ری)
س شری — جناب۔ مسٹر

ع شریر — شرارتی
س شریر — بدن۔ جسم

ف شِست — نشانہ۔ سیدھ۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ انگشتانہ (فارسی میں فتح اول مستعمل ہے)
ف شُست — دھونے کا عمل۔
ف شصت — ساٹھ

ف شش — چھ
ف شُش — پھیپھڑا
ار شش — وہ آواز جس کے ذریعہ کتے سے کسی پر حملہ کرایا جاتا ہے

ع شطّاح — بے حیا۔ بدچلن

ار	شَتّاه	شطاح کا بگڑا ہوا۔ بدکار و بدوضع عورت
ع	شِتا	جاڑا
ع	شَطَح	شریعت کے خلاف بکواس۔ بے حیائی
ع	شَعر	بال
ع	شِعر	بیت
ف	شیر	باگھ۔ بہادر۔ (یائے مجہول)
ف	شِیر	دودھ۔ (بیائے معروف)
ع	شَعری	شعر (بال) سے متعلق
ع	شِعری	شعر سے متعلق
ع	شَفا	کنارہ۔ ساحل
ع	شِفا	تندرستی
ع	شُفعہ	گھر یا زمین کی ہمسائیگی جس کا بہت بڑا حق ہے
ع	شَق	پھٹا ہوا۔ شگاف
ع	شِق	نصف حصہ۔ ٹکڑا۔ طرف۔ قسم
ع	شِقا	بدبختی
ع	شُقّہ	پھریرا۔ رقعہ۔ خط
ف	شَکَر	چینی (شکر بھی صحیح ہے)
ع	شُکر	احسان ماننا۔ احسان مند
س	شُکَر	سیارہ زہرہ
ار	شَکرانہ	وہ خشکہ جس میں کھانڈ اور گھی ملا کر کھاتے ہیں
ف	شُکرانہ	شکریہ۔ وہ رقم جو کامیابی کے بعد علاوہ محنتانہ کے دی جائے
ف	شِکوہ	شکایت۔ گلہ
ف	شکوہ	رعب داب۔ شان وشوکت۔ (تلفظ: ش۔کوہ: ش۔کوہ)
ف	شِگفت	حیرت۔ تعجب
ف	شِگُفت	خوش۔ کھلا ہوا۔ تفریح
ہن	شُگن	شگون۔ فال۔ نذرانہ۔ (تلفظ: ش۔گن: ش۔گن بھی صحیح ہے)
ف	شُگون	شگن۔ فال۔ نیک انجام
ع	شَل	بے حس۔ تھکاماندہ
ف	شِل	چھوٹا نیزہ۔ برچھی
ع	شَلخ	بندوق کی باڑھ۔ منی۔ فرج
ف	شَلَق	بندوق یا توپوں کی باڑھ جو سلامی کے لئے چھوڑی جائے
ف	شَلق	لکڑی یا کوڑے سے مار پیٹ
ف	شَلَنگ	چھلانگ۔ پھلانگ
انگ	شِلنگ	(Shilling) انگریزی سکہ جو بارہ پنس کا ہوتا ہے
ف	شُما	تم۔ آپ (ضمیر)
ع	شِمّہ	تھوڑی سی چیز
ع	شمع	موم بتی۔ (تلفظ: شم۔ع۔شمع)

ف شو شستن مصدر کا صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بناتا ہے اور دھونے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے مُردہ شو۔ (واو مجہول)

انگ شو (Show) تماشا۔ نمائش۔ دکھاوا

انگ شو (Shoe) جوتا۔ پاپوش

ف شَو شوہر کا مخفف

ق شُو شوہر۔ نوشہ

ف شوخ شریر۔ ظریف۔ چمکیلا۔ تیز۔ نڈر۔ (واو مجہول)

ع شَوق خواہش۔ رغبت (اَر) کام۔ جوش۔ محبت۔ چسکا۔ امنگ۔ لطف

ف شَہاب نہایت سرخ رنگ جو کُسم کو بھگو کر اسے نچانے کے بعد حاصل ہوتا ہے

ع شِہاب لو۔ وہ ستارہ جو آسمان سے گرتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ روشن ستارہ۔ شعلہ

ع شُہَدَاء شہید کی جمع۔ شہید ہونے والا

اَر شُہدَا لُچا۔ غنڈہ۔ فقیروں کا ایک گروہ

ع شَہر قمری مہینہ۔ ماہ

ف شَہر بڑی آبادی۔ نگر

ف شیر باگھ۔ بہادر

ف شِیر دودھ

ع شَعر بال

ع شِعر بیت

اَر شِیرنی شیر کی مادہ

ق شیرنی مٹھائی۔ شیریں

ف شِیش شیشے کا مخفف۔ بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے جیسے شیش محل۔ (یائے معروف)

س شیش موت۔ تباہی۔ (یائے مجہول)

ع شَین عیب۔ برائی

ع شِین حرف شین کا تلفظ۔ اردو کا انیسواں، فارسی کا سولھواں، عربی کا تیرھواں اور ہندی کا تجیسواں حرف

ف شیوا فصیح۔ بلیغ۔ (تلفظ: شے۔ وا)

ف شیوہ طریق۔ ڈھنگ۔ ناز۔ انداز

ہن شِیوا شیو۔ ہندوؤں کا بڑا دیوتا۔ مخلوقات کو فنا کرنے والا

ص

ع صَابر صبر کرنے والا

ہن سَابر بارہ سنگا۔ نقب زنی کا آلہ

ع۔ف صَابری صابر سے منسوب۔ فقرا کا ایک گروہ

ع سَابری کھجوروں کی سب سے اچھی قسم۔ اعلیٰ قسم کا کپڑا

ع صَاع ۲۳۴ تولے کا ایک وزن۔ نشیب۔ پست زمین

ف سا ساں اور آسا کا مخفف۔ مثل۔ مانند۔ گویا۔ کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور رگڑنے والا۔ گھسنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے جبہ سا

ہن سا بیجد۔ صفات اور ضمائر کے ساتھ مل کر اسماء صفت بناتا ہے جیسے کالا سا۔ بہت سا

ع	صَاعِد	اوپر چڑھنے والا
ع	سَاعِد	کلائی۔ ہاتھ کے پہنچے سے کلائی تک
ع	صَائم	روزہ۔ روزہ رکھنے والا
ع	سَائم	چرنے والا
ع	صائمہ	روزہ دار عورت
ع	سائمہ	چرنے کے لئے بھیجا ہوا جانور
ع	صَبا	وہ ہوا جو مشرق سے چلے۔ صبح کی ہوا
ع	سَبا	یمن میں ملکہ بلقیس کے شہر کا نام
ع	سَبع	سات
ع	صَبر	خاموشی۔ تحمل۔ توقف۔ توکل
ع	صِبر	ایلوا
ع	صَبُور	صبر کرنے والا
ق	سَبُور	لب ریز
ع	صَبی	دودھ پیتا بچہ
ع	صَبیح	گورا۔ خوبصورت
ع	صِحاح	صحیح کی جمع۔ درست
ع	سُہا	بنات النعش کا ایک چھوٹا سا ستارا
ع	صَحرا	میدان جہاں درخت وغیرہ کچھ نہ ہو۔ ریگستان
ہن	سَہرا	پھولوں کی لڑیاں جو دولھا دلھن کے سر پر سے چہرے پر لٹکائی جاتی ہیں۔ قسم نظم

ع	صَحو	ہوشیاری۔ بیداری
ع	سَہو	بھول چوک۔ غلطی
ع	صَحیح	درست۔ سارا
ار	سَہی	ٹھیک۔ بجا۔ قبول۔ فرض کیا۔ شرط کے لئے جیسے آتو سہی۔ بے پروائی ظاہر کرنے کے لئے جیسے ہم دیوانے ہی سہی
ق	سُہی	سزاوار
ف	صَد	سو
ع	سَدّ	اوٹ۔ رکاوٹ
ع	صَدا	گونج۔ آواز
س	سَدا	ہمیشہ۔ ہر وقت
ع	صُداع	دردِ سر
ع	صَدرہ	انسان کے جسم کا بالائی حصہ
ع	سِدرہ	بیری کا درخت
ع	صَدِیق	دوست۔ مخلص دوست
ع	صِدّیق	نہایت سچا۔ یار وفادار۔ حضرت ابوبکرؓ کا لقب
ع	صُراح	کھلی اور صاف بات چیت
ع	صَرع	مرگی کا مرض
ع	صُرّہ	تھیلی۔ چھوٹی پوٹلی
ع	ثَریٰ	زمین کے نیچے کی مٹی۔ گیلی مٹی
ع	صَرف	خرچ۔ وہ علم جس سے کلموں کی شناخت اور ادل بدل معلوم ہو
ع	صِرف	خالص۔ فقط۔ تنہا

ع صَرفہ فائدہ۔ خرچ۔ فضول خرچی۔ زیادتی۔ بخل۔ کفایت شعاری۔ افسوس

ف سُرفہ کھانسی۔ کھڑی

ع صَریح ظاہر۔ علانیہ۔ صاف

ع سَریع جلدی کرنے والا۔ جلد۔ تیز (اصطلاح عروض) ایک بحر

ع صَریر قلم چلنے کی آواز۔ صدا

ع سَریر تختِ شاہی۔ گدی

ہن سَریر جسم۔ بدن

ع صَعید سطحِ زمین۔ مٹی۔ پہاڑی سڑک۔ وہ مٹی جس سے مسح کریں

ع سَعید نیک۔ مبارک۔ بھاگوان

ع صَفا پاک۔ مجلا۔ ہموار۔ کھرا۔ مکہ کی ایک پہاڑی

ع صُفّہ چبوترا

ع صِفت کسی چیز کا نشان۔ تعریف۔ خصلت۔ وضع

ف سِفت دبیز۔ گاڑھا

ع صِفر حسابی نشان

ع سَفر مسافرت۔ سیاحت۔ کوچ

ع صُفوف صف کی جمع۔ قطاریں

ع سَفوف پسی ہوئی چیز۔ پوڈر

ع صَفیر پرندوں کی آواز

ع سَفیر ایلچی

ع صَفیہ برگزیدہ عورت۔ (تلفظ ص۔ فی۔ یہ)

ع سَفیہہ احمق۔ کمینہ۔ (تلفظ س۔ فیہ)

ع صَلّ برکت دے۔ درود بھیج۔ رحمت اتار

ع سِل تپ دق

ہن سِل مسالا پیسنے کا پتھر

ع صَلا پکار۔ بلاوا

ہن سِلا خوشہ

ع صِلہ انعام۔ بدلہ۔ جزائے خیر۔ وہ جملہ جو اسم موصول کے بعد آئے

ع صَلاح نیکی۔ بھلائی۔ رائے۔ ارادہ۔

ع سِلاح لڑائی کے ہتھیار

ع صُلح میل ملاپ۔ تصفیہ باہمی۔ اتحاد

ع صَلصال گندھی ہوئی مٹی جس سے برتن بنتے ہیں

ع سَلسال صاف شفاف۔ میٹھا پانی

ع صِلہ انعام۔ بدلہ۔ جزائے نیک۔ وہ جملہ جو اسم موصول کے بعد آئے

ع سِلا خوشہ

ع صَلا پکار۔ بلاوا

ع صُمّ اصم کی جمع۔ بہرے

ہن سَم آواز۔ سُر۔ ہم وزن

ع سَمّ زہر

ف سُم کھر۔ گھوڑے یا گدھے کے پاؤں

ع ثُمّ بعد۔ پیچھے۔ پھر

ع صَمت خاموشی
ع سَمت جانب۔ راہ
ہن سَمت برس۔ سنہ

ع صَنّاع بہت بڑا کاریگر
ع سَنا ایک پودہ جس کی پتی دست آور ہوتی ہے
ع ثنا تعریف۔ ستائش

ع صُنع کاریگری
ع صَناعی کاریگری
ہن سُنائی فریادرسی۔ سماعت۔ پہنچ

ع صَنعت کاریگری۔ انڈسٹری۔ پیشہ
ہن سَنت پرہیزگار
ع سُنّت عمل رسول اللہ۔ روش۔ ختنہ

ع صَواب نیکی۔ نیک کام۔ راست
ع ثَواب نیک کام کا بدلہ جو دوسری دنیا میں ملے

ع صَوب طرف۔ راستہ۔ ارادہ۔ تجویز
ع ثَوب کپڑا۔ لباس

ع صَوت آواز
ہن سَوت سوکن
ہن سوت سوتا۔ منبع (واو مجہول)
ہن سُوت تاگا۔ (واو معروف)

ع صَوتی آواز سے متعلق

ہن سُوتی سوت کا بنا ہوا
ہن سوتی سوئی ہوئی۔ (واو مجہول)

ع صُور بگل
ع ثَور آسمان کا دوسرا برج۔ بیل۔ مکہ میں ایک پہاڑ
ع صِوَر صوت کی جمع
ہن سُوَر ایک نجس چوپایہ

ع صُورَت شکل۔ چہرہ۔ ڈھانچہ۔ حالت۔ تجویز۔ روپ
ع سُورَت (سورۃ)۔ قرآن مجید کا کوئی باب یا فصل۔ نام شہر
ع صُوری معنوی کی ضد۔ ظاہری
ہن سوری ایک پھول کا نام۔ سُرخ شراب

ع صَوم روزہ
ف سِوَم تیسرا۔ ثالث
ہن سُوم کنجوس۔ (عربی شوم کا بگاڑ)

ع صِہر سسر۔ سسرال کا کوئی آدمی
ع سِحر جادو
ع سَحَر صبح

ع صَہیل گھوڑے کا ہنہنانا
ع سُہَیل ایک ستارہ۔ کینوپس

ع صِیام صوم کی جمع۔ صائم کی جمع
ہن سِیام کالا۔ کوئل۔ شیام کا بگاڑ

ع صَید شکار۔ وہ جانور جس کو شکار کریں

ع سَیِّد امام ۔سردار۔ حضرت فاطمہؓ کی اولاد۔ (تلفظ: سی ۔ یِد)

ض

ع ضَالّ گمراہ

ف زَال بوڑھا۔سفید بالوں والا۔رستم کے باپ کا نام

ع ذَال اردو کا تیرھواں، فارسی کا گیارھواں اور عربی کا نواں حرف

ع ضِدّ برعکس۔دشمنی۔ہٹ۔غصہ

ف زَد مار۔ چوٹ۔ نشانہ۔ صدمہ۔ نقصان۔ نشانے کا سامنا

اُر ضِدّن ضدّی کی تانیث

ف زَدَن مارنا۔جھپکنا جیسے چشم زدن

ع ضَرّاب روپیہ اشرفی پر ٹھپا لگانے والا

ع ضِرَاب کسی کو تلوار مارنا

ع ضِعف دُوگنا۔دوچند

ع ضَعف بے ہوشی۔غشی

ع ضُعف کمزوری۔ سستی۔ ناتوانی

ع ضَلّ غلطی کرنا۔بھٹکنا

ع ذُل رذالت۔کمینہ پن

ع ظِلّ سایہ۔پناہ۔سورج کو چھپا لینے والا

ع ضَلَال گمراہی۔گناہ۔خطا

ع زُلَال خالص پانی۔سرد اور شیریں پانی

ع ضِلَع پسلی۔لکیر۔حصہ۔حاکم ضلع کا صدر مقام

ع زَلّہ آگے کا بچا ہوا کھانا۔پس خوردہ

ع ضَمّ ملانا۔پیش کی حرکت۔ضمہ

ع ذَمّ مذمت۔ہجو۔برائی

ع ضِمن ذیل ۔ شرکت۔ قانون۔ دفعہ۔ فقرہ۔ مضمون۔تعلق

ع زَمَن وقت۔زمانہ

ع ضَمّہ ضم۔پیش۔پیش کی حرکت

ع ذِمّہ ضمانت۔کفالت۔عہد۔سپردگی۔فرض۔ وفاداری۔پناہ

ع ضَمیمہ وہ شے جو کسی اور شے پر بڑھا کر لگائیں۔ تکملہ

ع ذَمیمہ برائی۔خرابی

ع ضَو روشنی۔نور

ع ذو آقا۔صاحب۔مالک

ع ضِیا روشنی۔رونق

ع ضِیاع ضائع ہونا

ط

ع طَاب خوشبودار۔خوش گوار۔نفیس۔پاک

ف تَاب روشنی۔چمک۔حرارت۔پیچیدگی۔قدرت ۔برداشت۔آب۔(ف لاحقہ) چمکنے والا ۔روشن کرنے والا جیسے شب تاب

ع **طابع** — پرنٹر

ع **تابع** — ماتحت۔ فرماں بردار

ع **طارق** — صبح کا ستارہ۔ رات کو چلنے والا۔ سخت حادثہ

ع **تاریخ** — مہینے کا ایک دن۔ وہ فن یا کتاب جس میں بادشاہوں اور مشہور ادیبوں کے حالات، پیدائش و وفات درج ہوں

ق **تارخ** — تالو

ع **طاس** — بڑا طشت۔ لگن۔ پیالہ۔ بیسن

ف **تاس** — بڑا طشت۔ تسلا (طاس۔ تاس۔ معنی ایک ہیں)

ع **طاسہ** — ڈھول۔ تاشہ۔ تاسہ

ف **تاسہ** — طاسہ۔ تاشہ (طاسہ۔ تاسہ۔ معنی ایک ہیں)

ف **طاقی** — وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ چھوٹی اور ایک بڑی ہو

ف **تاقی** — وہ گھوڑا جس کی دونوں آنکھیں ایک رنگ کی نہ ہوں۔ عیب دار۔ منحوس۔ قسم ٹوپی

ع **طال** — لمبا ہوا۔ بڑھ گیا

ہن **تال** — تالاب۔ عینک کا شیشہ۔ چشمہ۔ گانے بجانے کا وزن

ع **طالح** — بدکار۔ بُرا آدمی

ع **طالع** — طلوع ہونے والا۔ چمکنے والا۔ قسمت۔ نیا چاند

ہن **تالے** — قفل کی جمع

اُر **طاہری** — بڑی پلاؤ

ہن **تاہری** — بڑیاں اور چاول ملا کر پکی ہوئی چیز

ع **طائی** — عرب کے قبیلہ ''طے'' سے منسوب جس میں حاتم بڑا سخی گزرا ہے

ہن **تائی** — باپ کے بڑے بھائی کی بیوی

ع **طِب** — علاج۔ علاج معالجے کا علم

ہن **تب** — بعد میں۔ اُس وقت۔ اس پر۔ اسلئے

ع **طبّاع** — غیر معمولی ذہین۔ تلوار بنانے والا۔ کمہار

ع **تبع** — پیروی کرنا۔ پیروی کرنے والا

ف **تبہ** — تباہ کا مخفف۔ خراب۔ ویران

ع **طبع** — طبیعت۔ خصلت۔ چھاپنا۔ سکہ۔ نقش

ت **طبلق** — کاغذوں کا بنڈل۔ کاغذی بندھن

اُر **تبلق** — ترکی لفظ طبلق کا بگڑا ہوا۔ کاغذوں کا بنڈل (طبلق۔ تبلق معنی ایک ہیں)

ف **طبلی** — وہ تھیلی جس میں بندوق کا سامان رکھتے ہیں

اُر **تبلی** — توشہ دان۔ کارتوس وغیرہ کی چھوٹی تھیلی وہ تختہ جو ستار یا طنبورے کے تونبے پر لگایا جاتا ہے

ہن **تبلی** — ڈور جسے کئی دھاگے بٹ کر بناتے ہیں

ع **طحال** — تلی

ع **طُحال** — تلی کی ایک بیماری۔ تاپ تلی

اُر **طرارہ** — چھلانگ۔ اُچھل کود

ہن **ترارہ** — چھلانگ۔ گھوڑے کی جست۔ پھرتی۔ سرور

ف **طراز** — نقش و نگار۔ سجاوٹ۔ شاہی لباس۔ وہ جگہ جہاں یہ لباس تیار ہو۔ کارچوبی۔ آراستہ کرنے والا

ف ترَاز — کپڑے کے نقش۔ طراز

ع طراوت — نمی۔ خنکی۔ تازگی
ہن تراوت — عربی طراوت سے ہندی بنایا ہوا۔ نمی۔ تازگی (طراوت۔ تراوت۔ معنی ایک ہیں)

ع طَرَب — خوشی
ہن ترَب — وہ تار جو اصلی تار کی مدد کے لئے سارنگی وغیرہ میں ہوتا ہے
ع تُرب — مولی

ع طرح — وضع۔ ادا۔ بنیاد۔ نقاشی۔ مثل حال احوال وہ مصرع جو مشاعرے میں غزل کہنے کیلئے بحر ردیف اور قافیہ بتانے کی خاطر مقرر کرتے ہیں۔ درگزر۔ تفریق۔ صورت
ع طرّاح — معمار۔ نقاش

ع طرفہ — نیا۔ عجیب۔ نادر۔ عمدہ
ع ترفہ — دولت مندی۔ خوشحالی
ع ترفّع — بلندی چاہنا۔ تکبر

ع طرّہ — سر کے بالوں کی لٹ۔ پھندنا۔ کلغی۔ کوڑا
ف ترہ — ترکاری۔ سبزی

ع طعم — ذائقہ
ع طعم — خوراک

ع طعنہ — طنز۔ ملامت
ہن تانا — سوت کے تاگے جو کپڑا بننے میں لمبائی کی طرف ہوں ۔ بانا کی ضد۔ تاؤ دینا۔ آزمانا۔ (ق) کھنچ

ع طِلا — سونا۔ ملمع۔ لذت
ہن تلا — جوتی کا نچلا حصہ۔ تہ
ار تِلّا — گوٹا کناری وغیرہ
ہن تُلا — ترازو۔ تلنا کی ماضی

ف طلائی — سنہری۔ سونے کا
ہن تلائی — چھوٹا تالاب
ہن تِلائی — تیل ڈالنا۔ مشعل کو کُپی سے تیل پلانا۔ تلنے کا چھوٹا برتن
ہن تُلائی — تولنے کا کام۔ تولنے کی اجرت

ع طلبا — طلیب کی جمع۔ ڈھونڈنے والے۔ طالبان علم
ع طلبہ — طالب کی جمع۔ طالب علموں کی جماعت

ع طلیعہ — وہ لشکر جو فوج کے آگے دشمن کی نقل وحرکت کا پتہ لگاتا ہے۔ ہراول
ہن تلیا — چھوٹا تالاب

ع طمّاع — بہت لالچی
ع طمع — لالچ۔ خواہش

ع طنبور — ایک قسم کا ستار۔ باجا۔ تنبورہ۔ (تلفظ: طم ۔بُور)
ف تنبور — ایک قسم کا باجا (تلفظ: تم ۔بُور) طنبور۔ تنبور معنی ایک ہی ہیں

ق طنبی — کھڑکی۔ (تلفظ: (طم۔بی)
ع تنبیہ — جھڑکی۔ نصیحت۔ آگاہی (تلفظ: تم۔بیہ)

ع	طوبیٰ	بہشت کا ایک درخت۔ خوش خبری۔ خوشی۔ نفیس۔ نہایت پاک
ع	توبہ	استغفار۔ افسوس۔ کسی برے کام سے باز رہنے کا عہد

ع	طَوْر	حالت۔ ڈھنگ۔ حد۔ بنیاد۔ قسم
ع	طُور	کوہ سینا
ت	تور	جالی کی پوشش جو پالکی پر ڈالتے ہیں۔
ہن	تور	ایک غلہ جس کی دال پکاتے ہیں۔ ارہر۔ روئی۔ (واو مجہول)

ع	طُوس	نہایت ملائم اونی کپڑا۔ خراساں کا ایک مشہور شہر
انگ	توس	(انگریزی (Toast) کا مہند) ڈبل روٹی کا پتلا ٹکڑا جسے گھی لگا کر سینکتے ہیں

ف	طُوسی	طوس کا رہنے والا
ع	توسیع	فراخ کرنا۔ کشادگی
ف	طوطیا	نیلا تھوتھا۔ تہمت۔ الزام
ہن	تُوتیا	نیلا تھوتھا۔ (تلفظ: تُوت۔یا)
ع	تُوتیا	سرمہ۔ سرمے کا پتھر۔ (تلفظ: تُوت۔یا)
ار	تُوتیا	توطیہ کا بگڑا ہوا۔ تہمت۔ (تلفظ: تُوت۔یا)

ع	طُول	لمبائی۔ وسعت۔ طویل۔ (واو معروف)
ہن	تَول	وزن۔ جانچ۔ مقررہ وزن

ع	طُولیٰ	پورا۔ کامل جیسے ید طولیٰ
ہن	تولا	بازار میں تولنے کا کام کرنے والا۔ (واو مجہول)

ع	تولّا	محبت رکھنا۔ محبت
ہن	تولا	بڑے منہ کا ہنڈا
ہن	تولہ	بارہ ماشہ کا وزن

ع	طومار	کتاب۔ دفتر۔ لمبا خط۔ ڈھیر۔ لمبی کہانی۔ جھوٹ
ار	تُومار	طومار کا بگاڑ ہے

ع	طَہور	انتہائی پاک۔ پاک کرنے والا
ع	تَہوّر	بہادری

ع	طیّار	اڑنے والا۔ تیز دوڑنے والا۔ پروں والا جانور
ع	تیّار	مستعد۔ آمادہ۔ مکمل۔ پختہ۔ پورے زوروں پر۔ آراستہ

ار	طیّاری	وہ مٹاپا جو ورزش کرنے سے آتا ہے۔ بہت بڑا پنجرا
ار	تیّاری	آمادگی۔ درستی۔ آرائش۔ فربہی۔ انتظام

ع	طِیب	خوشبو۔ کسی چیز کا بہترین حصہ۔ خوشی۔ رضامندی۔ (یائے معروف)
ع	طیّب	پاک۔ نفیس۔ حلال۔ جائز۔ خوش گوار۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحب زادے کا نام

ع	طیبہ	مدینہ منورہ کا نام
ع	طیّبہ	طیب کی تانیث

ع	طیر	اڑان۔ پرند
ار	تیر	تیرا کا مخفف۔ (بیائے مجہول)

ف	تیغ	جنگی ہتھیار۔ شمشیر
ع	طِین	مٹی
ق	تِنین	جِن
ہن	تین	دو اور ایک
ع	طُیُور	طَیر کی جمع۔ پرندے۔ چڑیاں۔ (طُیُور طائر کی جمع الجمع ہے) طَیر کے معنی ایک پرند، بہت سے پرندے کے ہیں۔
ہن	تیور	نظر۔ بھوں۔ بینائی۔ (تلفظ: تے۔ وَر)

ظ

ع	ظاہر	آشکار۔ عیاں۔ کھلا ہوا۔ باطن کا نقیض
ع	زاہر	چمک دار۔ روشن۔ بلند
ع	ظِلّ	سایہ۔ پناہ۔ سورج کو چھپا لینے والا
ع	ضَلّ	غلطی کرنا۔ بھٹکنا
ع	ذُلّ	رذالت۔ کمینہ پن
ع	ظَلام	رات کی تاریکی۔ اندھیرا
ع	ظَلّام	بہت بڑا ظالم۔ بڑا بے انصاف
ق	ظُلم	اندھیرا۔ تاریکی
ع	ظُلم	اندھیرا۔ ستم۔ بے رحمی۔ زیادتی۔ بے انصافی
ع	ظَن	وہم۔ خیال۔ تہمت۔ بدگمانی
ف	زَن	عورت۔ بیوی۔ (فارسی لاحقہ) مصدر زدن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور مارنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے: تیغ زن۔ راہ زن
ع	ظَنّی	خیالی۔ قیاسی۔ وہمی۔ عقل کے قریب
ف	زَنی	مارنا۔ پیٹنا۔ (مرکبات میں مستعمل ہے)
ع	ظِہار	ایک قسم کی طلاق۔ ہم پشت ہونا
ف	زِہار	شرم گاہ۔ پیڑو
ع	ظُہر	زوال کا وقت۔ تیسرے پہر کی نماز
ع	ظَہر	پیٹھ۔ پشت
ف	زَہر	سَم۔ وہ چیز جس کے کھانے سے انسان مرجائے
ع	ظَہیر	مددگار
ع	زَحیر	پیچش کا مرض
ع	زَہیر	بیماری سے دُبلا۔ غمگین۔ پریشان

ع

ع	عاج	ہاتھی دانت
ہن	آج	جو دن گذر رہا ہو۔ ان دنوں۔ موجودہ زمانہ
ع	عاد	وہ عدد جو ایک معلوم عدد کو پورا تقسیم کردے۔ ایک قوم جس کے پیغمبر حضرت ہودؑ تھے
ہن	آد	اوّل۔ ابتدا
ع	عاذِر	عذر کرنے والا
ع	آزَر	حضرت ابراہیمؑ کے چچا کا نام
ع	عار	غیرت۔ شرم۔ برائی

ہن	آر	لوہے کی نوک دار کیل۔ سوا یا ستاری
ع	عاری	ننگا۔ خالی۔ تنگ۔ مجبور
ہن	آری	لکڑی چیرنے کا ایک اوزار
ع	عاصم	بچا ہوا۔ محفوظ۔ بچانے والا۔ باز رکھنے والا
ع	آثم	گناہ گار
ع	عاقر	بانجھ
ع	آخَر	اور۔ ایک اور۔ دوسرا
ع	آخِر	پیچھے۔ پچھلا۔ انتہا۔ قریب ختم
ع	عالَم	دنیا۔ زمانہ۔ مخلوق۔ قسم۔ حالت۔ ڈھنگ۔ لطف۔ رونق۔ مانند
ع	عالِم	دانا۔ جاننے والا۔ بہت پڑھا لکھا
ع	عالی	بلند۔ عظیم۔ مقدس۔ قابل تعظیم
ہن	آلی	آلا کی تانیث۔ گیلی۔ تر۔ سہیلی
ع	عام	پھیلا ہوا۔ معمولی۔ سب۔ رہی۔ سال۔ بازاری۔ مشترک
ہن	آم	انب۔ ایک مشہور پھل
ع	عامِر	آباد۔ آباد کرنے والا
ع	آمِر	حکم دینے والا۔ ڈکٹیٹر
ع	عامِلہ	عامل کی تانیث۔ عمل کرنے والی۔ جزو۔ واقعہ۔ حقیقت
ف	آملہ	آنولہ۔ ایک ترش پھل
ع	عانہ	ناف کے نیچے کی جگہ۔ شرم گاہ کے بال

ہن	آنا	جانا کی ضد۔ آپہنچنا۔ واقف ہونا۔ راغب ہونا
ع	عائل	فقیر۔ درویش
انگ	آئل	تیل
ع	عَبا	چغہ جو پاؤں تک ہوتا ہے۔ جبہ
ع	آباء	اب کی جمع۔ پرکھے۔ باپ دادا
ق	اَبا	حیرت و استعجاب کا کلمہ
ع	اِبا	انکار۔ نفرت۔ پرہیز۔ اختلاف
ع	اَبا	باپ
ار	ابّا	باپ
ع	عُبّاد	عابد کی جمع
ع	عِباد	عبد کی جمع۔ بندے۔ غلام
ع	عبّاس	لغوی معنی ترش رو۔ شیر۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا عباسؓ بن عبدالمطلب
ہن	اُباس	بدبو۔ خمیر
ع	عَبَث	بے فائدہ۔ فضول۔ ناحق۔ بلاوجہ
ع	عَبَس	ترش روئی۔ قرآن شریف کی ایک سورۃ
ع	عَبد	بندہ۔ غلام۔ نوکر
ع	اَبد	ہمیشگی۔ وہ زمانہ جس کی انتہا نہ ہو۔ دوام
ع	عَبر	گھاٹ۔ تعبیر گوئی
ع	عِبر	گھاٹ کا محصول
ف	اَبر	بادل

ع	عَبِید	عبد کی جمع۔ بہت سے غلام
ع	عُبَید	عبد کی تصغیر۔ چھوٹا غلام

ع	عَبیر	ایک خوشبودار سفوف جو کپڑوں پر چھڑکا جاتا ہے
ہن	ابیر	ابرک کا برادہ جو خوشی کے وقت ہندو آپس میں ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں

ع	عَتَبہ	آستانہ
ع	اِتبَاع	پیروی کرنا۔ پیروی
ع	اَطِبّا	طبیب کی جمع۔ حکیم۔ ڈاکٹر

ع	عَثرت	ٹھوکر۔ لغزش
ع	عُسرت	تنگی۔ دشواری

ع	عَجَب	تعجب۔ انوکھا۔ تعجب انگیز۔ عمدہ
ع	عُجب	غرور۔ خود بینی

ع	عَدَم	نیستی۔ ناپیدی۔ غیر حاضری۔ مرکبات میں نفی کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے عدم حاضری
ہن	اُدّم	محنت۔ کوشش
ع	آدم	پہلے انسان اور خدا کے اوّلین پیغمبر

ع	عَدَنی	عدن کا رہنے والا۔ عدن سے منسوب
ع	اَدنیٰ	کمینہ۔ اعلیٰ کی ضد

ع	عَدِیم	نابود۔ ناپید۔ نایاب
ع	اَدِیم	ادھوری۔ چمڑا۔ سطح زمین

ع	عِذار	رُخسار۔ چہرہ۔ رُخ

ع	اِزار	پاجامہ۔ شلوار

ع	عَرّابہ	چھکڑا۔ گاڑی۔ (تلفظ میں اختلاف ہے)
ف	اَرّابہ	چھکڑا۔ گاڑی۔ (عرّابہ۔ ارّابہ کے معنی ایک ہی ہیں)

ع	عَرَب	عرب کا باشندہ۔ نام ملک۔ خوش بیان
ہن	اَرَب	سو کروڑ

ع	عَرَض	وہ چیز جو دوسری چیز کی وجہ سے قائم ہو۔ برعکس جوہر کے
ع	عَرض	گزارش۔ اظہار۔ بیان۔ چوڑائی
ف	اَرز	مول۔ عزت۔ بزرگی
ع	اَرض	زمین

ع۔ف	عَرضی	تحریری درخواست
ع	اَرضی	زمینی۔ زمین سے متعلق

ع	عُرَفاء	عارف کی جمع۔ ولی لوگ
ع	عَرَفہ	ذی الحج کی نویں تاریخ
ع	اَرفع	نہایت بلند۔ عالی مرتبہ

ع	عَرَق	پسینہ۔ نچوڑا ہوا پانی۔ شراب۔ شیرہ
ع	عِرق	رگ۔ جڑ

ع	عَروض	شعر وزن کرنے کا علم
ع	عُروض	ظاہر ہونا۔ عارض ہونا

ع	عُروَہ	گرفت۔ کاج۔ کونہ۔ دستہ

ع اَرْوَاح روح کی جمع۔ روحیں۔ نیت۔ اردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے۔ (ق) فرشتے

ع عِزّ عزت۔ بزرگی
ع عَزَّ غالب ہوا۔ اس کی بڑائی ہو۔ اس کی حمد ہو
ف اَز سے۔ (حرف جر)

ع عَزَا مصیبت پر صبر۔ ماتم پرسی
ع عُزّیٰ ایک بت، عرب کا ایک درخت جسے کافر بتوں کی طرح پوجتے ہیں
ع اَعضا عضو کی جمع

ع عَزْل برطرفی۔ بیکاری۔ معطلی
ع اَزَل وہ زمانہ جس کی کوئی ابتدا نہ ہو۔ آغاز
ع اَذَل ذلیل ترین

ع عَزِیمت ارادہ۔ عزم۔ وہ بات جو فرض ہو
ع عَظَمت بزرگی۔ شان وشوکت۔ قدر ومنزلت

ع عُسر دشواری۔ تنگی
ع عَصر زمانہ۔ وقت۔ دن کا آخری حصہ۔ دن کی آخری نماز
ع اَثَر سنت نبوی۔ تاثیر۔ نشان۔ نتیجہ
ہن اَسُر شیطان۔ بدروح

ع عُسرَت تنگی۔ دشواری
ع عَثرَت ٹھوکر۔ لغزش

ع عَسَل شہد

ع اَصْل بنیاد۔ منبع۔ خلاصہ۔ طینت۔ نسب۔ کھرا
ق اُسْل صورت

ع عَسِیر مشکل
ع اَسِیر قیدی
ع عَصِیر نچوڑ۔ انگوری شراب
ع اَثِیر عالی۔ بلند۔ آسمان۔ ایتھر

ع عِشا رات کا اندھیرا۔ رات کی نماز
ع عَشا رات کا کھانا
س اُشا طلوع سحر۔ پو پھوٹنے کا وقت

ع عُشبہ ایک بوٹی جو مصفّی خون ہے
ع اَشْبَاہ شِبہ کی جمع۔ شبیہیں۔ صورتیں
ع اِشْبَاہ مشابہ ہونا
ع اِشْبَاع حرکت کو اس طرح کھینچنا کہ زبر سے الف زیر سے ی اور پیش سے واؤ کی آواز پیدا ہوجائے۔ علم عروض میں حرف دخیل کی حرکت کا نام

ع عَشْر دس
ع عُشر دسواں حصہ
ع اَشَرّ بہت شریر
ع اَشعَر زیادہ شعر کہنے والا۔ بہت اور لمبے بالوں والا

ع عَصَا لاٹھی۔ علم
ہن آسا امید۔ آشا
ف آسَا مانند۔ مثل

ق | عصہ | وہ رومال جو سوتے وقت سر پر باندھا جائے
ہن | آسا | ایک راگ جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے

ع | عصارہ | رس۔ نچوڑ۔ شیرہ
ہن | اُسارا | چھپر۔ برآمدہ۔ دہلیز
ہن | اَسارا | ریشم کا ڈورا جس پر کلابتوں کا تار چڑھاتے ہیں

ع | عصب | پٹھا۔ نس
ف | اَسپ | گھوڑا۔ شطرنج کا ایک مہرہ

ع | عَلَم | جھنڈا۔ وہ نام جس سے آدمی مشہور ہو۔ خاص نام
ع | عِلم | دانش۔ آگاہی
ع | اَلَم | رنج۔ دکھ

ع | عُلو | بلندی۔ برتری
ہن | اُلو | نام پرند۔ احمق

ع | عَلَوی | وہ شخص جو حضرت علیؓ کی نسل سے ہو مگر حضرت فاطمہؓ کے بطن سے نہ ہو
ع | عُلوی | فرشتہ۔ ستارہ آسمان۔ فلکی۔ اعلیٰ درجہ کا

ع | علیٰ | پر۔ اوپر۔ بالا۔ (حرف جار)
ع | اِلیٰ | تک۔ طرف۔ (حرف جار)
ع | علا | بلند۔ بزرگ۔ بلندی۔ فراز
ق | آلا | گھر۔ گھونسلا
ہن | آلہ | گیلا۔ کچا زخم۔ طاق
ع | آلہ | ہتھیار۔ اوزار

ع | عُلیا | اعلیٰ۔ بزرگ۔ اعلیٰ کی تانیث
ہن | آلیا | چھوٹا طاق۔ (تلفظ: آ۔لی۔یا)

ع | علیل | مریض۔ روگی
ہن | اَلیل | بے دانت کا بچھڑا۔ بے پروا۔ نوجوان۔ ناتجربہ کار۔ (تلفظ: اَ۔لیل)

ع | علیم | جاننے والا۔ عالم۔ علم والا
ع | الیم | تکلیف دہ۔ دردناک

ع | عَمّ | چچا
ار | اَم | دودھ پیتے بچے کی زبان میں پانی کا اشارہ (صوت)
ف | اِم | اس۔ مرکبات میں بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے امسال۔ امروز
ع | اُمّ | ماں

ع | عِمارت | وہ چیز جو تعمیر کی جائے۔ مکان
ع | اِمارت | دولت مندی۔ حکومت

ع | عُمر | سن و سال۔ عرصہ۔ زندگی۔ عہد
ع | عُمَر | خلیفہ ثانیؓ کا اسم گرامی
ع | عُمرہ | زمانۂ حج کے علاوہ مکہ معظمہ کی حاضری اور بیت اللہ کا طواف
ع | اُمراء | امیر کی جمع

ع | عَمَل | کام۔ کارروائی۔ استعمال۔ قاعدہ۔ اثر۔ جادو
ہن | اَمَل | نشہ۔ (سوائے شراب)

ع اَمَل — امید۔ خواہش۔ آس

ع عَمَلی — عمل سے منسوب۔ نشے کا عادی۔ معمولی
ہن اِملی — ایک ترش پھل۔ املی کا درخت

ہن عَمیٰ — اندھاپن
ع اَمّا — لیکن۔ پر۔ مگر۔ تاہم
اَر اَماں — ارے۔ اے۔ اے جی۔ (کلمۂ خطاب)
ہن اَمّاں — ماں

ع عَن — سے۔ ساتھ۔ ذریعہ سے۔ (حرف جر)
س اَن — بنا۔ بغیر۔ اور۔ دوسرا۔ اناج
ہن اِن — اس کی جمع اور تعظیم کے لئے بولتے ہیں۔ اشارہ قریب
ہن اُن — اس کی جمع۔ اشارہ ضمیر کا۔ اشارہ بعید۔ ضمیر جمع غائب

ع عَنا — تکلیف۔ محنت۔ رنج
ت اَنا — دایہ
ع اَنا — میں۔ ضمیر متکلم واحد
ع اَنا — شعور۔ خودی۔ خودداری

ع عِناد — لڑائی۔ سرکشی۔ ہٹ۔ دشمنی۔ کینہ
س اَناد — جس کی ابتدا نہ ہو مراد خدا تعالیٰ

ع عَنبر — سمندر کی ایک سوکھی گھاس جس کو جلانے سے خوشبو پیدا ہوتی ہے۔ (تلفظ: عم۔ بَر)
ع اَمبر — چادر۔ آسمان۔ بادل۔ رتبہ کی پوشاک

ع عَود — واپسی۔ لوٹنا۔ اعادہ
ع عُود — ایک قسم کی سیاہ لکڑی جو آگ میں جل کر عمدہ خوشبو دیتی ہے۔ اگر۔ بربط۔ ایک قسم کا ساز۔ (واو معروف)

ع عَون — مدد۔ مددگار
ہن اُون — پشم۔ صوف

ع عَہد — زمانہ۔ وقت۔ سال۔ قول وقرار۔ قسم۔ زمانۂ حکومت
ع اَحد — ایک۔ اکیلا۔ لاشریک
ع اُحُد — مدینہ منورہ کے قریب ایک پہاڑ اُحد

ع عِیاذ — پناہ لینا۔ برائی سے بھاگنا
ف ایاز — فرمانبردار۔ خدمت گار۔ محمود غزنوی کا غلام

ع عِیار — کھرا کھوٹا پن۔ سونا چاندی تولنے کا کانٹا
ع عَیّار — مکار۔ ٹھگ۔ ہوشیار۔ دغاباز

ع عَیال — زن و فرزند۔ بال بچے۔ متعلقین۔ (عیال بھی صحیح ہے)
اُر اَیال — گھوڑے کی گردن کے لمبے لمبے بال۔ جانور کی گردن کے لمبے بال

عب عیسا — گناہ سے بچانے والا۔ نام پیغمبر عیسیٰ
ہن اَیسا — اس قسم کا۔ اس قدر۔ (تابع فعل)

ع عَین — آنکھ۔ پانی کا چشمہ
ہن اَین — دودھ دینے والے جانوروں کا تھن۔ کھیری
ع عَین — اردو کا چوبیسواں۔ فارسی کا اکیسواں اور عربی کا اٹھارھواں حرف

ع عُیُوب عیب کی جمع ۔ برائیاں ۔ نقائص

ع اَیُّوب عبرانی لفظ اِیُّوبھ ۔ (بمعنی جتلائے اذیت) کا معرب ۔ مشہور پیغمبر کا نام

غ

ار غپ گپ ۔ جھوٹی بات

ق غُپ چپ ۔ خاموش

ع غَرّا سفید ۔ روشن ۔ مشہور ۔ جید

ع غُرّا چاندرات ۔ سفیدی ۔ ناغہ ۔ تعطیل

ع غَرّہ غرور ۔ مغرور

ع غَسّالہ نہلانے والی ۔ مُردوں کو نہلانے والی

ع غُسالہ دھوون ۔ استعمال شدہ پانی

ف غَش بے ہوشی ۔ ناطاقتی (تلفظ میں اختلاف ہے)

ع غِش کدورت ۔ تشویش (تلفظ میں اختلاف ہے)

ف غُلّ شور ۔ ہنگامہ

ع غِل کینہ ۔ کدورت

ع غَلَت حساب میں بھول چوک

ع غَلَط نادرست ۔ کھوٹا ۔ بے جا ۔

ف غَلّہ اناج ۔ زمین کی پیداوار ۔ نقدی رکھنے کا صندوقچہ

ار غُلّہ مٹی کی گولی یا کنکری جسے غلیل میں رکھ کر چلاتے ہیں ۔ چھوٹی سی گول شے

ع غِنا دولت مندی ۔ بے نیازی ۔ بے پروائی

ع غِنا راگ ۔ گانا

ع غُنّہ وہ نون جس کی آواز ناک سے نکلے

ع غَیبت غیر حاضری ۔ پس پشت

ع غِیبت بدگوئی ۔ کسی کی پیٹ کے پیچھے برا کہنا

ع غَیض ناتمام بچہ جو حمل سے ساقط ہو جائے ۔ بہت ہی تھوڑا ۔ (مجازاً) تھوڑی ۔ بخشش

ع غَیظ سخت غصہ ۔ غصہ کی تیزی

ار غَین ایک بے معنی آواز

ع غَین (حرف ''غ'' کا تلفظ) گھرا ہوا ابر ۔ پیاس ۔ نشہ میں چور ۔ تاریکی ۔ اردو کا چھبیسواں فارسی کا بائیسواں اور عربی کا انیسواں حرف

ف

ف فارِس گھوڑ سوار

ف فارَس پارس ۔ ایران کا پرانا نام

انگ فارم (Form) نقشہ ۔ نمونہ ۔ چھپا ہوا کاغذ جو خانہ پُری کے لئے دیا جائے

انگ فارم (Farm) کھیت ۔ اراضی کا بڑا رقبہ جس پر مشینوں کے ذریعہ کاشت کی جائے

ع فاسِخ فسخ کرنے والا ۔ توڑنے والا

ع فاسِق گنہ گار ۔ جھوٹا

انگ فاسِل (Fossils) متحجرات ۔ لاکھوں برس پہلے کے جانداروں اور پودوں کے فرسودہ جسم جو زمین میں دب جانے کی وجہ سے کوئلے یا پتھر میں تبدیل ہو چکے ہیں

ع فاصِل — جدا کرنے والا

ع فائز — پہنچنے والا۔ فتح پانے والا۔ کامیاب

ع فائض — فیض دینے والا

انگ فائل — (File) مسل۔ کاغذات کا مجموعہ جو سلسلہ وار اور تاریخ وار رکھا جائے۔ قطار

ع فاعِل — کام کرنے والا۔ وہ اسم جس سے کوئی فعل سرزد ہو

ع فتّاح — کھولنے والا۔ حکم کرنے والا

ع فتح — جیت۔ کامیابی

فتحہ — زبر (َ)۔ (تلفظ: فت۔حہ)

ع فتَرت — سستی۔ ضعف۔ دو پیغمبروں کے درمیان کا وقفہ۔ خلا۔ (تلفظ میں اختلاف ہے)

ع فِطرَت — قدرت۔ پیدائش۔ خمیر۔ عقل مندی۔ فریب۔ سازش

ق فتوا — تہمت۔ فساد

ع فتویٰ — شرعی حکم۔ مفتی کا فیصلہ

انگ فِٹ — (Fit) چست۔ ٹھیک

انگ فُٹ — (Foot) پاؤں۔ قدم۔ بارہ انچ کا پیمانہ

ع فخر — ناز۔ گھمنڈ۔ غرور۔ بزرگی۔ شیخی۔ شان وشوکت

ع فقر — درویشی۔ محتاجی

ع فَر — شان وشوکت۔ زیبائش۔ دبدبہ۔ رعب داب

انگ فَر — پوستین۔ سمور

ع فَراخ — وسیع۔ کشادہ۔ بڑا

ع فِراق — جدائی۔ دھن۔ فکر۔ خیال

ع فَرّار — بہت بھاگنے والا۔ چالاک

ع فِرار — بھاگنا۔ بھاگڑ۔ بھاگ چلنا

ع فَرّاش — فرش بچھانے والا

ع فِراش — وہ فرش جس پر سوئیں۔ بستر (مرکبات کے آخر میں مستعمل ہے۔ جیسے صاحب فراش)

ع فَرج — شگاف۔ سوراخ۔ عورت کا اندام نہانی۔ شرم گاہ (اردو میں بضم اول مستعمل ہے)

انگ فرِج — ریفریجریٹر کا مخفف

ف فَرُخ — مبارک۔ خوبصورت

ع فُرق — جدائی۔ فاصلہ۔ سر۔ کمی۔ بیگانگی

ف فِرو — تحت۔ زیر حکم۔ کم رتبہ

ع فُروع — فرع کی جمع۔ شاخیں۔ مذہبی اصطلاح میں وہ مسائل جو عمل سے متعلق ہوں

ف فِزا — بڑھانے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے راحت فزا۔ جاں فزا۔ افزا کا مخفف

ع فِضّہ — چاندی

ع فَزع — ڈر۔ ہراس

ع فَضا — زمین کی کشادگی۔ کھلا میدان۔ کیفیت

ع فَساد — تباہی۔ فتنہ۔ شرارت

ع فَصّاد فصد کھولنے والا۔ جراح

ع فَسخ توڑنا۔ منسوخ کرنا

ع فِسق نافرمانی۔ گناہ

ف فَش پگڑی۔ شملہ۔ طرہ۔ گھوڑے کی دم

ف فِش (کلمہ تحقیر) ہیچ۔ بے حقیقت

ع فُضلاء فاضل کی جمع۔ علماء

ع فُضلہ بچا ہوا۔ جھوٹا کھانا۔ کسی چیز کا پھوک۔ پاخانہ

ع فِطرت قدرت۔ پیدائش۔ خمیر۔ عقل مندی۔ فریب

ع فَترت سستی۔ ضعف۔ دو پیغمبروں کے درمیان کا وقفہ۔ خلا۔ (تلفظ میں اختلاف ہے)

ع فِعل کام۔ علم صرف میں وہ کلمہ جس میں کوئی زمانہ پایا جائے۔ کرتوت

انگ فیل (Fail) ناکامیاب۔ ناقص

ار فَیل فریب۔ شرارت۔ ضد

ف فِیل ہاتھی

ع فَقر درویشی۔ محتاجی

ع فَخر ناز۔ گھمنڈ۔ بزرگی۔ شیخی۔ شان و شوکت

ع فُقَرا فقیر کی جمع۔ بہت سے فقیر

ع فِقرا ریڑھ کی ہڈی۔ عبارت کا ٹکڑا

ع فَلاح بھلائی۔ آسودگی۔ نجات۔ سلامتی۔ عمدگی

ع فَلّاح کاشتکار

ار فلان آلۂ تناسل۔ شرم گاہ

ع فُلان شخص غیر معلوم۔ ایرا غیرا۔ وہ شخص یا چیز جو ذہن میں ہو مگر زبان سے نہ کہیں

انگ فلور (Flour) آٹا

انگ فلور (Floor) سطح۔ منزل

ع فی (حرف جار) درمیان۔ ساتھ۔ ہر ایک

ار فی عیب۔ غلطی

انگ فیوز (Fuse) تیز حرارت سے پگھلنا یا جل جانا۔ بجلی کے تار کا جل جانا۔ فتیلہ

ع فُیُوض فیض کی جمع

ق

ت قاب بڑی رکابی۔ تھالی

ع قاب کان کی موٹھ سے گوشے تک کا فاصلہ۔ ایک ہاتھ کا فاصلہ

ع خواب سپنا۔ خیال۔ وہم (تلفظ: خا۔ب)

ع قاری پڑھنے والا۔ علم قرأت کے مطابق قرآن مجید پڑھنے والا

ف خواری ذلت۔ رسوائی۔ (تلفظ: خا۔ری)

ع قاصر کوتاہی کرنے والا۔ مجبور

ع خاسر نقصان اٹھانے والا

قاطر خچر

ع خاطر جو دل میں گزرے۔ دل۔ من۔ جگر۔ ارادہ۔ مرضی۔ آؤ بھگت۔ مزاج

ع قال گفتگو۔ قول۔ ظاہری اور دکھاوے کی بات چیت
ع خال تل۔ ماموں۔ خالو

ت قالی غالیچہ۔ فرش
ع خالی جو بھرا ہوا نہ ہو۔ تہی۔ محض۔ تنہا۔ بے کار

ع قانع قناعت کرنے والا۔ جو مل جائے اسی پر راضی رہنے والا
ار خانے خانہ کی اردو جمع

ع قاہر قہر کرنے والا۔ غالب۔ طاقت ور
ف خواہر بہن۔ (تلفظ: خا۔ ہر)

ع قبا ایک قسم کا آگے کھلا ہوا کوٹ یا اچکن
ع قبہ گنبد۔ برج

ع قبر تربت۔ گور
ع خبر آگاہی۔ واقفیت۔ پیغام۔ افواہ۔ پتہ۔ حال

ع قبط مصر کا پرانا نام (Copt)
ع خبط سودا۔ دیوانگی۔ خفقان

ع قبطی قدیم مصریوں کی عیسائی اولاد۔ قبط سے متعلق
ع خبطی پاگل۔ مجنون

ع قبل (متعلق فعل) پہلے۔ آگے۔ اوّل
ع قبل اگلا حصہ۔ عورت کا اندام نہانی۔ (تلفظ: قُب۔ ل بھی صحیح ہے)

ع قتال جنگ۔ کشت و خون۔ (تلفظ میں اختلاف ہے)
ع قتّال بہت قتل کرنے والا

ت قتی صندوقچہ۔ صندوقچی۔ انگور کی پٹاری
ع خطی خط کی طرف منسوب۔ لکیر کی طرح سیدھا۔ ایک قسم کا نیزہ

ع قثا ککڑی
ع قصہ کہانی۔ حکایت

ع قثم تخی۔ نفیس کپڑا۔ لکڑ بگڑ۔ چرخ
ع خصم دشمن۔ مخالف (ف) آقا (ار) خاوند
ع قسم سوگند
ع قسم حصہ۔ جنس۔ ڈھنگ۔ طور۔ تقسیم

ع قد جسم کی لمبائی۔ قامت (دراصل بتشدید دال ہے لیکن فارسی اور اردو میں بغیر تشدید مستعمل ہے)
ع خد گال۔ چہرہ۔ (خدّ بھی صحیح ہے)

ع قدح مدح کی ضد۔ ہجو۔ عیب گوئی۔ اعتراض۔ لعنت ملامت۔ تردید۔ عموماً رد کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ ردّ و قدح
ع قدح بڑا پیالہ۔ جام
ع خدع دغا کرنا

ع قدر قضا۔ حکم الٰہی۔ تقدیر (ار) مقدار اور اندازہ کرنے کے لئے (اس قدر۔ اتنا)
ع قدر عزت۔ مرتبہ۔ کسی چیز کا اندازہ۔ مقدار۔ برابر

ع قَدَری — مسلمانوں کے فرقۂ قدریہ سے منسوب۔ قدریہ مذہب کے عقائد رکھنے والے
ار قُدری — کوشش۔ اصرار۔ دباؤ

ع قَدَم — پاؤں۔ ڈگ۔ چال
ع قِدَم — پرانا ہونا۔ ہمیشگی
ع خَدَم — خادم کی جمع۔ نوکر چاکر

ع قَذف — کسی پر زنا کی تہمت لگانا۔ گالی دینا
ع خَزَف — ٹھیکری

ع قِرا — مہمانی
ع قُریٰ — قریہ
ع قُرّاء — قاری کی جمع
ع قُرعَہ — نام کی پرچی نکالنا۔ لاٹری۔ پانسا

ع قَرَابہ — عرق کھینچنے کا بڑا شیشہ۔ صراحی
ع خَرَابہ — ویران مکان۔ ویرانہ۔ وہ زمین جس میں کاشت نہ ہوتی ہو

ع قَرَان — چاندی کا ایک سکہ جو سونے کے تومان کا دسواں حصہ ہوتا ہے
ع قِران — نزدیکی۔ دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا
ع قُرآن — کلام مجید

ع قِرد — بندر۔ بوزنہ
ف خِرد — عقل۔ دانائی
ف خُرد — چھوٹا کم قدر

ع قُرص — ٹکیا۔ گھیرا۔ گول چیز ٹکیہ کی طرح
ف خِرس — ریچھ

ت قُرق — ضبطی۔ ممانعت
ع خَرق — پھاڑنا۔ جھوٹ بولنا

ار قُرم — قرمساق کا مخفف۔ بھڑوا۔ کمینہ
ف خُرّم — خوش۔ سرسبز

ع قِسط — حصہ۔ ٹکڑا۔ وہ رقم جو تھوڑی تھوڑی ادا کی جائے
ع خِسّت — کنجوسی (ق) کمی

ع قَسَم — سوگند
ع قِسم — حصہ۔ جز۔ نوع۔ ڈھنگ۔ طریق۔ تقسیم
ع خَصم — دشمن۔ مخالف۔ مالک (ار) خاوند

ع قِسّیس — دین نصاریٰ کا عالم
ع خَسیس — کمینہ۔ کنجوس۔ نالائق

ع قَسیم — تقسیم کرنے والا
ع خَصیم — جھگڑالو۔ دشمن

قَصّابہ — قصائی کا پیشہ۔ قصائی خانہ۔ قصائیوں کا بازار۔ (قصاب کی مؤنث)
ع قَصَابہ — عورتوں کے سر سے باندھنے کا رومال

ع قَصر — محل۔ مکان۔ کمی۔ وہ نماز جو حالت سفر میں مقررہ رکعتوں سے کم پڑھی جائے

ف خُسَر سُسر۔ (خسر بھی صحیح ہے)

ع قَصِیر پست قد۔ کوتاہ

ع خَسِیر نقصان اٹھانیوالا۔ دیوالیہ

ع قَطّ کاٹنا۔ قلم کی نوک کاٹنا

ع خَطّ نوشتہ۔ تحریر نامہ۔ چھٹی۔ لکیر

ع قُطر وہ خط مستقیم جو دائرے کے مرکز سے گزرتا ہوا دونوں طرف محیط تک چلا جائے

ع خَطَر خوف۔ دشواری۔ آفت

ع قَطرہ پانی کی بوند۔ کسی سیال چیز کی بوند

ع خَطرہ خوف۔ اندیشہ۔ دشواری۔ آفت

ع قَطع تراش۔ طور۔ انداز

ع خَطَا قصور۔ گناہ۔ بھول

ع قُطّاع قاطع کی جمع۔ کاٹنے والا

ع قِطعَہ ٹکڑا۔ پرزہ۔ خطہ۔ قسم نظم (بالفتح بھی جائز ہے)

ع خِطّہ زمین کا گھرا ہوا حصہ۔ ملک کا خطہ

ع قَفَا پشت گردن۔ گدی۔ کسی چیز کا پچھلا حصہ

ع خِفَا پوشیدگی۔ راز۔ پوشیدہ ہونا

ف خَفَا ناراض۔ برہم

ار قَلا ہندی ''گلا'' کا بگڑا ہوا۔ بازی گر کی وہ حرکت جس سے وہ سر نیچے اور ٹانگیں اوپر کر کے سر کے بل اُلٹ جاتا ہے

ع قُلّہ پہاڑ کی چوٹی

ع خَلا خالی جگہ۔ زمین سے اوپر کا وہ خطہ جہاں زمین کی کشش ثقل کا اثر نہیں ہوتا۔ خلوت۔ پاخانہ

ع خُلع عورت کا مہر معاف یا معاوضہ ادا کر کے طلاق لے لینا

ع قَلع گرانا۔ مسمار کرنا۔ بیخ کنی

ع قَلعَہ گڑھی

ار قُلفا کرفہ۔ ایک بھاجی

ع قُلفَہ عضو تناسل کا سرا بغیر ختنہ کئے ہوئے

ع خُلَفاء خلیفہ کی جمع۔ مسلمانوں کے بادشاہ۔ امیر المومنین

ع قَلَق بے چینی۔ رنج۔ حسرت۔ پچھتاوا

ع خَلق خلقت۔ دنیا کے لوگ۔ مخلوق

ع خُلق خُو۔ خصلت۔ عادت۔ خوش مزاجی

ع قَلِیل کم۔ ذرا سا۔ چھوٹا

ع خَلِیل سچا دوست

ع قَلیَہ توے پر بھنا ہوا گوشت۔ سادہ گوشت، گھی میں بھون کر شوربے دار پکایا ہوا

ار قُلیَا قرآن مجید کی سورۃ الکافرون

ع خَلیَہ جسم کا مختصر ترین خانہ (انگ) (Cell)

ع قُم اٹھ کھڑا ہوا۔ اٹھ بیٹھ۔ جی اٹھ

ف خَم ٹیڑھ۔ ترچھا پن۔ بل۔ حلقہ۔ ابرو کا بازو

ف خُم شراب کا مٹکا۔ مٹکا۔ خمیر۔ بڑی ہانڈی

ع قِمار — جوا بازی۔ وہ بازی جس کے ساتھ شرط ہو

ع خُمار — نشہ۔ کیف (ق) شرابی

ع خَمّار — شراب بیچنے والا۔ بہت شراب پینے والا

ع قمر — چاند۔ تیسری رات کے بعد کا چاند۔ پہلی اور دوسری کے چاند کو ہلال کہا جاتا ہے۔ (اصطلاح) چاندی

ع خمر — شراب

ع قمری — قمر سے منسوب، وہ مہینے یا سال جو چاند کی چال کے مطابق قرار دیے گئے ہوں

ع قُمری — فاختہ کی قسم کا ایک طوق دار پرند

ع قُنوت — نماز کی ایک دعا۔ فرماں برداری۔ پاک بازی۔ عبادت۔ خاموشی

ع قُنوط — مایوسی

ع قمیص — بے کلی کا کرتہ۔ خصوصاً کالر والا

ع خمیس — جمعرات۔ پانچواں، پانچواں دن

ار قُو — ایک قسم کی آواز جو کبوتر باز کبوتر اڑاتے وقت نکالتے ہیں

ف خُو — عادت۔ خصلت۔ ڈھنگ۔ چلن

ع قُوت — کھانا۔ خوراک۔ بھوجن

ع قُوّت — طاقت۔ زور

ف قُور — ہتھیار۔ کپڑوں کا حاشیے پر لگایا جانے والا فیتہ۔ (واو معروف و مجہول)

ف خور — کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور کھانے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے حلال خور۔ آدم خور۔ (واو مجہول)

ع قَول — بات۔ کہاوت۔ اقرار۔ قسم۔ مقولہ

ف خَول — چھلکا۔ اوپر کا غلاف۔ میان

ع قَوی — زور آور۔ قدرت والا۔ مضبوط

ع قُویٰ — قوت کی جمع

ع قے — الٹی۔ چھی

ع خے — اردو کا دسواں۔ فارسی کا نواں اور عربی کا ساتواں حرف

ع قیام — کھڑا ہونا۔ ٹھہراؤ۔ سکونت۔ استحکام۔ اعتماد۔ استقلال۔ موجودگی

ع خیّام — خیمہ بنانے والا

ع قیر — تارکول۔ رال۔ ایک قسم کا سیاہ روغن

ع خیر — نیکی۔ بھلائی

ت قیف — بوتلوں میں رقیق چیز بھرنے کا ایک آلہ

ع خیف — باپ کی جانب سے سوتیلا بھائی

ع قیمہ — ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت

ع خیمہ — ڈیرہ۔ تمبو

ک

انگ کار — (Car) موٹر کار۔ گاڑی

ف کار — کام کاج۔ ہنر۔ جنگ و جدل۔ مراد۔ غرض

انگ کافی — (Coffee) قہوہ کی ایک قسم

ع کافی — وافر۔ بہت۔ بس (پن) نظم کی ایک قسم (ار) ایک قسم کی راگنی

ہن گاگن — کنگنی۔ ایک قسم کا چھوٹا غلہ

س گاگن — ایک قسم کا کوڑھ

س کام — شہوت۔ عشق۔ مرضی

ہن کام — کاج۔ دھندا۔ بیوپار۔ لین دین۔ ہنر۔ نوکری

ار کامی — کاروباری۔ محنتی۔ مصروف۔ کارآمد

س کامی — عاشق۔ خواہشمند۔ عیاش

ہن کان — سننے کا عضو

ف کان — معدن۔ وہ جگہ جہاں سے کھود کر دھات یا جواہرات وغیرہ نکالتے ہیں۔ منبع

ار کانا — کان۔ مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے کانا پھوسی۔ کاناباتی

ہن کانا — ایک آنکھ والا۔ کانڑا

ار کانس — انگریزی لفظ "کارنس" کا بگڑا ہوا۔ کنگنی۔ چھجا

ہن کانس — ایک قسم کی لمبی گھاس۔ جھگڑا۔ چمک

ہن کانسا — رانجہ کا کھانا۔ خاصہ۔ کانسی (تلفظ: کاں۔سا)

ار کانسہ — صحیح (فارسی) کاسہ۔ پیالہ۔ بھیک کا ٹھیکرا۔ (تلفظ: کاں۔سَہ)

ار کاوا — گھوڑے کو اس طرح چکر دینا کہ اس کے قدموں کے نشانوں سے زمین پر ایک دائرہ پیدا ہو جائے۔ چوگان

ف کاوہ — ایک آہنگر جس نے فریدوں کو ڈھونڈ نکالا اور اسے ضحاک پر چڑھا کر ملک دلوایا

ف کاہ — (لاحقہ فاعلی) کاہیدن مصدر سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور گھلانے والا۔ گھٹانے والا۔ تباہ کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے جان کاہ

ف کاہ — کٹی ہوئی سوکھی گھاس

ہن کَب — (ظرف زمان جو محل استفہام میں آتا ہے)۔ کس وقت؟ کس دن؟ کیونکر؟ کس طرح؟ کس زمانے میں؟

ہن کُب — انسان کی پیٹھ کی کجی، اصلی ہو یا بڑھاپے سے۔ جھکاؤ۔ کوہان

ف کَباب — سیخ پر چڑھا کر کوئلوں پر بھنا ہوا قیمہ یا گوشت کے ٹکڑے

ف کُباب — سیاہ مرچ سے مشابہ ایک قسم کے گول گول بیج جو بطور دوا استعمال ہوتے ہیں

ع کِبْر — بزرگی۔ عظمت۔ غرور

ع کِبَر — بڑھاپا۔ پیری

ع کُبرا — چتکبرا۔ سیاہ و سفید

ع کُبَراء — کبیر کی جمع۔ بڑے آدمی

ع کُبریٰ — بہت بڑی۔ بہت بزرگ۔ عظیم۔ اکبر کی تانیث

ہن کَپ — لرزہ۔ کانپنا

ہن کُپ — بھس کا ڈھیر جو برج کی شکل کا بناتے ہیں

انگ کپ — (Cup) پیالہ

ہن کِتا — (تابع فعل) کتنا؟ (ق)

ہن کَتّا — ایک قسم کی تلوار

ہن کُتّا سگ۔ قسم گھاس۔ غلام۔ بندوق کا گھوڑا

ق کِتّا گنڈاسا۔ گردن مارنے کا ہتھیار۔ بڑا چھرا

ہن کُتَرن کتری ہوئی دھجی۔ کترا ہوا ٹکڑا

ہن کُتَرن دانتوں سے کتری ہوئی چیز

ہن کَتَرنا قطع کرنا۔ چھانٹنا۔ کاٹنا

ہن کُتَرنا دانتوں سے کاٹنا

ق کَتَری آفت

ق کُتَری قینچی

ہن کِتنا (تابع فعل) اس قدر۔ کہاں تک۔ جس قدر۔ کس قدر

ہن کَتنا کاتا جانا۔ روئی کا تاگا بنانا

ہن کُتنا اندازہ کرنا

س کَتھا بیان۔ مقولہ۔ قصہ۔ ذکر۔ چند (تلفظ: کَ۔تھا)

ہن کَتھا پان کے ساتھ کھانے والی ایک سیاہی مائل چیز۔ (تلفظ: کَتھ۔تھا)

ہن کُتّی سناروں کا ایک اوزار۔ ایک قسم کی تلوار

ہن کُتّی کتیا۔ مادہ سگ

ہن کَتیرا لوہا کترنے کا ایک آہنی اوزار

ہن کَتیرہ قسم گوند

ہن کَٹ ایک دوا۔ دھات۔ مار پیٹ۔ جدا

ہن کَٹ کاٹ کا مخفف۔ سیاہ رنگ جس سے چھینٹ چھاپتے ہیں۔ کمر

ہن کَٹا کاٹا ہوا۔ کٹا ہوا

ہن کَٹّا سخت۔ مضبوط۔ بنا کٹا (پن) بھینس کا بچہ

ہن کُٹّا پر اکھاڑا ہوا کبوتر

ہن کَٹار خنجر۔ ایک درندہ جو نیولے سے مشابہ ہوتا ہے

ہن کُٹار چھوٹا گھوڑا۔ شریر ٹٹو

ہن کُٹائی کوٹنے کا فعل۔ کوٹنے کی اُجرت

ہن کَٹائی کٹنے کا عمل۔ کٹوانے کی اُجرت۔ فصل اٹھانے کا موسم

ہن کَٹنا تراشا جانا۔ زخم لگنا۔ الگ ہونا۔ بسر ہونا۔ رنگ اڑنا۔ حسد کرنا۔ وقت بسر ہونا

ہن کُٹنا بھڑوا۔ کوٹا جانا۔ پٹنا

ہن کَٹوانا کسی سے کاٹنے کا کام لینا

ہن کُٹوانا پٹوانا۔ کسی سے کوٹنے کا کام لینا

س کَٹول ایک نیچ ذات کا آدمی۔ چنڈال

ہن کَٹول ایک قسم کا درخت

ہن کَٹھلا ہنسلی۔ گلے کا ایک زیور

ہن کُٹھلا اناج کا گودام۔ چونے کا بھٹا۔ کان کی بڈی

ہن کَٹھیا سخت۔ کڑا۔ بھینس کا مادہ بچہ۔ قسم بادام قسم گیہوں

ہن کُٹھیا ذخیرہ۔ غلہ رکھنے کا مٹی کا بڑا برتن

ہن کَٹی کٹا کی تانیث۔ کٹی ہوئی

ہن کُٹی گنڈاسے سے باریک کٹا ہوا چارہ۔ پانی میں گلایا ہوا کاغذ۔ پر کٹا ہوا کبوتر

ہن	گُٹی	درویشوں یا زاہدوں کی جھونپڑی۔ سادھ (تلفظ میں اختلاف ہے)
ہن	کُٹیا	دودھ رکھنے کا مٹی کا بنا برتن۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ جوان بھینس
ہن	کَٹیا	ایک خاردار بوٹی۔ قسم گھاس
ہن	کُٹیا	درویشوں یا زاہدوں کی جھونپڑی
ع	کَثرت	زیادتی۔ بہتات۔ (مجازاً) ہجوم
ار	کَسرت	ورزش۔ عشق۔ مہارت
ف	کُجا	(متعلق فعل) "کدام جا" کا مخفف کہاں؟ کس جگہ؟ نفی کے واسطے بھی آتا ہے
ار	کُجا	کوزہ کا بگڑا ہوا
ف	کَجی	ٹیڑھا پن۔ ترچھا پن
ہن	کُجی	چھوٹا کوزہ
ہن	کچ	کچا کا مخفف۔ خام
ہن	کُچ	پستان۔ تھن۔ سر پستان
ق	کچکچانا	عاجز آنا
ہن	کِچکِچانا	غصے سے دانت پیسنا
ہن	کچلی	نوک دار دانت۔ کتا دانت
ہن	کِنچلی	کینچلی
ہن	کچھ	بغل۔ پہلو۔ دیوار کا کونا۔ چوتڑ۔ کچھوا
ہن	کچھ	ذرا۔ کسی قدر (استفہام کے لئے) کیا۔ کہیں۔ کوئی (کثرت کے لئے) بہت کچھ۔ بطور انکار (نہیں کی تاکید) بالکل

ار	کَد	(تابع فعل) کب؟
ع	کَدّ	سختی۔ جدوجہد۔ ضد۔ اصرار
ف	کَد	(کدہ کا مخفف) گھر۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے
ع	کَدَر	کدورت۔ گدلا پن
ع	کَدِر	میلا۔ تیرہ
ق	کِدَر	(تابع فعل) کدھر
ہن	کَدّر	ذلیل آدمی۔ کمینے لوگ
س	کَر	ہاتھ۔ ہاتھی کی سونڈ۔ خراج۔ جرمانہ
ف	کَر	بہرہ۔ زور۔ طاقت۔ شان و شوکت
ہن	کَر	(متعلق فعل) ماضی کے بعد آکر یہ ظاہر کرتا ہے کہ پہلا فعل پہلے ہوا اور دوسرا بعد میں۔ لحاظ سے۔ مصدر کرنا کا امر
ع	کَرّار	بار بار حملہ کرنے والا۔ بھگانے والا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب
ہن	کِرار	کراڑ۔ دوکاندار۔ بنیا
ہن	کرانا	دوسرے سے کام لینا۔ کرنا کا متعدی (کروانا فصیح ہے)
ہن	کِرانا	مختلف قسم کا مسالا وغیرہ۔ پرچون
ف	کَرانہ	دریا وغیرہ کا کنارہ
ف	کِرانت	ایک پیمانہ
ہن	کرانت	سبقت لے جانا۔ آگے جانا۔ جرم فلکی کا زوال پذیر ہونا
ہن	کراہ	وہ آواز جو کسی دکھ یا درد کے باعث نکلے۔ ہائے ہائے

ہن کراہ بُرا راستہ۔ ٹیڑھا راستہ

ع کُرہ گیند۔ گولا۔ ہر گول چیز

ہن کراؤ ہندو جاتوں وغیرہ میں بیوہ کی شادی کی رسم۔ رنڈی کا کسی کو شوہر بنا لینا

ہن کِراؤ ایک قسم کا چھوٹا منتر

ہن کُرُت بے موسم۔ خلاف موسم

ع کُرّت دفعہ۔ نوبت۔ نمبر

ہن کُرتا کُرتہ

ہن کرتا کرنے والا۔ شوہر

ہن کِرَچ ذرہ۔ ٹکڑا

ہن کِرِچ قسم تلوار (کِرَچ بھی صحیح ہے)

ہن کُرسی گوبر۔ اُپلوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ چورا

ع کُرسی چوکی۔ تخت۔ گدی۔ عمارت کی تہ کی اونچائی۔ زینہ۔ درجہ۔ پیڑھی

ہن کَرَک دکھ۔ درد

س کَرک کیکڑا۔ سفید گھوڑا

ہن کُرکُٹ گھاس پھوس (عام طور پر کوڑا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)

انگ کِرکِٹ (Cricket) گیند بلّے کا کھیل

ہن کِرکِرا ریتیلا

ہن کُرکُرا خستہ۔ بھربھرا

ہن کِرکِری کِرکِرا کی تانیث۔ ذلت۔ ایک قسم کا ریشمی زرتار کپڑا۔ مٹی ملی ہوئی چیز

ہن کُرکُری کُرکُرا کی تانیث۔ مروڑ۔ پیچش۔ نرم اور ملائم ہڈی

ع کَرَم بزرگی۔ ہمت۔ دان۔ مہربانی

س کَرم کام۔ نوکری۔ فرض۔ چال چلن۔ مذہبی رسم۔ (عموماً بفتح دوم بولتے ہیں)

ف کِرم کیڑا۔ مکوڑا

ف کَرَم بند گوبھی (کرم کلا)

ق کُرمی سبب

ہن کُرمی پورب کے ہندو زمینداروں کی ایک ذات

س کَرَن کان۔ مثلث کا ایک قاعدہ۔ (ہن) کان کا ایک زیور

ہن کِرَن سورج یا چاند کی شعاع۔ سنہری

ہن کرنا بنانا۔ عمل میں لانا۔ بندوبست کرنا

ف کرنا بگل۔ قرنا

ہن کِرنا کسی دھاردار چیز کی دھار خراب ہو جانا۔ کِر جانا

ہن کروا مٹی کا ٹونٹی والا برتن۔ لوٹا

ف کروہ کوس (تلفظ: کَ۔ رو۔ ہ)

ق کری (حرف اضافت) کی

ار کُرِی کُرکُری۔ خستہ۔ بھربھری

ف کریز پرندوں کا پرانے پر گرانا۔ پرندوں کا پر جھاڑنے کی کیفیت

انگ کِریز (Crease) تہ کی شکن یا خط (پتلون وغیرہ کا) کھیلنے والے اور گیند پھینکنے والے کی حد (کرکٹ)

انگ کِریم (Cream) مَلائی - بالائی
ع کَرِیم بخشنے والا - سخی - مہربان

ہن گَڑ قسم کا بیج - گاڑی یا چھکڑے کا الٹ جانا
ہن کِرڑ کیڑا کا مخفف - کرم

ہن کَڑَک بجلی کی آواز - سخت اور مہیب آواز
ار کَڑَک وہ مرغی جو انڈے دینے سے رُک گئی ہو - خالی

ہن کَڑکَڑ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے یا چبانے کی آواز - انگلیوں کے چٹخنے کی آواز
ہن کِرڑ کِرڑ دانتوں کے باہم رگڑ کھانے کی آواز
ہن کُڑکُڑ مرغیوں کو بلانے یا بھگانے کی آواز

ہن کِرڑ کِرڑانا دانتوں کا باہم رگڑ کھا کر آواز دینا
ہن کُڑکُڑانا مرغیوں کا بولنا - بڑبڑانا - جلنا - برا بھلا کہنا
ہن کَڑکَڑانا گھی یا تیل کے بگھارنے کی آواز نکلنا - بگھارنا - داغ دینا

ہن کَڑَکنا گرجنا - چیخ کر بولنا - باجے کا زور سے بجنا
ہن کَڑَکنا تڑکنا - چٹکنا - موتی میں بال آنا - ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا

ق کَڑکی غوطہ
ہن کُڑکی وہ چیز جس سے لڑکے چھوٹے چھوٹے پرندے پکڑتے ہیں

ہن کَڑھنا نکلنا - باہر آنا - زردوزی اور کشیدہ کاری ہونا - دودھ ابلنا
ہن کُڑھنا رنجیدہ ہونا - درد آنا - رحم آنا - افسوس کرنا - رنج کرنا

ہن کُڑی مرغیوں کو ہنکانے کی آواز (پن) لڑکی
ہن کَڑِی کڑا کی تانیث - کرخت - سخت - مستحکم - تیز - مشکل - غضبناک - شہتیر - رنج - حلقہ آہنی

ف کَس آدمی - لوگ - کوئی
ہن کَس زور - بل - آزمائش - تلوار کی خمیدگی - مضبوطی
ف کُس عورت کی شرمگاہ
ہن کِس (کلمۂ استفہام) کون - کدام؟

ہن کَسا تنا ہوا - تنگ
ہن کَسّا کیکر کی چھال - کیکر کی چھال سے بنی ہوئی شراب
ہن کَسّا پھاوڑا - کدال

ع کَسر شکستگی - ٹوٹ پھوٹ - جزو - زیر کی حرکت - علم حساب میں اکائی کا ایک حصہ یا حصے
ار کَسَر نقص - کمی - بچوں کی بدہضمی - گھاٹا (یہ تلفظ عربی کسر سے بنایا گیا ہے)

ار کَسرَت ورزش - مشق - مہارت
ع کَثرَت زیادتی - بہتات (مجازاً) بھیڑ - ہجوم

ع کَسرَہ زیر - زیر کی حرکت
ف کِسریٰ نوشیروان عادل - شاہانِ عجم کے ہر بادشاہ کا لقب - (ف: خسرو کا معرب)

ع **کَسَل** سستی۔ تھکاوٹ (ار) علالتِ طبع۔ کمزوری

ہن **کُسَل** کُشل۔ عافیت۔ صحت

ہن **کَسنا** تاننا۔ مضبوط اور تنگ کر کے باندھنا۔ ستانا۔ کھرا کھوٹا پرکھنا۔ جانچنا۔ کم تولنا

ہن **کَسنا** پٹاری کا غلاف۔ بستر بند۔ پلنگ کسنے کی ڈوری۔ چھینکا

ہن **کَسوانا** کسنا کا متعدی المتعدی

ہن **کُسوانا** کوسنا کا متعدی المتعدی

ہن **کَسّی** چھوٹا پھاوڑا۔ بیلچہ۔ دو قدم کے برابر فاصلے کا ایک پیمانہ

ہن **کِسی** (کلمۂ تنکیر) کوئی چیز۔ کوئی آدمی۔ کوئی بات۔ نامعلوم الاسم

ف **کَسے** کوئی آدمی۔ کوئی شخص

ہن **کِسے** (کلمۂ استفہام) کس شخص کو؟ کونسے آدمی کو؟

ف **کَش** کھینچنے والا۔ برداشت کرنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے محنت کش (ار) حقے کا دم

ف **کُش** قتل کرنے والا۔ کشتن مصدر کا صیغۂ امر جو اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے، جیسے جراثیم کش

ف **کِشت** کھیتی۔ بویا ہوا کھیت

ف **کُشت** قتل۔ خونریزی

س **کَشٹ** دکھ۔ مصیبت۔ تکلیف

ف **کَشتی** ناؤ۔ ایک قسم کی پیالی۔ (ار) سینی

ف **کُشتی** زور آزمائی۔ دو پہلوانوں کا باہم گتھم گتھا ہونا

انگ **کُشن** (Caushion) گدا۔ تکیہ

ہن **کِشن** کرشن جی کا مخفف

س **کِشور** لڑکا۔ نوجوان۔ ہندوؤں کے نام کا آخری جزو۔ جانور کا بچہ (تلفظ: ک۔شور)۔ (واو مجہول)

ف **کِشوَر** ولایت۔ دیس

انگ **کَف** (Cuff) کپڑے کی دوہری پٹی جو قمیص کی آستین کے آگے لگاتے ہیں

ع **کَف** روکنا۔ بحر کے ساتویں حرف کو ساقط کر دینا۔ ہاتھ۔ پنجہ۔ ہتھیلی۔ پاؤں کا تلوا

ف **کَف** جھاگ۔ تھوک۔ بلغم

انگ **کِک** (Kick) ٹھوکر

انگ **کُک** باورچی

ہن **کَکّا** سفید۔ بھورا (ار) چچا

س **کَکّا** سورج۔ برہما۔ آگ۔ ہوا۔ موت۔ روح

ہن **کَکڑ** ایک قسم کا بھرا بھرا تمباکو۔ مٹی کا بڑا ڈھیلا۔ دبلا پتلا آدمی

ہن **کُکڑ** مرغا (طنزاً) بوڑھا آدمی

ہن **کَکڑی** خیار۔ ایک قسم کی لمبی سبز ترکاری

ہن **کُکڑی** کچے سوت کی لچھی۔ مکئی کا بھٹا۔ آک کا دوڈا۔ مرغی

ہن **کل** آج سے پہلے کا دن جو گزر چکا ہو۔ آج سے دوسرا دن جو آئے گا

زبان	لفظ	معنی
ہن	گل	کالا کا مخفف۔ مرکبات میں بطور سابقہ آتا ہے
ہن	گل	مشین۔ آلہ۔ کسی چیز کا حصہ یا جوڑ
ق	گل	ترکیب۔ حکمت۔ فوارہ۔ بندوق کا گھوڑا
ہن	گل	آرام۔ اطمینان
ہن	گل	پاسا۔ پاسے کا دیوتا۔ جھگڑا۔ فساد
ق	کِل	پھوڑا
ق	کُل	خاندان
ع	کُل	تمام۔ سب۔ کامل۔ ہر۔ ہر ایک۔ صرف
ہن	کُل	خاندان۔ ذات۔ قوم

زبان	لفظ	معنی
س	کلا	بہت چھوٹا حصہ۔ ذرے کا ساٹھواں حصہ۔ ہنر۔ ذرے کا آٹھواں حصہ۔ فریب۔ نٹ کا کرتب۔ بہانہ
ق	کِلا	بے پروائی۔ کمال
ہن	کلّا	کونپل۔ گال۔ جبڑا۔ سر۔ بدزبانی
ہن	کُلّا	کلی۔ غرارہ (کرنا کے ساتھ بولتے ہیں)
ف	کُلہ	کلاہ کا مخفف
ف	کلّہ	گال۔ جبڑا۔ سر

زبان	لفظ	معنی
ہن	کلال	شراب بیچنے والا
ف	کلال	کوزہ گر۔ کمہار

زبان	لفظ	معنی
ق	کلانا	ملانا
ق	کِلانا	بدلنا۔ پھینکنا
ہن	کلّانا	چوٹ کی وجہ سے کسی عضو کا درد کرنا۔ جلنا
ہن	کِلانا	پھٹکنا۔ رولنا۔ اناج صاف کرنا

زبان	لفظ	معنی
انگ	کلب	(Club) انجمن۔ سونٹا۔ ڈنڈا
ع	کلب	کتا

زبان	لفظ	معنی
ہن	کلبل	آفت
ہن	کِلبل	کیڑوں کا رینگنا۔ کچر پچر۔ بچے کچے

زبان	لفظ	معنی
ہن	کِلبلانا	کیڑوں مکوڑوں کا پیٹ کے بل چلنا۔ کلبل کرنا
ہن	کلبلانا	آہستگی سے ہلنا۔ کھجانا۔ تڑپنا۔ کیڑوں کا رینگنا

زبان	لفظ	معنی
س	کلپ	وید کی ایک فصل۔ قیامت۔ خطرہ۔ شک وشبہ۔ مراد۔ دیوتاؤں کے ہزار جگ کے برابر کا زمانہ۔ گرامر
انگ	کِلپ	(Clip) کاغذوں یا بالوں کو اکٹھا کرنے کی چٹکی

زبان	لفظ	معنی
ہن	کلّر	بنجر۔ شور
ق	کِلّر	چور۔ لٹیرا

زبان	لفظ	معنی
ق	کلف	قفل
ار	کلف	ایک پکا ہوا لیس دار مادہ جسے پانی میں ملا کر کپڑے کو اس میں ڈبوتے ہیں۔ ہار۔ چھیپ۔ خضاب

زبان	لفظ	معنی
ار	کُلفا	ایک سرخ رنگ پھول
ہن	کُلفہ	لرفہ (ایک قسم کی بھاجی)

زبان	لفظ	معنی
ار	کُلما	دُلمہ۔ مسالے دار قیمہ بھری ہوئی بکری کی انتڑی
ع	کلمہ	لفظ۔ بات۔ وہ بامعنی لفظ جو آدمی کے منہ سے نکلے

ق	کَلَنگڑا	تربوز
ق	کِلنگڑا	موٹا۔فربہ
انگ	کلو	(Kilo) ہزار (سابقہ) مرکبات میں استعمال کیا جاتا ہے
ہن	کَلُّو	کالے رنگ کا آدمی۔سیاہ فام
ار	کلّو	کلّو کا مؤنث۔کالی عورت (واو مجہول)
ف	کُلَہ	کُلاہ کا مخفف۔ٹوپی
ف	کَلّہ	گال۔سر۔کھوپڑی
س	کِلی	غنچہ۔کنواری۔پرندوں کے نئے پر
ہن	کَلی	غرارہ
ع	کُلّی	سارا۔تمام۔کامل
ہن	کِلّی	میخ۔کھونٹی۔کنجی
ہن	کلیاں	ایک قسم کا چھوٹا ظرف
س	کلیاں	خیریت۔خوشی۔سونا۔خوش نصیبی
ہن	کُلیل	چوپایوں کا خوشی میں اُچھلنا۔کودنا
ف	کَلیل	سست۔گونگا
ع	کلیم	بات کرنے والا
انگ	کلیم	(Claim) حق۔دعویٰ۔نالش
	کُلیہ	گردہ۔ایک اندرونی عضو
ع	کُلیّہ	جزیہ کی ضد۔عام قاعدہ۔کالج۔یونیورسٹی۔فارمولا۔فیکلٹی۔ہمگی
ہن	کُلیا	تنگ کوچہ۔کلھیا

انگ	کمان	کمانڈ کا (Command) مؤرد۔حکم۔قیادت۔سرداری
ف	کمان	ایک خمدار آلہ جس سے تیر چلاتے ہیں۔دھنک۔دائرے کا کوئی حصہ۔جھکا ہوا
ہن	کمانا	روپیہ حاصل کرنا۔لوہے کی سختی دور کرنا۔چمڑا صاف کرنا۔زمین کو زرخیز بنانا۔کمزور کرنا
ف	کمانہ	بڑھئی کی کمان جس سے وہ برما چلاتا ہے
ق	کُمَل	کنول
ار	کَمّل	کمبل
ہن	کمرک	ایک ترش پھل۔(کمرکھ بھی صحیح ہے)
انگ	کمرک	(کیم۔رک کا مؤرد) ایک قسم کا باریک کپڑا
س	کملا	وشنو کی بیوی۔خوبصورت عورت
ہن	کملا	قسم کپڑا۔قسم نارنگی۔پاگل
ف	کُمیت	سیاہی مائل۔سرخ رنگ کا گھوڑا۔تیلیا۔سرنگ۔(تلفظ: ک۔میت)
ع	کمّیت	مقدار
ہن	کمیلا	ایک سرخ رنگ کی بچوں کی دوا (تلفظ: ک۔می۔لا)
ہن	کمیلا	ذبح خانہ (تلفظ: ک۔ے۔لا)
ف	کمین	کمینہ۔کم ظرف۔نالائق۔نوکر چاکر۔نیچ ذات کے لوگ
ع	کمین	گھات۔شب خون

ہن	گن	ریزہ۔ ذرا سا۔ غلّہ۔ غنچہ۔ پھول۔ بل۔ کونا (ق) کان۔ نزدیک
ف	گن	کرنے والا (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے کارگن)
ع	کُن	(صیغۂ امر حاضر) ہو جا۔ وجود میں آ جا
ہن	کِن	(کلمۂ استفہام) کس کی جمع
ف	کَن	کھودنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے گورکن)

ہن	کنّا	کنارہ۔ کور۔ پتنگ کا وہ حصہ جس میں ڈور باندھتے ہیں
ق	کنّا	کہنا

ف	کِنار	بغل۔ گود۔ سینہ۔ جدائی
ف	کَنار	حاشیہ۔ کور۔ پہلو۔ کنارہ
ار	کَنار	گھوڑے کا ڑ کام
ار	کِنارا	دیکھیے کنارہ
ف	کَنارہ	ساحل۔ کراڑا۔ طرف۔ گوشہ۔ انجام۔ جدائی۔ حاشیہ۔ گوٹ

ف	کُنج	زاویہ۔ گوشہ۔ کنارہ (نون غنہ)
س	کُنج	درختوں کے سائے میں بیٹھنے کی جگہ۔ کوچہ۔ ہاتھی دانت (نون غنہ)

ہن	گُنجر	ایک خانہ بدوش قوم۔ کمینہ۔ بدشکل۔ بے سروسامان
س	کُنجر	بڑا اور قوی الجثہ۔ ہاتھی۔ (ق) پرانا

ہن	کُنجی	چابی (نون غنہ)
ہن	کُنجی	نیلی۔ نیلگوں (آنکھیں)

ہن	کند	جڑ
ف	کُند	کھنڈا۔ وہ چاقو وغیرہ جو تیز نہ ہو۔ کاہل۔ غبی۔ (نون غنہ)

ف	کَندَن	کھودنا۔ گودنا۔ کندہ کاری
ہن	کُندَن	خالص سونا۔ دمکتا۔ خالص

ار	کَندا	پاجامے کی سہ گوشہ تریز۔ بندوق کا پچھلا حصہ۔ پتنگ کا ہر گوشہ۔ (نون غنہ) ۔(کندہ بھی صحیح ہے)
ف	کُندَہ	موٹی لکڑی کا ٹکڑا۔ وہ لکڑی کا ٹکڑا جس پر قصائی قیمہ کوٹتے ہیں۔ (نون غنہ)

ہن	کنڈا	اُپلا۔ تھاپی۔ ارنا۔ (نون غنہ)
ہن	کنڈا	حلقہ۔ زنجیر۔ کنڈی۔ (نون غنہ)

ہن	کنڈل	پیاز کا موٹا چھلکا (نون غنہ)
س	کُنڈَل	حلقہ۔ کان کا بالا۔ ہالا۔ (نون غنہ)

ہن	کنڈی	دروازے کی زنجیر۔ حلقۂ در (نون غنہ)
ار	کنڈی	سودا لانے کی ٹوکری۔ اُپلوں کا ہار (نون غنہ)

ق	کَنِش	کنجوس
ف	کُنِش	کردار۔ افعال نیک ہوں یا بد

ق	کنک	کلنک۔ داغ۔ (نون غنہ)
پن	کنک	گیہوں
س	کنک	سونا۔ طلا

ق کنگری زر خرید لونڈی۔ محتاج۔ (تلفظ: کنگ۔ری)

ہن کِنگری ایک قسم کی بین۔ بہترین کنگرے دار فیتہ۔ (تلفظ: کِنگ۔ری)

ہن گنور ورم جو کانوں کی جڑ میں ہوتا ہے

ہن کنور لڑکا۔ بیٹا۔ راجہ کا بیٹا۔ اعزازی خطاب (نون غنہ)

ہن کَنی ٹکڑا۔ پارہ۔ ٹوٹے ہوئے چاول۔ خامی

ہن کِنّی حاشیہ۔ کنارہ۔ فیتہ۔ کنکوے کا بازو

ہن کَنَیا ٹکیا۔ بڑھئی یا راج کا ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنے والا آلہ

س کنیا چھوٹی عمر کی لڑکی۔ کنواری۔ بیٹی۔ دلہن۔ درگا دیوی

ہن کو (علامت مفعول) واسطے۔ لئے۔ برائے ۔(واو مجہول)

ق گو (تابع فعل) کب؟ کون؟ کس نے؟

ف گو کوچہ۔ محلہ۔ گلی۔ (واو معروف)

ہن گوانا بڑانا (کنایۃً) بدحواس ہو جانا

ق گوانا کہلانا

ہن گوت اندازہ۔ جانچ۔ ناپ۔ مثلث قائمۃ الزاویہ کا قاعدہ۔ (واو معروف)

اُر کوت چوبی شکنجہ جس میں بندوقیں رکھی جاتی ہیں۔ (واو مجہول)

ہن کوتھی (متعلق فعل) کون سی؟

ہن کوتھی تلوار وغیرہ کے میان کا لوہا جو بطور رشام لگا ہوتا ہے

انگ کوٹ (Coat) آستینوں والا فرنگی جامہ۔ آستینوں کی کرتی۔ استر کاری

س کوٹ قلعہ۔ فصیل۔ احاطہ (مجازاً) جسم۔ (واو مجہول)

ہن کُوٹ کوٹنا مصدر سے امر کا صیغہ۔ کوٹنے کا فعل ۔(واو معروف)

انگ کوچ (Couch) صوفہ۔ پلنگڑی۔ سپرنگ والی کرسی

انگ کوچ (Coach) شاہی گاڑی۔ ریل کا ڈبہ۔ استاد (خصوصاً کھیلوں کا) (واو مجہول)

ہن کُوچ جلاہوں کی تانی صاف کرنے والا برش۔ (واو معروف)

ف کُوچ روانگی۔ رحلت۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ (واو معروف)

ہن کوچا کچوکا۔ کسی نوکدار چیز یا تلوار وغیرہ کا تھوڑا سا زخم جو آر پار نہ ہوا ہو (واو مجہول)

اُر کُوچا اِملی کی سبز پھلی جسے مرچ کے ساتھ پیس کر کھاتے ہیں

ف کُوچہ کُو کی تصغیر۔ گلی۔ محلہ۔ باڑہ۔ تنگ راستہ

انگ کور (Cover) ڈھکن۔ ڈھکنا۔ غلاف۔ کتاب کا پٹھا

انگ کور (Corps) فوج کا دستہ۔ (واو مجہول)

ہن کور کنارہ۔ کنی۔ سرا۔ مغزی۔ (واو مجہول)

ف کُور اندھا۔ (واو معروف)

ق کُور دھوکا۔ ظلم۔ دشمنی

انگ کورس (Course) تعلیم کا زمانہ، درسی کتب، گھڑ دوڑ کا میدان

انگ　**کورس**　(Coarse) ادنیٰ۔ معمولی۔ کھردرا

انگ　**کورَس**　(Chorus) وہ نغمہ جو سب مل کر گائیں۔ گانے والوں کی جماعت۔ چوکی۔ طائفہ

س　**گورَو**　دھرت راشٹر کے بیٹے

ہن　**گورو**　غلے وغیرہ کی لکڑی یا جھانکڑ۔ شہتیر

ف　**گوری**　اندھاپن۔ (واو معروف)

ہن　**گوری**　گورا کی تانیث۔ (واو مجہول)

ہن　**گوڑا**　بڑی کوڑی۔ (کوڑی کا اسم مکبّر)

ہن　**کوڑا**　چابک۔ دُرّہ۔ گوشمالی۔ (واو مجہول)

ہن　**گوڑا**　گھاس پھوس۔ خس وخاشاک

ہن　**کوڑھ**　برص۔ جذام۔ (واو مجہول)

ہن　**گوڑھ**　مورکھ۔ احمق۔ (واو معروف)

ہن　**کوڑی**　ایک بیسی۔ بیس۔ (واو مجہول)

ہن　**کوڑی**　خرمہرہ۔ ایک قسم کا چھوٹا سنکھ جو ادنیٰ سکے کا کام بھی دیتا ہے۔ (مجازاً) روپیہ۔ مقدار قلیل۔ دمڑی

ہن　**کوس**　فرسنگ۔ تین ہزار گز کی لمبائی (ار) آستین کا کف۔ (واو مجہول)

ف　**کوس**　بڑا طبل۔ بڑا نقارہ۔ (واو مجہول)

س　**کوش**　خزانہ۔ ڈکشنری۔ میان۔ خانہ (واو مجہول)

ف　**گوش**　بغیر ایڑی کا جوتا۔ سلیپر

ف　**کوش**　(لاحقہ) مصدر کوشیدن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آکر اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور برداشت کرنے یا جھیلنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے ستم کوش۔ (واو مجہول)

ف　**کوک**　کچی سلائی۔ بخیہ۔ (واو مجہول)

ف　**گوک**　صدائے بلند (ار) سریلی آواز۔ نغمہ۔ قمری فاختہ اور کوے کی آواز۔ چیخ۔ آہ۔ گھڑی، گھنٹے باجے وغیرہ میں چابی دینا۔ (واو معروف)

انگ　**کوک**　(Coke) ایک قسم کا کوئلہ جو کول سے تیار کرتے ہیں۔

ہن　**گوکا**　سکھوں کے اس فرقے کا نام جسے بھائی رام سنگھ بڑھئی نے قائم کیا تھا

ہن　**کوکا**　چھوٹی سی میخ۔ کلی۔ سرخ کنول۔ (واو مجہول)

ہن　**کوکنا**　کچی سلائی کرنا۔ لنگر ڈالنا۔ دھاگا ڈالنا (واو مجہول)

ہن　**گوکنا**　چنگھاڑنا۔ کوئل کا بولنا۔ (واو معروف)

ہن　**کوٹنی**　چھوٹا۔ ننھا۔ گٹھیا۔ (واو مجہول)

ار　**گوٹنی**　ایک رنگ جو شہاب، لاجورد اور پھٹکری سے تیار ہوتا ہے

ف　**گوگو**　قمری کی آواز۔ فاختہ کی آواز

ہن　**کوکو**　کوا۔ بچوں کو ڈرانے کی آواز۔ (واو مجہول)

انگ　**کوکو**　(Cocoa) ایک قسم کا سفوف جو ایک درخت کے بیجوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ اس سفوف کی چائے

ہن　**گول**　لقمہ۔ نوالہ۔ گالا۔ کچا اناج جو بھون کر یا اسی طرح کھاتے ہیں۔ قسم مچھلی۔ غرارہ

انگ	کول	(Coal) کوئلا
ف	کول	تالاب۔ حوض۔ پیالہ۔ (واؤ مجہول)
س	گول	ڈھلان۔ ساحل۔ حاشیہ۔ ڈھیر۔ جھیل۔ (واؤ معروف)
انگ	گول	(Cool) ٹھنڈا
ہن	کول	خلیج۔ غار۔ گلی۔ راستہ۔ (واؤ مجہول)
ہن	گولا	دروازے کا اِدھر اُدھر کا پہلو۔ کونا۔ بغل۔ نارنگی
ق	کولا	گیدڑ
ہن	کولا	کوئلا
ہن	گولا	پٹھا۔ چوتڑ۔ ازار باندھنے کی جگہ
ہن	گولی	گود۔ دونوں ہاتھوں کا حلقہ۔ آغوش
ہن	گولی	خلاہا۔ وہ سیاہی جو مہندی لگانے کے بعد مہندی لگے ہاتھوں میں نمودار ہوتی ہے
ہن	کومَل	نرم۔ ملائم۔ شیریں۔ فصیح۔ (واؤ مجہول)
ہن	گومَل	نقب۔ شگاف جو چور دیوار میں کر کے مکان کے اندر گھس آتے ہیں
ع	کون	ہونا۔ وجود میں آنا۔ دنیا۔ حادث ہونے والی چیز
ہن	کون	(کلمۂ استفہام) کدام۔ کیا چیز
ف	کون	مقعد۔ سُرین۔ (واؤ معروف)
ہن	کونچ	ایک زہریلا درخت اور اس کی پھلی کا نام (واؤ معروف)۔ (نون غنہ)
ہن	کونچ	کوچ۔ جلاہوں کا تانی صاف کرنے کا برش
ہن	کونچا	بھڑ بھونجے کا کڑچھا جس سے بالو وغیرہ نکالتے ہیں
ہن	گونچا	گھاس کا پودا
ع	کونَین	(کون کا تثنیہ) دونوں جہاں۔ دین و دنیا۔ ہر دوسرا
انگ	کونین	(Ouinine) ایک مشہور دوا
ف	کوہی	پہاڑی۔ پہاڑ کا باشندہ
ہن	کوہی	بہری۔ ایک قسم کا شکرا جو اکثر کبوتروں کو پکڑ لیتا ہے۔
ف	کہ	(حرف بیان) یعنی۔ جو۔ نیز۔ بلکہ۔ جلت۔ ناگاہ۔ دفعتہً۔ یا۔ تب
ف	کِہ	(تفضیل نفسی) چھوٹا۔ کم مرتبہ
ف	کَہ	کاہ کا مخفف
ہن	کَہ	(فعل) کہنا مصدر سے صیغۂ امر۔ بات کر۔ منہ سے بول۔ کہنا یا بولنا کا فعل یا عمل
ہن	کُہر	وہ بخارات جو سردی کے موسم میں صبح اور شام دھندی پیدا کرتے ہیں
ف	کُہر	گھوڑے کا ایک خاص رنگ۔ کمیت رنگ
ہن	کہَن	کہنے کا ڈھنگ۔ کہاوت۔ قول۔ بات۔ مقولہ
ف	کہَن	پرانا
ہن	کہنا	بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔ خبر دینا۔ گالی دینا۔ سمجھانا۔ قول۔ بیان۔ حکم۔ بات چیت
ف	کُہنَہ	پُرانا۔ سال خوردہ
ہن	کُہو	کوئل کی آواز

ہن	گہو	بولو۔ مصدر کہنا سے امر کا صیغہ
ہن	کھان	کان۔ مخزن۔ منبع۔ کثرت
ق	کھان	کھانا
ہن	گھچی	گود۔ بغل
ہن	گھچّی	بانس کا چرا ہوا ٹکڑا۔ لاغر
ق	گھتر	خاطر
ق	گھتر	جنگ۔ رزم گاہ
ہن	گھتی	کھتا کی تصغیر
ہن	گھتّی	روپے پیسے جمع کرنے کی گولک۔ خزانہ۔ دولت
ہن	کھٹ	چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز
س	کھٹ	چھ۔ شش
ہن	کھٹ	کھاٹ کا مخفف
ہن	کھٹ	کھٹا کا مخفف
ہن	گھٹ	کسی چیز کے کھٹکنے کی آواز۔ کھٹکا
ہن	کھٹاس	ترشی۔ ناراضی۔ بدمزگی
ہن	گھٹاس	ایک قسم کا نیولا
ہن	گھٹائی	کھٹاس۔ ترشی۔ اچور
ہن	گھٹائی	کھوٹا پن۔ عیب۔ قصور۔ بدی۔ بدسلوکی۔ دغا
ہن	کھٹکا	کسی چیز کے ٹکرانے کی آواز۔ آہٹ۔ خلش۔ خوف۔ خطرہ۔ تردد

ہن	کھُٹکا	کھڑکا۔ آہٹ۔ نقصان۔ دغدغہ۔ شک
ق	کھِٹکا	کینہ۔ گرہ
ہن	گھٹکنا	چبھنا۔ دور کرنا۔ برا لگنا۔ بجنا۔ بگڑنا۔ اچٹنا۔ ڈرنا۔ بدکنا۔ دل پر اثر کرنا۔ بھلا لگنا۔ کھبنا
ہن	کُھٹکنا	پرندکے بچے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنا۔ چھلکا اتارنا
ہن	کِھجانا	چڑانا۔ چھیڑنا۔ ناراض کرنا
ہن	کُھجانا	سہلانا۔ ناخن سے کھرچنا۔ کھل ہونا۔ سراہنا
ہن	کھچا	تنا ہوا۔ کسا ہوا۔ ناراض۔ مہنگا
ہن	کھچا	ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔ ٹھنسا ہوا
ہن	کھڈّا	گڑھا۔ غار۔ دندانہ۔ کمزا۔ گڑھا جو ہنستے وقت گال میں پڑ جاتا ہے
ق	کھڈّا	سوراخ۔ چھید
ہن	کھڈّی	جولاہوں کے کام کرنے کا گڑھا
ہن	گھڈّی	قدمچہ۔ اینٹوں یا پتھروں کا وہ چولہا جس پر بیٹھ کر پاخانہ پھرتے ہیں۔ دانتوں کا سوراخ
ہن	کھُر	گائے بکری وغیرہ کے ناخن۔ چرے ہوئے سم
ہن	کھُر	کھانسی۔ سرفہ کی آواز
ہن	کھُرا	کھر۔ ایڑی۔ نقش پا۔ کھوج۔ کپڑے وغیرہ دھونے کی پختہ جگہ
ہن	کھرا	خالص۔ عمدہ۔ صاف۔ صاف گو۔ نقد
ہن	کھرّا	مسودہ۔ کچا حساب کتاب۔ طول طویل خط

ہن **کھرا** ایک قسم کا اوزار۔ کھنگری۔ ایک مسالہ جس سے چھاپنے کے پتھر سے حروف مٹاتے ہیں

ہن **کھریا** کھڑاؤں۔ بغل سے دامن تک کپڑے کی سیون

ہن **کھریا** گھاس کھودنے کا آلہ۔ زمبا (مجازاً) احمق

ہن **کھری** کھرا کی تانیث۔ خالص۔ عمدہ

ہن **کھُری** جوتی کا وہ حصہ جہاں نعل لگاتے ہیں

ہن **کھرّی** کھرا کی تانیث۔ کھردری چارپائی۔ وہ چارپائی جس پر بچھونا نہ ہو

ہن **کھریا** ایک قسم کی سفید مٹی۔ چاک

ہن **کھریا** کپڑا چھننے کا کٹوری جیسا آلہ۔ گھٹنے کی چپنی

س **کھل** کھلی۔ تل یا سرسوں کا پھوک

ہن **کھل** کھال کا مخفف۔ چمڑا۔ پوست

ق **کھلا** چاند کا ہالہ۔ خرمن۔ اناج کا ڈھیر

ہن **کھلا** کشادہ۔ کھلا ہوا۔ ننگا۔ صاف۔ بے روک۔ عام۔ ظاہر

ار **کِھلا** شگفتہ۔ خوش

ہن **کھلنا** ناگوار ہونا۔ دوبھر ہونا

ہن **کِھلنا** پھول کا شگفتہ ہونا۔ پھول آنا۔ خوش ہونا۔ نکھرنا

ہن **کھلنا** ظاہر ہونا۔ پھٹ جانا۔ ننگا ہونا۔ صاف ہونا

ہن **کھلی** کھلا کی تانیث

ہن **کھلی** تل یا سرسوں کا پھوک۔ کھل

ہن **کِھلّی** ہنسی۔ مذاق

ہن **کھسن** لکڑی میں سوراخ کرنا۔ کھنڈ کا مخفف۔ درجہ (ق) آسمان۔ کان

ق **کھسن** منزل۔ عاجز۔ مصیبت زدہ

ہن **کھنڈا** چاولوں کا چورا۔ کھانڈ کا مخفف۔ تلوار (نون غنہ)

ہن **کھنڈا** کند۔ جو تیز نہ ہو۔ (نون غنہ)

ہن **کھنڈلا** پھاٹک۔ ٹکڑا

ہن **کھنڈلا** (تحقیراً) جھونپڑا۔ چھوٹا سا گھر۔ ٹوٹا پھوٹا مکان

ہن **کھولنا** ابلنا۔ دل ہی دل میں غم کھانا۔ زخم میں جلن یا ٹیس ہونا

ہن **کھولنا** کسی بندھی چیز کا وا کرنا۔ ظاہر کرنا۔ چیرنا عریاں کرنا۔ حل کرنا۔ قید و بند سے آزاد کرنا۔ ہتھیار کمر سے جدا کرنا (واو مجہول)

ہن **کھونچا** بڑی کھونچ۔ (واو مجہول)

ہن **کھونچا** ساڑھے چھ کا پہاڑہ

ہن **کھوَیّا** بہت کھانے والا۔ پیٹو

ہن **کھِوَیّا** ناؤ چلانے والا۔ ملاح

ہن **کھویا** دودھ کا ماوا۔ ربڑی (فعل) کھونا مصدر سے ماضی کا صیغہ۔ کھویا ہوا

ہن **کھیرا** بھونسا۔ خالی۔ ایک قسم کا کبوتر

ہن **کھیرا** ایک قسم کی ککڑی

- ہن **کھیس** — ایک قسم کا سوتی کپڑا جو اوڑھنے اور بچھانے کے کام آتا ہے۔(یائے مجہول)
- ہن **کھِیس** — وہ گاڑھا دودھ جو بچہ پیدا ہونے پر پہلے تین دن نکلتا ہے۔(یائے معروف)

- ہن **کھیل** — بازی۔ تماشا۔ دل بہلاوا۔ سیر۔ شغل۔ چھوٹا سا چشمہ جس میں مویشیوں کو پانی پلاتے ہیں، بہل۔(یائے مجہول)
- ہن **کھِیل** — بھنے ہوئے چاول۔ یا اناج جو پھول گیا ہو۔ ذرا

- ف **گَئی** — گے (بڑا بادشاہ) سے منسوب۔ شاہی
- ار **گئی** — چند۔ دو چار۔ کتنے ہی

- ہن **کے** — (حرف اضافت) کا کی جمع۔ دو فعلوں کے درمیان اظہار عطف کے لئے جیسے پڑھ کے آیا
- ہن **گے** — (استفہام عددی) کتنے؟ کتنی؟ کتنا؟
- ف **گے** — بڑا بادشاہ۔ خاندان کیا نیان کا بادشاہ (حرف استفہام) کب؟

- ہن **کیا** — (کلمۂ استفہام) چہ۔ آیا۔ خواہ۔ چاہے۔ کس قدر۔ کتنا۔ استفہام انکاری۔ کون ۔ اظہار عظمت کے لئے۔ برائے نفی۔ برائے تحسین وآفرین۔ نفرت کے واسطے۔ کیوں۔ کس لئے۔ کس واسطے۔ حیرت وتعجب۔ برائے کثرت
- ق **گیا** — کہا۔ حکم
- ہن **کِیا** — کیا ہوا فعل۔ بُرے افعال (ہن۔ فعل) کرنا مصدر سے صیغۂ ماضی

- ہن **گیٔت** — ایک درخت اور اس کا ترش پھل
- ہن **کیٔت** — دم دار ستارہ۔ کیتو۔ کیتھی کا مخفف جو ایک مشہور پھل ہے۔ کوڑا۔ بید

- انگ **کیریَر** — (Carrier) بوجھ لے جانے والا۔ حمّال۔ بائیسکل کا پچھلا حصہ جس پر اسباب باندھا جاتا ہے
- انگ **کیرئیر** — (Career) چال چلن۔ روش۔ نشوونما

- ہن **گیری** — کچا آم۔ ایک قسم کا ظرف جس میں عطر رکھ کر گلے میں لٹکاتے ہیں
- ہن **گیری** — نیلی یا فاختہ رنگ کی آنکھ۔ کرنجی آنکھ والی عورت

- انگ **کیس** — (Case) معاملہ۔ حالات۔ مقدمہ۔ عرض حال۔ بیمار کی حالتِ مرض۔ خانہ۔ تمثیل۔ حوالہ
- ہن **کیس** — بال۔ سر کے بال۔ پرند کی چوٹی (یائے مجہول)

- ہن **کیسا** — (تابع فعل) کس قسم کا؟ کس چیز کا؟ کس کام کا؟ کیوں؟ کس لئے؟ کس قدر؟ کتنا؟ کس درجہ؟ کس ڈھنگ سے؟ استفہام انکاری۔ کیا ذکر۔ کہاں کا۔ کس کا
- ف **کیسہ** — جیب۔ پاکٹ۔ تھیلا

- ف **کیش** — مذہب۔ اعتقاد۔ خصلت۔ صفت۔ طریقہ۔ ترکش۔(یائے مجہول)
- انگ **کیش** — (Cash) نقد روپیہ پیسہ۔ روکڑ

- ہن **کیلا** — ایک قسم کا درخت اور اس کا پھل جسکی پھلی لبی اور میٹھی ہوتی ہے
- ہن **کِیلا** — کھونٹا۔ بڑی میخ۔ کِیل۔ کتا دانت

گ

- ہن **گا** — ہندوستانی موسیقی کے تیسرے سُر گاندھار یا گندھار کا مخفف

زبان	لفظ	معنی
ہن	گا	(علامتِ مستقبل) جیسے آئے گا۔ گانا، مصدر سے فعل امر
ہن	گاڈر	بھیڑ
انگ	گاڈر	(Girder کا مورّد) لوہے کا بڑا شہتیر
ف	گار	(لاحقہ) کرنے والا (مرکبات میں لاحقہ کے طور پر آتا ہے جیسے گنہ گار۔ ستم گار
ہن	گار	اولا۔ ژالہ (ق) ایک سفید پتھر
ف	گاڑ	ایک قسم کی قینچی۔ گل گیر۔ ہری گھاس
انگ	گاز	(Gauze) سوتی دھاگوں سے بنا ہوا کپڑا
ف	گاف	ایک حرف کا نام۔ بیہودہ باتیں۔ بکواس
انگ	گاف	(Golf) ایک مغربی کھیل۔ گولف
ہن	گال	رخسار۔ قسم تمباکو۔ گفتگو۔ لقمہ۔ گھونٹ۔ اناج کی مٹھی جو چکی میں ڈالیں۔ روٹی کا ٹکڑا
ق	گال	کیچڑ۔ گارا
ہن	گام	گاؤں۔ قصبہ۔ ضلع
ف	گام	قدم۔ ایک قدم کا فاصلہ۔ گھوڑے کی ایک چال
ہن	گانا	الاپنا۔ ترنم سے آواز نکالنا۔ تعریف کرنا۔ راگ۔ نغمہ
ف	گانہ	گونہ کا مخفف۔ اعداد کے آخر میں آکر گنا کے معنی دیتا ہے جیسے دوگانہ (دوگنا)
ف	گبر	آتش پرست۔ زردشت کا پیرو
ہن	گبّر	مغرور۔ مالدار
ہن	گپ	جھوٹی بات۔ افواہ۔ شیخی۔ افسانہ۔ بکواس
ہن	گپ	چھپا ہوا۔ اندھا
ہن	گپھا	کھوہ۔ چھپنے کی جگہ
ہن	گپھا	پھندنا
ہن	گٹا	ٹخنے یا کلائی کا جوڑ۔ نشان سجدے کا
ہن	گِٹا	دھاگے کی ٹکی
ہن	گِٹا	روڑا۔ کنکر یا اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا
ہن	گٹھا	کسی چیز کا بڑا گٹھڑ۔ بوجھ۔ گچھے۔ پیاز لہسن کی گانٹھ۔ تین گز کا پیمانہ
ہن	گِٹھا	گرہ
ہن	گٹی	نیل کا مربع کاٹا ہوا ٹکڑا۔ مٹی کا ڈھیلا
ہن	گِٹی	پھرکی۔ چلم کی ٹھیکری
ہن	گجا	چھکڑے کا ایک حصہ۔ بالوشاہی
س	گجہ	ہاتھی
ہن	گجری	کلائی میں پہننے کی موٹی سی چوڑی
ہن	گجری	گوجری۔ گوجر کی عورت
ق	گجری	منڈی۔ چوک۔ بازار
ہن	گجھا	بہت سا مال۔ دبا ہوا خزانہ۔ انبار
ہن	گجھا	پوشیدہ
ہن	گجی	ایک برساتی کیڑا۔ کن سلائی
ہن	گجی	گیہوں اور جو باہم ملے ہوئے۔ گوجی
ف	گدا	فقیر
ہن	گدا	جوار۔ جو یا گیہوں کا خوشہ جو پک جانے کے قریب ہو۔ روئی دار بستر۔ قیاس۔ دھوکا
ہن	گدا	ایک قسم کی چلتی ہوئی لے کے گیت

ہن گدّا ٹہنا۔ درخت کی موٹی شاخ

ہن گدّی تخت شاہی۔ مسند۔ کاغذ یا کپڑے کی تہ

ہن گدّی سر کا پچھلا حصہ۔ ہتھیلی

ہن گڈ گاڑی کا مخفف۔ گاڑی۔ کاغذوں کا مجموعہ۔ مجموعہ۔ دو آدمیوں یا چند آدمیوں کا اتفاق

انگ گڈ (Good) اچھا۔ خوب۔ نیک۔ مفید

ہن گڈّا چھکڑا۔ بوجھ لادنے کی گاڑی۔ مٹی کا ڈھیلا۔ ٹیلا۔ گڑھا

ہن گڈّا کپڑے کا بنا ہوا آدمی کا پتلا

ہن گڈّی کاغذ کے دس دستے۔ ترکاری کا مجموعہ۔ ترکاری کا مُٹھا

ہن گڈّی ہڈیوں کا جوڑ۔ ایک قسم کا پتنگ۔ پرندے کے پَر کی گرہ۔ گویا

ف گر اگر کا مخفف۔ اسما کے آخر میں آکر انہیں اسم فاعل بنا دیتا ہے اور بنانے والا، کرنے والا کے معنی دیتا ہے، جیسے کاری گر۔ صاحب۔ مالک۔ جیسے تونگر

ہن گُر اصول۔ قاعدہ۔ کلیہ۔ نکتہ۔ باریکی۔ فارمولا

ہن گَرَا سرخی مائل رنگ۔ لاکھی رنگ

ہن گِرَا گرا ہوا محتاج۔ ذلیل

ہن گراس نوالہ

انگ گراس (Grass) ہری گھاس

س گِرام گاؤں۔ بستی۔ راگ کے سُروں کا مجموعہ

انگ گرام (Gramme) وزن۔ تقریباً ایک ماشہ

ہن گرجا وہ موتی جس میں بال پڑا ہو

پُر گِرجا چرچ (پُر یعنی پُرتگالی)

ف گَرد غبار۔ ڈھول۔ بے حقیقت۔ پھرنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے آوارہ گرد۔ جہاں گرد

ف گِرد آس پاس۔ گول۔ حلقہ۔ گھیرا

ف گُرد بہادر شخص۔ پہلوان

ف گَردہ خاکہ۔ مصوروں کے استعمال کا سفوف

ف گِردہ دائرہ۔ احاطہ۔ قسم خمیری روٹی۔ چھوٹی گول تکیہ

ف گُردہ انسان یا حیوان کا ایک اندرونی عضو۔ دلیری

ف گِرَو رہن۔ مطیع۔ مبتلا۔ بازی

س گُرو پیر و مرشد۔ بزرگ۔ استاد۔ کامل فن۔ شریر۔ ہوشیار

ار گِروی رہن۔ وہ چیز جو رہن رکھی گئی ہو

ہن گِروی ایک قسم کا کیڑا جو فصلوں کو لگ جاتا ہے

س گَرَہ سیارہ۔ ہندو جوتش کے موافق نو ستاروں کو کہتے ہیں۔ (تلفظ میں اختلاف ہے)

ف گِرَہ گانٹھ۔ عقدہ۔ پاکٹ۔ گز کا سولہواں حصہ (ار) جوڑ۔ رنج۔ گلٹی۔ بند کا آخری شعر۔ مشکل گھاس کا انبار

ق گَری ڈول کی رسی لپٹنے کی چرخی

ہن گِری مغز۔ تخم۔ کھوپا۔ ناریل کا مغز۔ بھیجا

ہن گَری بنانا۔ کرنا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے شیشہ گری۔ کاری گری

انگ گرین (Grain) بیج۔ اناج۔ دانہ۔ ڈیڑھ رتی کا ایک وزن

انگ گرین (Green) سبز۔ ہرا

ف گِریَہ آہ وزاری۔ رونا پیٹنا

س گُریا پیٹھ کی ہڈیوں کا مجموعہ۔ سانپ کا پنجر۔ تسبیح یا ہار کا دانہ یا موتی

ہن گڑگڑانا گرجنا۔ کڑکنا

ہن گِڑگِڑانا عاجزی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ التجا کرنا

ہن گڑگڑانا آنتوں کا بولنا۔ پیٹ کا آواز دینا۔ حقے کا بولنا

ہن گڑوانا زمین میں دبوانا۔ دفن کرانا

ہن گڑوانا زمین کھدوانا۔ کھیت سے گھاس نکلوانا

ہن گڑیا ایک قسم کا چھوٹا نیزہ

ہن گڑیا کپڑے کی بنی ہوئی پتلی۔ بچی۔ خوبصورت لڑکی یا لڑکا

ف گزر گاجر۔ ترکاری جو کچی اور پکی دونوں طرح کھائی جاتی ہے

ف گزر راستہ۔ گھاٹ۔ باریابی۔ آمدورفت۔ نباہ

ف گزیدہ ڈسا ہوا

ف گُزِیدہ چنا ہوا۔ برگزیدہ۔ اچھا

ہن گل گلا کا مخفف۔ گال کا مخفف

ف گِل گارا۔ گیلی مٹی۔ کیچڑ۔ دلدل

ف گُل پھول۔ جسم کو داغنے کا نشان۔ معشوق، داغ

ہن گلا گلا ہوا۔ بوسیدہ۔ بے جان

ہن گلا بکری کی نقدی رکھنے کا برتن وغیرہ۔ دانہ۔ جائے ضرور

ہن گلا حلق۔ گلو۔ آواز۔ گریبان

ف گلہ جھنڈ۔ مویشیوں کا ریوڑ

ف گِلہ شکوہ۔ شکایت

انگ گِلٹ (Gilt) ملمع کا پترا یا پانی۔ ظاہری خوبصورتی

ہن گِلٹ بڑی گلٹی۔ ورم

ہن گلگلا میٹھا پکوڑا

ہن گِلگِلا گیلا گیلا۔ تر۔ نرم

ہن گِلو ایک بیل جو دوا کے کام آتی ہے

ہن گُلُو گلہری۔ چھوٹی لڑکیوں کا خطاب

ف گلُو گلا۔ حلق۔ گردن۔ آواز۔ سُر

ف گلہ جھنڈ۔ ریوڑ۔ مویشیوں کا ڈار

ف گِلہ شکوہ۔ شکایت

ہن گلی کوچہ۔ تنگ راستہ

ف گِلی مٹی کا بنا ہوا۔ ناپائیدار

ہن گُلّی مکی کا بھٹا۔ کیوڑے کا پھول۔ چاندی سونے کا ڈلا۔ وہ گول اور چھوٹی لکڑی جو خول کے اندر دی جاتی ہے۔ شہد کی مہال

ہن گِلّی ڈنڈے سے مارنے کی (دونوں طرف سے نوک دار) لکڑی
تھکا ہارا بیل۔ کام چور

ہن گلیا رنگریز جو ریشمی کپڑے اور بانات رنگتا ہے

ہن گلیا (Gum) گوند

انگ گم کھویا ہوا۔ ضائع۔ غائب۔ ناپید۔

ف گُم مغرور۔ حیران

ف گمان خیال۔ اندازہ۔ شک وشبہ۔ وہم

ہن گمان غرور۔ تکبر

ہن گمٹ تفریح۔تماشا

ہن گمٹ جتھا۔ٹولی۔سنگت۔غرض۔رائے۔مشورہ

ہن گُمٹی چھوٹا گنبد۔بُرجک

اَر گِمٹی ایک قسم کا پھول دار مضبوط سوتی کپڑا۔ انگریزی (Gimity) کا بگاڑ

انگ گن (Gun) بندوق۔توپ

ہن گُن عادت۔ سبھاؤ۔ کرتوت۔ صفت۔ تعریف۔ہنر۔خوبی۔بھلائی۔مہربانی

ہن گُنا چند۔مرتبہ۔بار۔جیسے چوگنا۔سوگنا

ہن گَنّا ایکھ۔پونڈا

س گِنت علم حساب۔شمار۔مرکبات میں جیسے اَن گنت

ق گُنت کنارہ

ف گنج خزانہ۔اناج کی منڈی۔بازار۔انبار (نون غنہ)

ہن گَنج ایک مرض جس میں سر کے بال جھڑ جاتے ہیں (نون غنہ)

ہن گنجیا گاڑی بان یا گھسیارے کے اوزاروں کا تھیلا

ہن گُنجیا کان کا ایک زیور

ہن گنڈا حلقہ۔ چھلا۔ چوڑی۔ گھوڑے کا پٹہ (نون غنہ)

ہن گُنڈا لچا۔بدمعاش۔(نون غنہ)

ف گنگ دریائے گنگا جو ہندوستان میں ہے۔ (نون غنہ)

ف گُنگ گونگا

ہن گِننا گنتی کرنا۔جانچنا

ہن گُننا مشق کرنا

ہن گنوانا برباد کرنا۔کھونا۔(نون غنہ)

ہن گِنوانا شمار کرانا۔گنتی کرانا

انگ گِنی (Guinea) سونے کا ایک سکہ

ہن گُنی ہنرمند۔خدارسیدہ۔لائق۔فائق۔سیانا۔ جادو ٹونا کرنے والا۔سانپ کا منتر جاننے والا

ہن گو گوہ۔فضلہ۔نجاست (واو معروف)

ف گو (لاحقہ) گفتن مصدر سے امر کا صیغہ (بمعنی کہو) جو کسی اسم کے بعد آکر اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کہنے والا کے معنی دیتا ہے، جیسے دعاگو۔ (حرف شرط) ہرچند۔بالفرض۔(واو مجہول)

س گوپ گوجر، گوالا۔(واو مجہول)

ہن گوپ سونے چاندی کے تاروں کی گندھی ہوئی زنجیر، سونے کا ہار، گندھے ہوئے ریشم کا کمربند (واو مجہول)

س گوپال گائیوں کو پالنے والا، گئو پال، کرشن جی کا لقب

ف گوپال لڑائی کے ایک ہتھیار کا نام

ہن گوڑ دیوی پاروتی، ہندوؤں میں شادی کی ایک رسم

ف گور قبر۔مزار۔(واو مجہول)

ہن گورا سفید رنگ کا۔خوبصورت۔(واو مجہول)

ہن گورا چڑیا کا نر۔گوریا کا نر

ہن گوڑو گائے بھینس اور دوسرے سینگ والے مویشی

ہن گوُرو گرو۔پیر۔مرشد۔بزرگ۔استاد

س گوری پاربتی۔چھوٹی بچی۔دوشیزہ

ہن	گوری	گورا کی تانیث۔ سفید فام عورت (واو مجہول)
انگ	گوریلا	(Gorilla) بن مانس۔ بندر کی سب سے بڑی قسم
ہسپ	گوریلا	(Guerrilla) دشمن کے مقبوضہ علاقوں میں قابض فوجوں پر چھپ کر حملہ کرنے والا حریت پسند۔ چھاپہ مار (ہسپ یعنی ہسپانوی)
ہن	گوڑ	بنگال کا درمیانی حصہ۔ گوڑ کا باشندہ۔ برہموں کا ایک اعلیٰ فرقہ
ہن	گوڑ	پاؤں۔ قدم۔ پنڈلی۔ ٹانگ۔ ٹخنا۔ ہل چلانا
ہن	گوڑی	گڑ کی شراب۔ ایک راگنی کا نام
ہن	گوڑی	فائدہ۔ وہ مال جو محنت و مشقت کے بغیر حاصل ہو۔ چوری کرنا (واو مجہول)
انگ	گول	(Goal) ہاکی۔ پولو۔ فٹ بال اور بعض دوسرے مغربی کھیلوں میں دو نشانوں کے بیچ کی جگہ جس میں ہاکی وغیرہ کی گیند نکالتے ہیں۔ ایک بار کی جیت
س	گول	مدوّر۔ وہ بات جو بخوبی سمجھ میں نہ آئے۔ مشکوک۔ (ہن) دائرہ (واو مجہول)
ار	گولا	گھیرا۔ تاگوں کی پیچک۔ گیند (واو مجہول)
ف	گولہ	گیند۔ کرہ۔ توپ کا گولا
ہن	گوں	مطلب۔ خواہش۔ ضرورت۔ لائق
ف	گوں	رنگ۔ طرز۔ مرکبات میں جیسے نیل گوں۔ (واو معروف)۔ (نون غنہ)
ہن	گونا	دولہا کا سسرال جا کر دلہن کو اپنے گھر لانا
ف	گونہ	اسلوب۔ وضع۔ واحد۔ کسی قدر۔ ذرا سا
ف	گوئی	بولنے کا فعل یا عمل۔ بولنا
ہن	گوئی	ایک ہل میں جتے ہوئے دو بیل۔ روئی کی وہ مقدار جو ایک بار انگلیوں میں ٹوٹی جائے

ف	گویا	بولنے والا۔ خوش گفتار۔ مانند۔ تسلیم کیا جانا۔ حیوان ناطق
ہن	گوّیا	گانے والا۔ مُطرب
ف	گہ	(ظرف زماں) گاہ کا مخفف۔ کبھی
ہن	گہ	کمرے یا مکان کی بلندی۔ طبقہ۔ دستہ
ہن	گہبر	کیلے کی پھلی
ف	گہر	موتی۔ گوہر کا مخفف
ہن	گھبرانا	گھبرا ہونا
ہن	گُہرانا	بلند آواز سے بلانا
ہن	گھپنا	گھونا جانا
ہن	گھپنا	گھونپا جانا
ہن	گھٹا	گہرے سیاہ بادل
ہن	گھٹا	نقب۔ چھید۔ دراڑ۔ وہ نشان جو سجدوں کی کثرت سے ماتھے پر پڑ جاتا ہے
ق	گھٹّا	سخت دل
ہن	گھٹاؤ	کمی۔ تخفیف۔ دریا کا اتار
ہن	گھٹاؤ	گھٹن۔ گھمس
ہن	گھٹنا	کم ہونا۔ اترنا۔ دبلا ہونا۔ بھاؤ گرنا
ہن	گھٹنا	گھوٹا جانا۔ پسنا۔ حل ہونا۔ پالش ہونا۔ دم گھٹنا۔ سانس رکنا۔ دوستی ہونا
ہن	گھٹنا	پنڈلی۔ ران اور پنڈلی کے درمیان کا جوڑ
ہن	گھٹنّا	جانگیے سے کچھ بڑا گھٹنوں تک پاجامہ
ہن	گھٹی	کمی
ہن	گھٹّی	دوا جو بچے کا پیٹ صاف کرنے کے لئے جوش دے کر پلاتے ہیں۔ خصلت

ہن	گھڑ انا	غرّانا
ہن	گھرانا	خاندان ۔قبیلہ۔ پشت۔نسل
ہن	گھرانا	کسی کو گھیرنے کے لئے کہنا۔ احاطہ کرنا
ہن	گھس	گھاس کا مخفف
ہن	گھِس	(فعل) گھِسنا مصدر سے امر کا صیغہ۔ گھِسنا کا عمل
ہن	گھُس	(فعل) گھُسنا مصدر کا فعل امر۔ گھُسنا کا عمل یا فعل
ہن	گھِسا	گھسا ہوا۔ فرسودہ۔ پرانا
ہن	گھِستا	رگڑ۔ گھوڑے کو بگھی میں جوتنے کے لئے سدھانے کی لکڑی
ہن	گھِسنا	رگڑ آنا۔ پرانا ہونا۔ وزن میں کم ہونا۔ حل کرنا
ہن	گھُسنا	اندر جانا۔ مداخلت کرنا
ہن	گھُسوانا	گھُسنا مصدر کا متعدی۔ داخل کروانا
ہن	گھِسوانا	گھِسانا مصدر کا متعدی اور گھِسنا مصدر کا متعدی المتعدی
ہن	گھگی	فاختہ
ہن	گھِگی	ہچکی۔ خوف یا دہشت کے مارے سکتے کا عالم
ہن	گھَمانا	دھوپ لگانا۔ دھوپ میں رکھ کر گرم کرنا
ہن	گھُمانا	پھرانا۔ گشت کرانا
س	گھَن	ابر۔ بادلوں کا ہجوم۔ بڑا ہتھوڑا۔ اَہرن ۔بدن۔ قسم گھاس۔ تعداد۔ فراخی۔ مضبوطی۔ موٹا۔ وزنی۔ سخت۔ دائمی۔ گنجان
ہن	گِھن	کراہت۔ نفرت۔ اُلٹی
ہن	گھُن	ایک کیڑا جو لکڑی یا غلے میں ہوتا ہے

س	گھنا	گنجان۔ قریب قریب
ہن	گھُنا	گھُنا ہوا۔ جسے گھُن لگ گیا ہو
ہن	گھُنّا	بات کو بجھ کر انجان بننے والا۔ کینہ پرور
س	گھنی	گھنا کی تانیث۔ بہت گنجان
ہن	گھُنی	گھُنا کی تانیث۔ وہ چیز جسے گھُن لگ جائے
ہن	گھُنّی	گھُنّا کی تانیث۔ خاموش۔ مکار
ہن	گھُور	غلاظت۔ غصے کی نظر (واو معروف)
ہن	گھور	خوف ناک۔ مہادیو شیو جی کا لقب (واو مجہول)
ہن	گھورا	چوپایوں کے رہنے کی سایہ دار جگہ
ہن	گھورا	وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جائے۔ میلا۔ چرک
ہن	گیلی	تنے کی کاٹی ہوئی گول لکڑی جس سے شہتیر نکلتے ہیں۔ (ق) بیوقوف عورت
انگ	گیلی	(Galley) چھاپے خانے کی اصطلاح میں لکڑی کا وہ کارخانہ جس میں کمپوز شدہ ٹائپ کی قطاریں لگی ہوتی ہیں
ف	گیلی	گیلان کا رہنے والا۔ گیلان کی رہنے والی
اُر	گیلی	گیلا کی تانیث۔ بھیگی ہوئی

ل

ع	لآلی	لولو کی جمع۔ موتی
ہن	لالی	سُرخی۔ آبرو۔ سُرخ روئی۔ عزیزہ۔ بہن
ع	لا	(کلمہ نفی) بغیر۔ نہیں۔ نہ۔ الجبرا میں مقدار مجہول و نا معلوم
ہن	لا	(فعل) لانا مصدر کا صیغہ امر۔ لا کر جیسے لا اُتارنا بمعنی لا کر اتارنا
انگ	لا	(Law) قانون۔ قاعدہ

زبان	لفظ	معنی
ع	لات	عربوں کا ایک دیوتا جس کی پرستش کی جاتی تھی۔ چاند کی دیوی
ہن	لات	پاؤں کی ضرب۔ ٹھوکر
ہن	لاٹ	بہت اونچا ستون یا مینار۔ لاٹھ
انگ	لاٹ	(Lord کا مبدل) مالک۔ امیر۔ گورنر۔ حاکم صوبہ
انگ	لاٹ	(Lot) چیزوں کا انبار۔ ڈھیر
انگ	لاج	(Lodge) مکان۔ منزل
ہن	لاج	شرم۔ غیرت۔ آبرو
ہن۔ف	لال	سُرخ۔ دہکتا ہوا۔ بیش قیمت پتھر۔ لعل۔ پیارا۔ بیٹا
ع	لعل	سُرخ رنگ۔ جواہر۔ معشوق کے ہونٹ
ف	لالا	غلام۔ روشن
ہن	لالا	جناب۔ معزز۔ ہندوؤں کا خطاب۔ مہاجن۔ ابا۔ پیارا۔ خسر
ف	لالہ	ایک قسم کا سُرخ پھول
ہن	لام	فوج کا دستہ
ع	لام	حرف "ل" کا تلفظ۔ ٹیڑھا (تشبیہ) زلف
س	لاما	تبت کے بدھ پیشواؤں کا لقب
انگ	لاما	(Llama) اونٹ سے ملتا جلتا ایک جانور
ع	لامع	چمکنے والا۔ روشن
ف	لَب	ہونٹ۔ کنارہ۔ طرف۔ ساحل۔ حاشیہ۔ تھوک
ع	لُب	عطر۔ خلاصہ۔ مغز
ہن	لَبنی	مٹی کی چھوٹی سی ٹھلیا
ع	لُبنیٰ	ایک درخت جس سے میٹھا دودھ نکلتا ہے۔ دودھ دینے والی اونٹنی

زبان	لفظ	معنی
ق	لَنڈرا	ٹوٹا ہوا۔ بے ڈول۔ ڈنڈا
ق	لَنڈرا	فریفتہ
ق	لَنڈانا	ڈنڈے لگانا
ق	لَنڈانا	گرویدہ کرنا
ہن	لَپ	مٹھی بھر
ق	لَپ	بول۔ بات
ہن	لَپٹ	شعلہ۔ آنچ۔ ہوا کی لہر۔ خوشبو
ار	لپیٹ	(فعل) لپٹنا کا صیغہ امر۔ لپٹنے کا عمل
ہن	لُپری	لیپ۔ ضماد
ہن	لُپری	کپڑا۔ بسترا۔ پھٹا پرانا صافہ
ہن	لَپکی	ٹانکا۔ سیون۔ کچی سلائی۔ گوٹ۔ کنارہ
ہن	لُپکی	ڈر۔ ڈر سے چھپ جانا
ہن	لِٹانا	پسارنا۔ پھیلانا۔ بچے کو سلانا۔ چت گرانا
ہن	لُٹانا	اُڑانا۔ روپیہ برباد کرنا۔ فضول خرچی کرنا
س	لتا	انگور کی بیل۔ لمبی اور پتلی عورت
ہن	لَتّا	چیتھڑا۔ کپڑا
ہن	لُتری	لترا کی تانیث
ہن	لَتری	پرانی جوتی۔ قسم دال
ہن	لَتر	بدوضع اور بیہودہ مرد
انگ	لِٹر	(Litre) سیال چیزوں کے ناپنے کا پیمانہ
ہن	لٹنا	دُبلا ہونا
ہن	لُٹنا	تباہ ہونا۔ گھر کا اُجڑنا۔ ویران ہونا

س	لُچّا	شرم۔ غیرت
ع	لُجّہ	دریا۔ ندی۔ بھنور
ہن	لُچی	میدے کی ملائم اور پتلی پوری
ہن	لُچّی	لُچا کی تانیث۔ بدچلن۔ بے ہودہ (عورت)
ع	لحظہ	پَل
ع	لہٰذا	(تابع فعل) اسی واسطے۔ اسی لئے۔ پس الغرض۔ القصہ
ع	لَحن	آواز۔ سُریلی آواز۔ خوش خوانی
ہن	لَہن	وہ اجزا جنہیں خمیر کر کے شراب کھینچتے ہیں
ق	لَق	لقا کبوتر
ف	لَق	صاف۔ جس میں بال نہ ہوں
ف	لَختہ	جمے ہوئے خون کا لوتھڑا۔ ٹکڑا
ع	لُقطہ	راستے سے اٹھائی ہوئی گری پڑی چیز
ف	لَق لَق	لاغر۔ دبلا۔ بھوک۔ وہ آواز جو حلق کی خشکی کے باعث نکلتی ہے
ف	لَقلَق	(فارسی لگ لگ کا معرب) سارس
ف	لَخلَخہ	چند خوشبودار چیزوں کا مجموعہ جو تقویت دماغ کے لئے مریض کو سنگھاتے ہیں
ع	لَقلَقہ	سارس کے زور سے بولنے کی آواز (کنایتاً) رعب۔ ہمت۔ لہجہ
ہن	لَر	ایک قسم کا گز جس سے زمین ناپی جاتی ہے
ف	لُر	احمق۔ بے تمیز
ہن	لَڑنا	جھگڑنا۔ تکرار کرنا۔ باہم ضد کرنا
ق	لُڑنا	چمٹ جانا۔ لڑھکنا
ق	لِروٹنا	زمین پر لوٹنا
ع	لِسان	زبان۔ بولی
ع	لَسّان	بہت بولنے والا
ع	لَسّانی	شیریں زبانی، لفاظی۔ بکواس
ع	لِسانی	زبان سے متعلق
ع	لَعل	سُرخ رنگ کا ہیرا
ف	لال	سُرخ۔ دہکتا ہوا۔ غصے سے بھرا ہوا۔ لعل۔ بیٹا۔ لڑکا
ف	لَق	صاف۔ چٹیل۔ گنجا
ق	لَق	لقا کبوتر
ار	لَقّا	ایک قسم کا کبوتر
ع	لِقا	دیدار۔ ملاقات۔ چہرہ
ار	لُقّا	لُچّا۔ بدمعاش
ار	لُقّہ	لُقّا۔ لُچّا
ف	لَقلَق	(فارسی لک لک کا معرب) سارس
ف	لَق لَق	لاغر۔ بھوک۔ وہ آواز جو حلق کی خشکی کے باعث نکلتی ہے
ع	لَقلَقہ	سارس کے زور سے بولنے کی آواز۔ رُعب۔ ہمت۔ لہجہ
ف	لَخلَخہ	چند خوشبودار چیزوں کا مجموعہ جو تقویت دماغ کے لئے مریض کو سنگھاتے ہیں
ہن	لَکھ	لاکھ کا مخفف۔ سو ہزار کی تعداد۔ مرکبات میں مستعمل ہے
ہن	لِکھ	(فعل) لکھنا مصدر سے امر کا صیغہ
ق	لَکھنا	دیکھنا

ہن لِکھنا تحریر کرنا

ہن لَکھی لکھ پتی

ہن لِکھی لکھا کی تانیث۔ لکھی ہوئی

ہن لگا ملا ہوا۔ ہمراہ۔ چسپاں۔ گلا سڑا

ہن لگا لاگ پیار۔ محبت۔ دوستی۔ نسبت۔ برابری۔ ڈول۔ شروع۔ رسائی۔ تاؤ کھینچنے کا پیچ

ف لَگَن طشت۔ ٹب۔ شمعدان۔ اگردان

س لَگَن تعلق۔ نسبت۔ دھن۔ عشق۔ ساعت۔ پیغام شادی۔ شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر

ہن لَگی مچھلی پکڑنے کی لچکدار چھڑی۔ لمبی دھجی

ہن لگی خواہش۔ عشق۔ بھوک۔ انتہا

ہن للا بچہ۔ لڑکا۔ بیٹا۔ کرشن جی کا لقب۔ لاڈلا۔ کم سن۔ احمق

ع لِلّٰہ (تابع فعل) خدا کے لئے (تلفظ لل۔ لاہ)

ہن لَلو زبان۔ جیبھ۔ بولی۔ بول چال۔ چٹور پن (واو مجہول)

ہن لَلُّو للا۔ لڑکا

ہن لَم لمبا کا مخفف۔ طویل

ع لَم (حرف نفی) نہ۔ نہیں۔ نا

ع لِمْ اصلیت۔ بات کی تہ۔ سبب۔ بہتان

س لَنڈ آلۂ تناسل۔ ذکر (نون غنہ)

ہن لُنڈ سر کٹا ہوا دھڑ۔ سوکھا ٹہنا۔ (نون غنہ)

ہن لَنڈی حقارت کا کلمہ عورت کے واسطے

ار لُنڈی لنڈا کی تانیث۔ لنڈوری

ف لَنگ لنگڑا۔ لنگڑاپن۔ (نون غنہ)

ہن لَنگ قطار۔ سلسلہ۔ جانب۔ کنارا۔ دیوار۔ پردہ۔ (نون غنہ)

س لِنگ عضو تناسل۔ (نون غنہ)

ف لُنگ گھٹنوں تک تہ بند۔ لنگوٹی۔ (نون غنہ)

ہن لَنگی پیشاب۔ (نون غنہ)

ار لُنگی تہ بند۔ دھوتی۔ رنگین دھاری دار پگڑی۔ (نون غنہ)

ہن لَو شعلہ۔ دھیان۔ آس۔ شوق۔ محبت۔ کان کی جڑ

ع لَو (حرف شرط) اگر

ار لو (مصدر لینا سے امر کا صیغہ) پکڑو۔ کسی شخص کو اپنی طرف مخاطب کرنے کا کلمہ۔ سنو۔ دیکھو۔ تحسین کلام کا کلمہ۔ تعجب کا کلمہ۔ واہ! کیا خوب! (واو مجہول)

ہن لُو گرم ہوا۔ سموم

ہن لَوا بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ

ع لِوا جھنڈا۔ فوج کا نشان

ہن لوٹ لڑھکنی۔ کروٹ۔ عاشق۔ (واو مجہول)

ہن لُوٹ دوسرے کے مال پر ناجائز قبضہ۔ غارت گری۔ ظلم۔ موج۔ (واو معروف)

ہن لَوٹنا واپس ہونا۔ الٹنا۔ رخ بدلنا

ہن لوٹنا لڑھکنا۔ کروٹیں بدلنا۔ مچلنا۔ بے چین ہونا۔ عاشق ہونا۔ (واو مجہول)

ہن لُوٹنا لوٹ کھسوٹ کرنا۔ غارت کرنا۔ شیدا کرنا

ع لُؤلُؤ موتی

ہن لولو بھتو

ف	لُولُو	ایک فرضی ڈراؤنی چیز جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں۔ بیوقوف
ع	لَون	رنگ۔ چہرے کی رنگت۔ (زردی۔ سرخی۔ سفیدی)
ہن	لُون	نمک۔ کھار۔ (واو مجہول سے بھی صحیح ہے)
ق	لَہار	نشہ۔ لہر
ہن	لُہار	لوہار کا مخفف
ع	لِہٰذا	(تابع فعل) اس واسطے۔ اسی لئے
ع	لَحظہ	پل۔ لمحہ
ہن	لَہن	وہ اجزا جنہیں خمیر کر کے شراب کھینچتے ہیں
ع	لَحن	آواز۔ خوش خوانی
ہن	لَہو	لوہو کا مخفف۔ خون۔ دم۔ اپنا۔ یگانہ
ع	لَہو	کھیل۔ بازی
ہن	لَے	آواز۔ سُر۔ شوق۔ دُھن۔ سلسلہ
ہن	لے	فعل لینا کا امر۔ پکڑ۔ متوجہ ہو۔ سُن (یائے مجہول سے) مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے، جیسے لے بھاگ۔ لے آنا وغیرہ
ہن	لَیُر	منہ کا لعاب جس میں چیپ ہو
انگ	لیبر	(Labour) محنت۔ مشقت
انگ	لیٹر	(Litre) ایک ناپنے کا پیمانہ
انگ	لیٹر	(Letter) خط۔ چٹھی
ار	لَیس	کمربستہ۔ آمادہ۔ کیل کانٹے سے درست
ہن	لیس	چیپ۔ چپچپاہٹ (بیائے مجہول)
انگ	لیس	(Lace) فیتہ۔ جھالر۔ گوٹا کناری
ف	لیس	چاٹنا۔ چاٹنے والا۔ مرکبات میں جیسے کاسہ لیس۔ (بیائے معروف و مجہول)
ف	لیک	لیکن کا مخفف (بیائے مجہول) حرف استدراک
ہن	لِیک	لکیر۔ راہ۔ سڑک۔ پگڈنڈی۔ رسم و رواج۔ داغ، عیب۔ (بیائے معروف)
ہن	لیکھ	لکھی ہوئی چیز۔ تحریر۔ نام لکھنا۔ دستخط۔ (بیائے مجہول)
ہن	لیکھ	چھوٹی جوں۔ لکیر۔ لیک (بیائے معروف)
ہن	لیلا	بکری یا بھیڑ کا بچہ۔ برہ (تلفظ: لے۔ لا)
س	لیلا	کھیل۔ لہو و لعب
ع	لَیلیٰ	کالی۔ شب رنگ۔ سیاہ فام۔ قیس کی معشوقہ۔ حسینہ
ہن	لین	لینا کا مخفف۔ حصول (بیائے مجہول)
انگ	لین	(Lane) گلی۔ تنگ سڑک
انگ	لَین	(انگریزی لائن کا بگاڑ) لکیر۔ خط۔ رول۔ رسی۔ حد۔ قطار۔ سطر۔ ریل کی پٹڑی
انگ	لینڈ	(Land) زمین۔ خشکی۔ سرزمین
ہن	لینڈ	فضلہ۔ گندگی۔ (بیائے مجہول۔ نون غنہ)

م

ہن	مَا	ماں کا مخفف
ف	مَا	من کی جمع۔ ہم
ع	مَا	(حرف نفی) نہ۔ نہیں۔ مت۔ (اسم مفعول) جو کچھ۔ جو کہ۔ کوئی چیز (کلمہ استفہام) کیا؟ کیا چیز؟ کون؟ کیوں کر؟ کیسے؟ کیوں؟

ع	ماء	پانی
ع	مَعَ	(تابع فعل) ساتھ۔ ہمراہ
ق	مات	ماں
ف	مات	شکست۔ زک
ع	ماحی	مٹانے والا۔ محو کرنے والا
ف	ماہی	مچھلی
ع	مَادِح	تعریف کرنے والا
ف	مَادہ	عورت ذات۔ نر کی نقیض۔ استری
ع	مَادّہ	ہر چیز کی اصل، جس سے کوئی شئے بنائی جائے۔ جوہر۔ اصل۔ ادراک۔ وجود۔ پیپ
ف	مَارْ	سانپ
ہن	مار	چوٹ۔ صدمہ۔ درد۔ رنج۔ تنگی۔ گھاٹا۔ حق تلفی۔ لوٹ۔ سزا۔ دغا
انگ	مارشل	(Marshal) سپہ سالار۔ جنرل
انگ	مارشل	(Martial) جنگی۔ عسکری
انگ	مارک	(Mark) جرمنی کا ایک سکّہ
انگ	مارک	(Mark) نشانی۔ علامت۔ داغ۔ دھبہ۔ معیار سے بلند
اُر	مَارْکا	علامت۔ نشانی
ع	مَعْرِکہ	میدان جنگ۔ جنگ۔ جھگڑا۔ ہنگامہ
ہن	ماسی	خالہ
ع	مَعاصی	معصیت کی جمع
ہن	ماش	اُڑد
ع	مَعاش	رزق۔ روزی
ہن	ماشا	ریل۔ وہ چھڑی جس پر جلاہے دھاگا لپیٹتے ہیں
ف	ماشہ	آٹھ رتی کا وزن
ہن	ماشی	ماش کے رنگ کا۔ سیاہی مائل سبز
ع	مَعاشی	اقتصادی
ہن	مَال	وہ ڈور جو چرخے میں تکلے کو متحرک کرتی ہے۔ مالا۔ ہار
انگ	مَالْ	(Mall) شہر کی بڑی سڑک۔ خیاباں
ع	مَالْ	دھن۔ دولت۔ اسباب۔ سوداگری کی چیزیں۔ لگان۔ آمدنی
ع	مَآلْ	انجام کار۔ ٹھکانہ
ہن	مَالیْ	باغبان
ع	مَالی	مال سے منسوب۔ مال گزاری سے منسوب (Financial)
ع	مَعالی	معلیٰ کی جمع۔ بلندیاں
ہن	مام	استطاعت۔ بل
ف	مام	ماں۔ بوڑھی عورت۔ باورچن۔ خادمہ۔ لونڈی
ف	مَامَا	ماں۔ بوڑھی عورت۔ باورچن۔ خادمہ۔ لونڈی
ہن	مَامَا	ماں کا بھائی۔ ماموں
ع	مَامُور	مقرر۔ حکم کیا گیا۔ اجازت دیا گیا
ع	مَعْمُور	بھرا ہوا۔ آباد۔ بسا ہوا
ع	مَاْمُول	امید کیا گیا۔ وہ چیز جس کی امید ہو
ع	مَعْمُول	عمل کیا گیا۔ وہ بات جو روزمرہ کی جائے۔ دستور۔ قاعدہ

زبان	لفظ	معنی
س	مَان	گھمنڈ۔غرور۔عزت۔تواضع
ہن	مَان	(فعل) ماننا مصدر سے امر کا صیغہ۔قبول کر
ق	مانا	سمانا
ہن	مانا	(فعل) ماننا مصدر سے صیغۂ ماضی۔فرض کیا۔تسلیم کیا
ف	مانا	مانند۔مشابہ
ق	مانا	معنی
ع	مَعْنیٰ	مقصد۔ارادہ۔مراد۔سبب۔حقیقت
ہن	ماند	گوبر کا ڈھیر۔سوکھا ہوا گوبر جسے اُپلوں کی طرح جلاتے ہیں۔کھوہ۔جس کی آب وتاب اور چمک جاتی رہے۔(نون غنہ)
ف	ماند	(فعل) مصدر ماندن (تھکنا۔رہنا) کا صیغۂ ماضی۔(نون غنہ)
ہن	ماندا	بیمار۔(تلفظ: ماں۔دا)
ف	ماندہ	تھکا ہوا۔بچا ہوا۔(تلفظ: ماں۔دہ)
ع	مَانِعْ	منع کرنے والا۔ممانعت۔روک
ع	مَعْنیٰ	مقصد۔مراد۔باعث۔مطلب۔اصلیت
ہن	مَانی	دابہ۔وہ چھوٹی سی سوراخ دار لکڑی جو چکی کی کیل میں ڈالی جاتی ہے جس سے چکی کا پاٹ بہ آسانی پھرتا ہے
ہن	مَانی	مغرور۔گھمنڈی
ف	مَانی	ایک مشہور رومی نقاش جو نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرتا تھا
ع	مَاوٰا	جائے پناہ۔گھر۔(ماویٰ)
ہن	مَاوا	مادہ۔اصلی جوہر۔کھویا۔سامان۔کلف۔سرشت۔دودھ۔انڈے کی زردی
ف	ماہی	مچھلی

زبان	لفظ	معنی
ع	ماحی	مٹانے والا۔نیست کرنے والا
ع	مائی	آبی
ہن	مائی	والدہ۔بڑھیا
س	مَایا	خدا کی قدرت۔ایشور کی شکتی۔نیچر۔رحم۔پیار۔دھوکہ۔عجیب۔رونق۔کرامت۔روح۔دستگاہ۔مخلوق
ف	مَایہ	پونجی۔اصل۔مادہ۔جوہر۔سامان۔مال
ع	مُبْتَدا	آغاز۔پہل۔ابتدا۔اصطلاح علم نحو میں جملہ اسمیہ کا پہلا جز جس کے متعلق کوئی خبر دی جائے
ع	مُبْتَدَع	نئی ایجاد۔وہ کام جو دین میں نیا نکالا گیا ہو
ع	مُبْتَدِع	دین میں نئی بات نکالنے والا۔بدعت کرنے والا
ع	مَبْدَا	شروع ہونے کی جگہ۔آغاز۔اصل۔چشمہ
ع	مُبْدِع	نئی چیز پیدا کرنے والا
ع	مُبَرَّد	سرد کیا ہوا
ع	مُبَرِّد	سرد کرنے والا
ع	مُبَشَّر	خوشخبری دیا گیا۔جس کو خوشخبری دی گئی ہو
ع	مُبَشِّر	خوش خبری سنانے والا
ع	مَبْلَغ	(۱) روپیہ کی رقم۔(۲) کُل۔تھوڑا۔کھرا۔حد۔نہایت۔(اردو میں معنی اول میں بفتح میم مستعمل ہے)
ع	مُبَلِّغ	پہنچانے والا۔تبلیغ کرنے والا
ع	مَبْنیٰ	بنیاد۔عمارت
ع	مَبْنی	بنیاد رکھا ہوا۔جس پر کسی چیز کی بنیاد ہو
ع	مُبِیْن	ظاہر۔روشن

ع مُبَیَّن — بیان کیا ہوا۔ نحو میں وہ اسم جس کے بعد ایک جملہ اس کی تفسیر میں واقع ہو

ہن مَت — (کلمہ نفی) نہ۔ نہیں

س مَت — سمجھ۔ رائے۔ نصیحت۔ عادت۔ دھرم۔ عقیدہ

ق مَتا — مجال۔ طاقت۔ مشورہ

ع مَتاع — پونجی۔ تجارت کا سامان

ع مُتعہ — شیعہ مذہب میں کچھ مدت کے لئے عورت سے نکاح کر لینا

ع مُتَبَدَّل — بدلا ہوا۔ تبدیل شدہ

ع مُتَبَدِّل — بدلنے والا۔ کسی چیز کا معاوضہ لینے والا

ع مُتَّبِع — پیچھے چلنے والا

ع مَطبَع — چھاپنے کی جگہ

ع مَتبُوع — پیروی کیا گیا۔ سردار

ع مَطبُوع — طبع کیا ہوا۔ چھپا ہوا۔ مرغوب۔ دل پسند

ع مُتَحَقَّق — تحقیق کیا گیا۔ درست

ع مُتَحَقِّق — تحقیق کرنے والا۔ کسی چیز کا صحیح اور درست کرنے والا

ع مُتَخَیِّل — خیال کرنے والا

ع مُتَخَیَّل — خیال کیا گیا۔ خیال میں لایا ہوا

ع مُتَخَیَّلَہ — خیال کیا گیا۔ جہاں خیال پیدا ہو یعنی دماغ

ع مُتَخَیِّلَہ — خیال میں لانے کی قوت۔ سوچنے کی قوت

ع مُتَذَبذِب — پس و پیش کرنے والا

ع مُتَذَبذَب — تذبذب میں پڑا ہوا

ع مُرَتَّب — ترتیب دیا گیا

ع مُرَتِّب — ترتیب دینے والا

ع مُتَرجِم — ترجمہ کرنے والا

ع مُتَرجَم — ترجمہ کیا ہوا

ع مُتَرَشِّح — ترشح کرنے والا۔ ٹپکنے والا

ع مُتَرَشَّح — ٹپکا ہوا۔ ظاہر

ع مُتَرَقَّب — انتظار کیا گیا۔ امید کیا گیا

ع مُتَرَقِّب — انتظار کرنے والا۔ امیدوار

ع مُتَّصَف — وصف کیا گیا۔ موصوف جس کے ساتھ کوئی صفت لگی ہو

ع مُتَّصِف — صفت رکھنے والا

ع مُتَصَوِّر — تصور کرنے والا۔ نقشہ جما لینے والا

ع مُتَصَوَّر — تصور میں لایا ہوا۔ سوچا ہوا

ع مُتَضَمَّن — داخل کیا ہوا۔ شامل کیا ہوا

ع مُتَضَمِّن — لپیٹ میں لینے والا۔ داخل۔ مشتمل۔ مندرج

ع مُتعہ — شیعہ مذہب میں کچھ مدت کے لئے عورت سے نکاح کر لینا۔ (دیکھئے متا۔ متاع)

ع مُتَغَیَّر — بدلا ہوا۔ پلٹا ہوا

ع مُتَغَیِّر — بدلنے والا۔ تبدیل ہونے والا۔ قابل تغیر۔ غیر مستقل

ع مُتَفاوَت — فرق کیا گیا۔ دور کیا ہوا

ع مُتَفاوِت — فرق رکھنے والا۔ متضاد

ع مُتَّفِق — اتفاق کرنے والا۔ ملا ہوا۔ رضا مند۔ موافق۔ ہم خیال۔ ہم رائے

ع	مُتَّفِق	اتفاق کیا ہوا
ہن	مَتْنا	گنّے کی ایک قسم۔ مشورہ کرنا۔ متفق ہونا
ق	مَتْنا	متھنا۔ بلونا۔ مکھن نکالنے کے لئے دہی کو بلونا۔ تفتیش کرنا
ہن	مُتْنا	وہ بچہ جسے بستر پر پیشاب کر دینے کی عادت ہو
ہن	مَتْوالی	متوالا کی تانیث
ع	مُتَوالی	لگاتار آنے والا۔ لگاتار۔ متواتر
ع	مُتَوَقِّع	توقع کرنے والا۔ امیدوار
ع	مُتَوَقَّع	توقع کیا گیا
ع	مُتَّہَم	جس پر تہمت لگائی گئی ہو
ع	مُتَّہِم	تہمت لگانے والا
ق	مَتی	مست
ہن	مِتی	تاریخ۔ سود۔ دستوری۔ کمیشن
ع	مُتَیَقَّن	یقین کیا گیا
ع	مُتَیَقِّن	یقین کرنے والا
ق	مَتا	چوگان۔ گیند کا بلا
ق	مُتا	موٹا
ہن	مَٹکنا	میانہ قد اور خوبصورت
ہن	مَٹکنا	ناز دکھانا۔ ہاتھوں کو نچانا۔ زنانہ حرکتیں کرنا
ہن	مَٹھ	مندر۔ خانقاہ۔
ہن	مِٹھ	میٹھا کا مخفف۔ شیریں
ہن	مُٹھ	مُوٹھ کا مخفف۔ مشت۔ مُکا۔ مُٹھی۔ قبضہ
ہن	مَٹھا	دہی جو مسکہ نکل جانے کے بعد رہ جاتا ہے۔ چھاچھ
ہن	مَٹھا	ست۔ گھوڑا جو آہستہ چلے۔ کند ذہن
ہن	مُٹھا	مٹھی۔ لپ۔ بنڈل۔ دستہ
ہن	مِٹھی	بچوں کا پیار۔ بوسہ (ق) میٹھی
ہن	مُٹھی	مشت۔ قبضہ۔ مکی۔ لپ بھر۔ پکڑ
ہن	مَٹیا	مٹی کے رنگ کا۔ چکنی مٹی کی زمین
ہن	مِٹیا	مٹی کا چھوٹا برتن
ع	مُثاب	ثواب دیا گیا۔ ثواب کے قابل
ع	مُصاب	دکھیارا۔ مصیبت زدہ
ع	مُثْبِت	ثابت کرنے والا۔ منظور کرنے والا۔ اقراری۔ مدلل
ع	مُثْبَت	ثابت شدہ۔ مقرر شدہ۔ تصدیق کیا ہوا۔ نشان لگا ہوا
ع	مُثَبَّت	ثابت کیا گیا۔ قائم کیا گیا
ع	مَثَل	کہاوت۔ داستان
ع	مِثل	مانند۔ موافق۔ یکساں۔ نظیر۔ ویسا ہی
ار	مِسل	مقدمے کی کارروائی کے کاغذات جو ایک جگہ منسلک ہوں۔ روئیداد مقدمہ
ق	مَثلا	مثل۔ کہاوت
ق	مَسلا	مثل۔ کہاوت
ع	مُثلہ	مردے کے کان اور ناک کاٹنا
ع	مَسئلہ	سوال پوچھی ہوئی بات۔ دینی قانون
ع	مُصلّیٰ	نماز پڑھنے کی جگہ۔ مسجد۔ جانماز۔ بوریہ
ع	مُصلِح	درست کرنے والا

ع مُثَمَّن — آٹھ ضلعوں کا۔ آٹھ ضلعوں کی شکل۔ ایک بحر جس میں آٹھ رکن ہوتے ہیں۔ وہ بند جس میں آٹھ مصرعے ہوں

ع مُسَمَّن — موٹا کیا گیا۔ فربہ

ع مُسَمِّن — موٹا کرنے والا

ع مُثَنّیٰ — ثانی۔ نقل مطابق اصل۔ نقشہ

ہن مِسنا — پسنا۔ چُرمُر ہو جانا

ہن مُسنا — لٹنا

ع مُجاہِدہ — مجاہد کی تانیث

ع مُجاہَدہ — کوشش۔ ریاضت۔ نفس کشی

ع مُجتَنَب — پرہیز کیا گیا

ع مُجتَنِب — پرہیز برتنے والا۔ دور رہنے والا

ع مَجرا — جاری ہونے کا مقام

ع مُجرا — منہائی۔ آداب۔ تسلیمات۔ رقص وسماع

مُجرِّب — تجربہ کرنے والا

ع مُجرَّب — تجربہ کیا ہوا۔ آزمودہ

ع مُجَلّیٰ — جلا کیا ہوا۔ چمکایا ہوا۔ روشن

ع مَجَلّہ — رسالہ۔ میگزین

ع مُجَوَّز — تجویز کیا گیا۔ جائز کیا گیا

ع مُجَوِّز — تجویز کرنے والا۔ رائے دینے والا

ہن مَچکانا — لچکانا۔ ہلانا

ہن مِچکانا — آنکھ مارنا۔ آنکھ کا موندنا اور کھولنا

ہن مَچلانا — ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔ ضد کرنا

ہن مِچلانا — متلانا۔ مالش کرنا۔ قے کرنا

ہن مَچھلی — مچھلی

ہن مَچلی — شوخ۔ ڈھیٹ۔ حیلہ باز۔ کاہل

ہن مَچنا — رچنا۔ بسنا۔ عمل میں لانا

ہن مِچنا — بند ہونا۔ مُندنا

ہن مَچوانا — عمل کرانا۔ جیسے غل مچوانا

ہن مِچوانا — بند کرانا۔ مندوانا

ع مَحال — محل کی جمع۔ مکانات۔ مقامات۔ جائیداد غیر منقولہ۔ پرگنے۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ (اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے)

ع مُحال — غیر ممکن۔ دشوار

ع مُحَدِّث — علم حدیث کا جاننے والا۔ فقیہ

ع مُحدِث — نئی بات نکالنے والا۔ بے وضو ہو جانے والا

ع مُحَرَّر — لکھا ہوا۔ تحریر شدہ

ع مُحَرِّر — تحریر کرنے والا۔ کاتب۔ منشی

ع مُحَرَّف — مطلب سے پھرا ہوا۔ کج۔ جگہ سے ہٹا ہوا

ع مُحَرِّف — تحریف کرنے والا۔ بدلنے والا۔ مذہب کو اپنے مفاد کا ذریعہ بنانے والا

ع مُحرِق — جلا دینے والا

ع مُحرَق — جلایا ہوا

ع مَحرَم — ایسا قریبی رشتہ دار جس کے ساتھ نکاح جائز نہ ہو۔ راز دار۔ واقف (ار) انگیا کی کٹوری۔ انگیا

ع مُحرِم — حج کے لئے احرام باندھنے والا

ع مُحَرَّم حرام کیا گیا۔ تعظیم کیا گیا۔ اسلامی سال کا پہلا مہینہ۔ ماتم کا مہینہ

ع مُحَرَّمات محرمہ کی جمع۔ ممنوع اشیا۔ وہ باتیں جن سے روکا گیا ہے۔ منع کی ہوئی چیزیں

ع مُحَرَّمات ایک قسم کا سوتی یا ریشمی کپڑا۔ سلمے تارو غیرہ سے مُرصّع کپڑا۔ ایک قسم کا پشمینہ

ع مُحسِن احسان کرنے والا۔ سخی۔ مُربّی۔ مددگار

ع مُحصَن جس کی حفاظت کی جائے۔ پاک دامن۔ شادی شدہ۔ جس کے گرد دیوار بنائی جائے

ع مُحصِن بچانے والا۔ حفاظت کرنے والا۔ پارسا

ع مَحق مٹانا۔ منسوخ کرنا۔ جلانا

ع مُحِق سچ بولنے والا۔ انصاف کرنے والا۔ قدر کرنے والا

ع مُحقِّق تحقیق کرنے والا۔ فلسفی

ع مُحقَّق تحقیق کیا گیا۔ تسلیم کیا گیا

ع مُحَلَّل حل کیا ہوا

ع مُحَلِّل حل کر دینے والی چیز

ا مُحَلّٰی خوجہ۔ مخنث

ع مُحَلّٰی آراستہ کیا ہوا

ع مُخاطَب جسے خطاب کیا جائے

ع مُخاطِب خطاب کرنے والا۔ بولنے والا

ع مُختَرِع ایجاد کرنے والا۔ موجد

ع مُختَرَع اختراع کیا گیا۔ ایجاد کیا گیا

ع مُختَلَط ملا ہوا۔ گڈ مڈ

ع مُختَلِط اختلاط کرنے والا۔ گمنام

ع مُخَدَّر پردہ میں رکھا ہوا۔ پردہ میں بیٹھنے والی۔ پردہ دار

ع مُخَدِّر بے حس و حرکت کر دینے والا۔ نیند لانے والا

ع مُقَدَّر پہلے سے لکھا گیا۔ اندازہ کیا گیا۔ تقدیر کیا گیا۔ قسمت کا لکھا گیا۔ تقدیر

ع مُخَدَّرات مخدر کی جمع۔ پردہ نشین۔ پردہ والیاں

ع مُخَدِّرات سُن کر دینے والی دوائیں۔ خواب آور دوائیں

ع مُخَرَّب بگڑا ہوا۔ خراب شدہ

ع مُخَرِّب ویران کرنے والا۔ (تلفظ: مُخ۔ رب بھی درست ہے)

ع مُقَرَّب قریب کیا گیا۔ بزرگی دیا گیا۔ مصاحب خاص۔ ہمراز

ع مُخَمَّر خمیر اٹھایا گیا۔ گوندھا ہوا

ع مُخَمِّر خمیر کرنے والا۔ شراب بنانے والا

ع مَدّ کشش۔ کھنچاؤ۔ چاند کی کشش سے سمندر کے پانی کا چڑھاؤ۔ درازی۔ صیغہ۔ سرنامہ۔ الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت۔ باب۔ رقم

ع مَدّ پھیلنا۔ لمبا کرنا

ع مُدّ ایک پیمانہ

ہن مَدّا مندا

ع مَدّاح تعریف کرنے والا

ع مَدح تعریف

ع مَدار آک کا پودا

ا مَدار نام درویش۔ شاہ مدار

ع مَدار گردش کی جگہ۔ دُھری۔ دائرہ۔ قیام

ع مُدَافَع جس کی مخالفت کی جائے۔ جسے روکا جائے

ع مُدَافِع دفع کرنے والا۔ ہٹانے والا

ع مُدْبَر بدبخت۔ راندہ

ع مُدَبِّر تدبیر کرنے والا۔ عاقل۔ صلاح کار

ع مَدْخَل داخل ہونے کی جگہ۔ آمدنی

ع مُدْخَل داخل کیا گیا۔ داخل دفتر کیا گیا

ع مُدْخِل داخل ہونے والا۔ داخل کرنے والا

س مَدِر ایک پودا جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں۔ خیار

ع مُدِر پیشاب لانے والی دوا

ہن مَدَن خواہش کرنے کا فعل۔ عشق۔ جوش جوانی۔ شہد کی مکھی۔ موسم بہار

ع مُدُن مدینہ کی جمع

ع مُدَوِّن ترتیب دینے والا۔ جمع کرنے والا

ع مُدَوَّن جمع کیا ہوا۔ ترتیب دیا ہوا

ع مُذَکِّر یاد دلانے والا۔ نصیحت کرنے والا

ع مُذَکَّر نر۔ مرد۔ یاد دلایا ہوا۔ نصیحت کیا ہوا

ع مَذْہَب راستہ۔ ایمان۔ عقیدہ۔ ملت۔ رائے

ع مُذَہَّب سونا چڑھا ہوا۔ سونے کا ملمع کیا ہوا

ہن مَرا مردہ۔ بدبخت۔ کھوٹی دھات

ف مَرا میرا۔ مجھ کو

ہن مِرا میرا کا مخفف

ع مَرَّہ ایک بار

ع مُرَبّا وہ پھل وغیرہ جو کھانڈ وغیرہ کے قوام میں ملا کر رکھا گیا ہو

ع مُرَبَّع چوگوشہ۔ وہ سطح جس کے چاروں ضلعے باہم برابر ہوں اور چاروں زاویے قائمے ہوں

ع مُرَتَّب ترتیب دیا گیا۔ تیار۔ مکمل۔ تالیف کیا گیا

ع مُرَتِّب ترتیب دینے والا

ع مُرَجَّح ترجیح دیا گیا۔ افضل۔ فائق

ع مُرَجِّح ترجیح دینے والا

ع مَرْدُود رد کیا گیا۔ واپس کیا گیا

ع مُرَدِّد تردید کرنے والا۔ پھیرنے والا

ف مَرز زمین۔ قابل کاشت زمین۔ سرحد

ع مَرَض بیماری۔ دکھ۔ لت

ع مُرْسَل ارسال کیا گیا۔ بھیجا ہوا۔ رسول

ع مُرْسِل ارسال کرنے والا

ف مَرغ ہری گھاس۔ سبزہ

ف مُرغ پرند۔ اڑنے والا جانور

ع مَرْکَب وہ شے جس پر سوار ہوں۔ سواری

ع مُرَکَّب ترکیب دیا ہوا۔ ملا ہوا۔ دوات کی سیاہی

ف مَرگ موت۔ اجل

ہن مِرگ ہرن۔ چوپایہ

س مَرم بدن کا کوئی نازک مقام۔ نازک عضو۔ کسی چیز کا اندرونی حصہ۔ دل۔ جوڑ۔ بھید۔ عالم۔ مطلب

ہن مُرم کنکریلی مٹی۔ ٹوٹے ہوئے ریزہ ریزہ پتھر

ہن مَرْوا قسمِ گھاس۔ ایک خوشبودار پودا

ہن مِرْوا چھوٹی ٹھلیا

ہن مُرْوا وہ لکڑی جو دیوار پر رکھ کر اس کے اوپر کھپرے رکھتے ہیں

ع مَرْوَہ مکہ معظمہ میں ایک پہاڑی

ع مُرَوَّج رواج دیا گیا۔ جاری۔ رسمی

ع مُرَوِّج رواج دینے والا

ع مَرْوَج سہاگ پڑے کی خوشبودار چیزیں جو دلہن کی مانگ میں بھرتے ہیں (تلفظ: مَ۔زوج)

ع مَرْوَہ مکہ معظمہ میں ایک پہاڑی (دیکھئے: مَرْوا۔ مِرْوا۔ مُرْوا)

ع مَرَّہ ایک بار۔ (دیکھئے: مَرا۔ مُرا۔ مِرا)

ہن مَری وبا۔ مرض عام جیسے ہیضہ۔ مردہ شئے

ہن مِری میری کا مخفف

ہن مُری نرم ہڈی

ہن مُرّی گرہ۔ پھندا۔ مروڑی

ہن مَرے مرا کی جمع اور بدلی ہوئی شکل۔ مَرے ہوئے۔ مَر جائے

ہن مِرے میرے کا مخفف

ع مِزاح خوش طبع۔ مذاق (بکسر اول خوش طبعی کرنا۔ تلفظ میں اختلاف ہے)

ف مَزَہ لذت۔ لطف۔ خوشی۔ شباب۔ عادت۔ تماشا۔ حالت۔ سزا۔ جزا

ع مَزارِع مَزرَع کی جمع

ع مُزارِع کاشتکار

ع مُزَکّی پاک کرنے والا۔ زکوٰۃ دینے والا

ع مُزَکّیٰ پاک کیا گیا۔ زکوٰۃ دیا گیا

ہن مَسْ موچھوں کا رواں

ع مَسْ چھونے کا فعل۔ رغبت۔ ہاتھ لگانا۔ رگڑنا

ف مِسْ تانبا

ہن مِسْ روشنائی۔ حیلہ

انگ مِس دوشیزہ۔ نشانے کا خطا جانا۔ نہ مل سکنا (Miss)

ہن مَسا بڑا تل۔ خال کلاں۔ زائد گوشت جو بواسیر کے سبب مقعد میں پیدا ہو جاتا ہے۔ گھنڈی۔ (مسّا بھی صحیح ہے)

ع مَسا شام

ع مَسح پونچھنا۔ ہاتھ ملنا۔ وضو کرتے وقت کسی عضو پر ہاتھ پھیرنا

ہن مِسّا ملا جلا اناج۔ موٹا

ع مَسّاح پیمائش کرنے والا

ع مُسَبَّب سبب کیا گیا۔ باعث

ع مُسَبِّب سبب پیدا کرنے والا

ع مُسَبِّح تسبیح کرنے والا

ع مُسَبَّع سات حصے کیا گیا۔ سات برابر ضلعوں والی شکل۔ سات مصرعوں کا بند

ع مُستاصَل جڑ سے اکھڑا ہوا۔ برباد

ع مُستاصِل جڑ سے اکھاڑنے والا

ہن مَستانا مستی پر آنا۔ گرما جانا

ف　مُستانہ　مست کی طرح یا مانند۔ مجذوب

ع　مُستَبدَل　بدل کیا گیا۔ بدل چاہا گیا

ع　مُستَبدِل　بدل کرنے والا۔ بدل چاہنے والا

ع　مُستَجمِع　جمع کرنے والا

ع　مُستَجمَع　جمع کیا گیا۔ جمع ہونے کی جگہ

ع　مُستَخرَج　نکالا ہوا

ع　مُستَخرِج　نکالنے والا

مُستَغرَق　غرق شدہ

ع　مُستَغرِق　غرق ہونے والا

ع　مُستَنصَر　مدد مانگا ہوا

ع　مُستَنصِر　مدد مانگنے والا

ع　مُستَودَع　امانت رکھا گیا

ع　مُستَودِع　امانت کا نگران

ع　مَستُور　چھپا ہوا۔ مخفی

ع　مَسطُور　سطر کیا گیا۔ اوپر لکھا گیا

ع　مِسک　مشک۔ کستوری

ہن　مَسک　کپڑے کی ذرا سی پھٹن۔ دباؤ۔ دھکا

ہن　مُسکا　وہ چھینکا جو چوپایوں کے منہ پر باندھ دیتے ہیں تاکہ وہ کسی چیز پر منہ نہ ماریں

ف　مَسکہ　مکھن

ہن　مُسکانا　کپڑے کو ایسا پھاڑنا کہ تانے کے تار الگ نہ ہوں۔ ناچنے والے کا اپنے بدن کو لچکانا

ہن　مُسکانا　ٹوٹنا۔ چٹ چٹ ہو جانا

ع　مَسکَن　سکونت کی جگہ۔ گھر۔ ٹھکانا

ع　مُسکِن　تسکین دینے والا

ار　مِسل　روئیداد مقدمہ

ع　مَثَل　کہاوت۔ مثال۔ کہانی

ع　مِثل　مانند۔ ملتا ہوا

ق　مَسلا　کہاوت۔ مثل

ق　مَثلا　کہاوت۔ مثل

ع　مُثلہ　مردے کے کان ناک کاٹنا

ع　مَسئلہ　سوال۔ پوچھی ہوئی بات (ار) دینی بات

ع　مُسلَّح　ہتھیار بند۔ ہتھیار لگائے ہوئے

ع　مُصَلّٰی　نماز پڑھنے کی جگہ۔ مسجد۔ جانماز۔ بوریا۔ صف

ع　مُسلِح　ہتھیار والا

ع　مَسلَخ　جانوروں کے ذبح کرنے کی جگہ۔ کمیلا

ع　مُسلَّط　مغلوب کیا گیا۔ فتح کیا گیا۔ مقرر کیا گیا۔ حاکم

ع　مُسلِّط　تسلط کرنے والا۔ قبضہ کرنے والا۔ غالب

ع　مُسلِم　اسلام رکھنے والا۔ مسلمان

ع　مُسلَّم　پورا۔ تسلیم کیا گیا۔ درست۔ بے شک۔ ضرور

ع　مُسلِمہ　مسلمان عورت

ع　مُسلَّمہ　مانی ہوئی باتیں

ع　مِسماع　سننے کا آلہ

ع　مُسمّٰی　موسوم کیا گیا۔ پکارا گیا

اصل	لفظ	معنی
ع	مُسَمَّن	فربہ کیا گیا۔ فربہ
ع	مُسَمِّن	فربہ کرنے والا
ہن	مِسنا	کُٹنا۔ پِسنا۔ چُر مُر ہونا
ہن	مُسنا	لُٹنا۔ لوٹا جانا
ع	مَسنَد	تکیہ گاہ
ع	مُسنَد	دوسرے کی سند سے بیان کیا گیا۔ سہارا دیا گیا۔ نحو کی اصطلاح میں خبر کو کہتے ہیں
س	مَسیٔ	سیاہی
ف	مِسی	تانبے کا بنا ہوا۔ تانبے کا
ہن	مِسّی	چنے کا آٹا ملی ہوئی روٹی
ہن	مِسّی	ایک قسم کا منجن
ع	مسیح	حضرت عیسیٰؑ کا لقب
ع	مُشایعَت	کسی کو رخصت کرنے کے لئے چند قدم ساتھ جانا۔ پیروی۔ تعظیم
ع	مَشّائیت	حقائق اشیا کو دلائل سے ثابت کرنے کا طریقہ
ع	مُشتَرَک	شریک کیا گیا۔ شرکت کیا ہوا۔ وہ لفظ جس کے کئی معنی ہوں
ع	مُشتَرِک	شریک۔ شرکت کرنے والا
ع	مُشتَہَر	شہرت دیا گیا
ع	مُشتَہِر	شہرت دینے والا۔ اشتہار دینے والا
ہن	مَشٹ	مَسٹ۔ خاموشی۔ سکون
س	مِشٹ	میٹھا
ق	مُشخ	مشک
ع	مَشق	مہارت۔ بار بار لکھنا یا کوئی کام کرنا
ع	مُشَخَّص	تشخیص کیا گیا۔ تجویز کیا گیا
ع	مُشَخِّص	تشخیص کرنے والا۔ تجویز کرنے والا
ع	مُشَرَّف	شرف دیا گیا۔ معزز
ع	مُشرِف	بلند جگہ۔ اونچائی پر چڑھنے والا۔ بلند ہونے والا۔ خبردار۔ صدر۔ میر منشی
ع	مُشعِر	خبر دینے والا۔ ظاہر کرنے والا
ع	مَشعَر	قربانی کی جگہ
ف	مَشک	پانی بھرنے کی کھال
ف	مُشک	وہ خوشبودار سیاہ رنگ کا مادہ جو ایک قسم کے ہرن کی ناف سے نکلتا ہے۔
ع	مُشَکَّل	شکل دیا گیا۔ مجسم
ع	مُشکِل	دشوار۔ پیچیدہ۔ الجھا ہوا۔ دشواری
ار	مَشکیں	مشک کی جمع۔ (یائے مجہول)
ہن	مُشکیں	دونوں بازو۔ (یائے مجہول)
ف	مُشکیں	مشک کے مانند۔ سیاہ۔ مشک سی خوشبو کا۔ (یائے معروف)
ع	مُشَوَّش	پریشان۔ حیران
ع	مُشَوِّش	پریشان کرنے والا۔ گھبرا دینے والا
ع	مُشَیَّن	(غلط العوام) شان دار۔ رعب دار۔ خوبصورت
انگ	مَشین	(Machine) کل۔ آلہ
ع	مَص	چوسنا
ہن	مَس	موچھوں کا رواں
ع	مَس	چھونے کا فعل۔ رغبت۔ چھونا۔ ملنا۔ رگڑنا
ف	مِس	تانبا

ہن	مِس	سیاہی
انگ	مِس	(Miss) دوشیزہ۔ نشانے کا خطا جانا۔ نہ مل سکنا۔ نہ پکڑ سکنا
ع	مُصَدَّق	تصدیق کیا گیا۔ تجربہ کیا گیا
ع	مُصَدِّق	تصدیق کرنے والا۔ ثابت کرنے والا
ع	مِصْر	شہر بگر
ع	مُصِرّ	اصرار کرنے والا
س	مَسُر	مسوار
ع	مُصَرَّح	تفصیل کیا گیا
ع	مُصَرِّح	تفصیل کرنے والا
ع	مَصْرَف	خرچ کرنے کی جگہ۔ فضول خرچ
ع	مُصْرِف	صرف کرنے والا
ع	مُسْرِف	بہت خرچ کرنے والا۔ فضول خرچ
ع	مُصَلِّی	نمازی (اُر) نومسلم۔ خاک روب
ع	مُصَلّٰی	نماز پڑھنے کی جگہ
ع	مُصَنِّفَہ	مصنف عورت
ع	مُصَنَّفَہ	تصنیف کیا ہوا۔ لکھا ہوا۔ تصنیف
ع	مُصَوَّر	تصویر بنایا گیا۔ باتصویر
ع	مُصَوِّر	تصویر بنانے والا۔ آرٹسٹ۔ رنگ بھرنے والا
ع	مَضار	مضرت کی جمع۔ نقصانات
ع	مَزار	درگاہ۔ مقبرہ۔ تربت
ع	مُضارِع	مانند۔ وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جائیں
ع	مَزارِع	مزرع کی جمع
ع	مُزارِع	کاشتکار۔ کسان
ع	مَضحَک	ہنسی کا مقام۔ وہ چیز جس پر لوگ ہنسیں
ع	مُضحِک	ہنسانے والا
ع	مُضَمَّن	شامل کیا گیا۔ ضمنی
ع	مُزمِن	پرانا
ع	مَضٰی	گزر گیا
ف	مَزہ	لذت۔ چسکا۔ لطف
ف	مَزا	اصل مزہ ہے لیکن قافیے کے لئے الف کے ساتھ آتا ہے
ع	مِزاح	خوش طبعی۔ ہنسی مذاق
ع	مَطابخ	مطبخ کی جمع۔ باورچی خانے
ع	مُطابِق	موافق۔ مانند۔ بہ لحاظ
ع	مُطاع	اطاعت کیا گیا۔ سردار۔ بزرگ۔ وہ شخص جس کی اطاعت کی جائے
ع	مَتاع	پونجی۔ اثاثہ۔ تجارت کا سامان
ع	مُتعہ	شیعہ مذہب میں کچھ مدت کے لئے عورت سے نکاح کر لینا
ق	مَتا	مست
ع	مَطبَع	چھاپہ خانہ
ع	مُتَّبِع	پیروی کرنے والا
ع	مَطبُوع	چھپا ہوا۔ من پسند
ع	مَتبُوع	پیروی کیا گیا

ع مَطَر — بارش

ہن مٹّر — وہ لڑکا جو کھیل میں سردار بنایا جائے۔ سرگروہ۔ دوست

ع مَطلَع — طلوع ہونے کی جگہ۔ مشرق۔ غزل یا قصیدے کے شروع کا شعر

ع مُطَّلَع — اطلاع دیا گیا۔ واقف

ع مُطَلّا — طِلا کیا گیا۔ زرّین۔ طلائی

ع مُطَہَّر — پاک۔ معصوم

ع مُطَہِّر — پاک کرنے والا

ع مُطَہَّرہ — مطہّر کی تانیث

ع مُطَہِّرہ — مطہِّر کی تانیث

ع مُطَیِّب — خوشبو دینے والا۔ معطر۔ پاک ہونے والا

ع مُطَیَّب — پاک کیا گیا۔ خوشبو میں بسا ہوا

ع مُطیع — فرماں بردار۔ تابع۔ ماتحت

ہن مِتی — تاریخ۔ سود۔ دستوری

ع مَظاہِر — مظہر کی جمع۔ ظاہر ہونے کی جگہیں

ع مُظاہِر — مظاہرہ کرنے والا

ع مَظہَر — ظاہر ہونے کی جگہ۔ تماشا گاہ۔ اسٹیج

ع مُظہِر — ظاہر کرنے والا۔ بیان کرنے والا۔ گواہ۔ جاسوس۔ خبر رساں

ع مَع — (تابع فعل) ساتھ۔ سنگ

ہن مَا — ماں کا مخفف

ف مَا — من کی جمع۔ ہم

ع مَا — (حرف نفی) نہ۔ نہیں۔ مت۔ (اسم مفعول) جو کچھ۔ جو کہ۔ (کلمۂ استفہام (۱) کیا۔ کیا چیز (۲) کون (۳) کیوں کر۔ کیسے

ع ماء — پانی

ع مُعاتَب — عتاب کیا گیا۔ معتوب

ع مُعاتِب — عتاب کرنے والا

ع مَعاش — رزق۔ روزی

ہن ماش — اُڑد۔ قسم دال

ع مَعاشی — اقتصادی

ہن ماشی — ماش کے رنگ کا۔ سیاہی مائل۔ سبز

ع مَعاصی — معصیت کی جمع

ہن ماسی — خالہ

ع مَعالی — مَعلی کی جمع۔ بلندیاں

ہن مالی — باغبان۔ ایک قوم جو باغبانی کرتی ہے

ع مَعانی — معنی کی جمع۔ وہ علم جس سے الفاظ کا صحیح موقع استعمال اور معنوں کا درست وموزوں ہونا معلوم ہوتا ہے

ہن مانی — دایہ

ہن مانی — مغرور

ع مَعبَر — دریا سے پار اترنے کی جگہ۔ گھاٹ۔ پل

ع مِعبَر — دریا سے پار اترنے کی سواری۔ کشتی۔ ڈونگا

ع مُعبِّر — خواب کی تعبیر بیان کرنے والا

ع مُعتَل — بیمار۔ وہ فعل یا اسم جس میں حرف علت ہو

ع مُعطّل — بے کار۔ ست۔ نکما۔ کچھ دنوں کے لئے بیکار

ع مُعتَمَد — اعتماد کیا گیا۔ قابل اعتبار۔ سکریٹری
ع مُعتَمِد — اعتماد کرنے والا

ع مُعجِب — تعجب میں ڈالنے والا
ع مُعجَب — مغرور۔ گھمنڈی

ع مُعجَّل — فوراً۔ ہاتھوں ہاتھ
ع مُعجِّل — جلدی کرنے والا۔ جلد باز

ع مُعذَّب — سزا دیا گیا۔ عذاب کیا ہوا
ع مُعذِّب — عذاب دینے والا

ع مُعَرَّب — وہ لفظ جسے عربی بنالیا گیا ہو اور دراصل وہ لفظ دوسری زبان کا ہو
ع مُعْرَب — اعراب لگایا گیا

ع مُعَرَّف — تعریف کیا گیا۔ نشان کیا گیا
ع مُعَرِّف — تعریف کرنے والا۔ مدّاح

ع مَعشَر — آدمیوں کا گروہ۔ سوسائٹی
ع مُعَشَّر — دس سے منسوب۔ دس پہلو کا۔ قسم نظم

ع مُعَطَّل — بے کار۔ ست۔ نکما۔ کچھ دنوں کے لئے بیکار
ع مُعتَل — بیمار۔ وہ فعل یا اسم جس میں حرف علت ہو

ع مَعلَم — علامت۔ نشانی (مجازاً) دنیا
ع مُعلِّم — علم سکھانے والا۔ استاد

ع مَعلیٰ — بلندی۔ بزرگی
ع مُعلّٰی — بلند کیا گیا۔ عالی۔ بزرگ۔ معظم

ہن مالا — پھولوں، موتیوں یا سونے کا ہار۔ ہندوؤں کی تسبیح

ع مَعمُور — بھرا ہوا۔ آباد۔ بسا ہوا۔
ع مَامُور — مقرر۔ حکم کیا گیا۔ اجازت دیا گیا

ع مَعمُول — عمل کیا گیا۔ وہ بات جو روز مرہ کی جائے۔ دستور
ع مَامُول — امید کیا گیا۔ وہ چیز جس کی امید ہو

ع مَعنیٰ — مقصد۔ مدّعا۔ سبب
ق مانا — سمانا
ہن مانا — تسلیم کیا
ف مانا — برابر۔ مانند۔ فی الفور

ع مُعِین — اعانت کرنے والا۔ مددگار
ع مُعَیَّن — مقرر کیا گیا۔ مقررہ۔ مفروضہ۔ علم ہندسہ میں وہ شکل جس کے چاروں ضلعے تو برابر ہوں مگر زاویے قائمے نہ ہوں

ع مَغرَق — پانی میں ڈوبا ہوا۔ جگمگاتا ہوا
ع مُغرَق — ڈوبا ہوا۔ غرق کیا ہوا۔ مبالغہ کیا ہوا

ع مُغَلَّظ — گاڑھا۔ موٹا۔ مضبوط۔ ناپاک۔ گندا
ع مُغَلِّظ — گاڑھا کرنے والا

ع مُغنی — بے نیاز کر دینے والا۔ امیر یا آزاد کر دینے والا
ع مُغَنّی — گانے والا۔ میراثی

ع مُفتخِر — قابل فخر۔ مایہ ناز
ع مُفتخَر — فخر کیا گیا۔ معزز

ع مَفصِل — بدن کا جوڑ۔ اعضا کا جوڑ
ع مُفَصَّل — تفصیل کیا گیا۔ واضح۔ کھول کر بیان کیا گیا

ع	مُفَوَّض	سپرد کیا ہوا
ع	مُفَوِّض	سپرد کرنے والا
ع	مَقام	ٹھہرنے کی جگہ۔ مکان۔ اترنے کی جگہ۔ موقع
ع	مُقام	(موسیقی) پردہ سرود
ع	مُقامات	مقام کی جمع۔ علم موسیقی کے بارہ پردے
ع	مَقامات	مقام کی جمع
ع	مُقْبِل	حق کا فرمان قبول کرنے والا۔ دولتمند۔ روبرو ہونیوالا
ع	مُقْبَل	قبول کیا گیا۔ روبرو کیا گیا۔ منہ چڑھا
ع	مُقْتَبِس	اقتباس کرنے والا۔ روشنی لینے والا
ع	مُقْتَبَس	اقتباس کیا گیا۔ فائدہ اٹھایا گیا
ع	مُقْتَدِر	اقتدار رکھنے والا۔ طاقتور۔ معزز
ع	مُقْتَدَر	اقتدار دیا گیا۔ صاحب اقتدار
ع	مَقْدِس	پاک جگہ۔ پاک۔ جیسے بیت المقدس
ع	مُقَدَّس	پاک کیا گیا۔ پاک۔ بے گناہ۔ بزرگ۔ پارسا۔ معصوم
ع	مَقْدَم	آمد۔ ورود۔ قدم رنجہ فرمائی۔ وہ جگہ جہاں سے کوئی آئے۔ پاؤں رکھنے کی جگہ
ع	مُقَدِّم	بڑھ کر آگے جانے والا۔ بہادر۔ پیش کرنے والا
ع	مُقَدَّم	پیش کیا گیا۔ اگلا۔ قدیم۔ اعلیٰ۔ ضروری۔ آگے کا حصہ۔ چودھری
ع	مُقَدِّمہ	آگے چلنے والا۔ ہراول۔ دیباچہ
ع	مُقَدَّمہ	نالش۔ حادثہ۔ واردات۔ موقع۔ مسئلہ

ع	مُقِرّ	اقرار کرنیوالا۔ معترف۔ تسلیم کرنے والا
ع	مَقَرّ	ٹھہرنے کی جگہ۔ قرارگاہ
ع	مُقَرَّر	قرار کیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔ مامور۔ بلاشبہ
ع	مُقَرِّر	تقریر کرنے والا
ع	مُقَرَّرہ	قرار دیا گیا۔ تجویز کیا گیا۔ معینہ
ع	مُقَرِّرہ	تقریر کرنے والی
ع	مُقَصِّر	قصور کرنے والا۔ کم کرنے والا
ع	مُقَصَّر	کم کیا گیا
ع	مَقْطَع	غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص آتا ہے
ع	مُقَطَّع	تراشا ہوا۔ مہذب۔ شائستہ۔ قابل اعتبار
ع	مُقَوِّی	قوت دینے والا
ع	مُقَوّیٰ	قوی کیا گیا۔ پٹھا۔ دفتی
ہن	مَکّا	بڑی جوار۔ مکی
ہن	مُکّا	گھونسا۔ مشت
ق	مُکّا	گونگا
ع	مَکّہ	عرب کا مشہور شہر جس میں بیت اللہ ہے
ع	مَکاتِب	مکتب کی جمع
ع	مُکاتَب	وہ غلام جسے کچھ معاوضہ لے کر آزاد کر دیا گیا ہو
ع	مَکارِہ	مکروہ کی جمع۔ قابل کراہت باتیں۔ ناپسندیدہ چیزیں
ع	مَکّارہ	مکار عورت
ہن	مَکْنا	بہت سا۔ بہ کثرت۔ کافی۔ بخوبی

س مُکتا موتی۔گوہر

ع مُکحَلۃ سرمہ دانی

ع مِکحَل سرمہ لگانے کا آلہ۔سلائی

س مَکَر آسمان کے دسویں برج کا نام۔جدی

ع مَکر دھوکا۔حیلہ۔جھوٹ۔خلاف واقع بات۔ریا۔چالاکی۔چال

ق مَکری مکار

ہن مُکری ایک قسم کی ہندی چو مصرعی پہیلی

ع مُکَلَّف پرتکلف۔سجا ہوا۔تکلیف دیا گیا

ع مُکَلِّف تکلیف دینے والا۔بلانے والا (مجازاً) بالغ۔عاقل

ع مُکَوِّن پیدا کرنے والا

ع مُکَوَّن پیدا کیا گیا

ہن مَکھی مکس۔بندوق کا وہ ابھرتا ہوا نشان جسے نظر کی سیدھ میں رکھ کر نشانہ لگاتے ہیں

ہن مَکھی ایک قسم کا کبوتر

ہن مَکی ایک قسم کا غلہ۔جوار

ق مُکّی گھونسہ

ع مکّی مکہ کا رہنے والا۔مکہ کا

ہن مُکّی ہتھیلی پر بندھی ہوئی انگلیاں۔مُٹھی

ق مُکّی گونگی

ہن مَگ راستہ۔انتظار

انگ مَگ (Mug) بڑا کنڈے والا گلاس

ہن مَگَر مگرمچھ

ف مگر لیکن۔پر۔ماسوا۔شاید۔پھر۔بایں ہمہ (حرف استدراک)

ہن مَلْ فضلہ۔غلاظت۔تلچھٹ۔جھاگ۔گناہ

س مَل پہلوان۔بازی گر۔پیالہ۔کٹنی۔اعلیٰ۔بہادر

انگ مِل (Mill) آٹے، کپڑے، کاغذ وغیرہ کی کل

ہن مُل آخر کار۔بہر حال۔لیکن۔مگر

ف مُل شراب

ع مَلا بھرا ہوا۔واضح

ع مَلا گروہ۔شریف لوگ

ع مُلّا نہایت عمدہ لکھنے والا۔عالم۔مسجد میں نماز پڑھانے والا

ہن مِلانا مطابق کرنا۔مقابلہ کرنا۔فرق نکالنا۔آمیز کرنا۔ملاقات کرانا۔شامل کرنا۔رازدار بنانا۔لڑانا

ار مُلّانا تحقیر سے مُلا کو کہتے ہیں۔سیدھا سادہ آدمی

ع مُلَبَّس لباس پہنے ہوئے۔ملا جلا

ع مُلَبِّسْ پوشیدہ کرنے والا۔مکر و عیب چھپانے والا

ہن مَلَٹ گھسا ہوا سکہ

ع مِلّت دین۔مذہب۔فرقہ۔قوم

ہن مِلّت ملاپ۔راہ و رسم۔سنگت۔ملنساری

ع مُلتَزِم اپنے اوپر کوئی بات لازم کر لینے والا

ع مُلتَزَم بیت اللہ میں رکن یمانی کے سامنے ایک مقام جہاں کی جانے والی دعا قبول ہوتی ہے

ع مُلہِب بھڑکانے والا

ع مُلتہب — بھڑکا ہوا

ع مُلحَق — جڑا ہوا۔ پیوستہ۔ منسلک

ع مُلحِق — ملنے والا۔ شامل

ع مُلَذَّذ — مزے دار۔ لذیذ

ع مُلَذِّذ — لذت دینے والا

ع مَلَک — فرشتہ

ع مَلِک — بادشاہ۔ فرماں روا۔ ایک خطاب

ع مِلک — جائیداد۔ زمین داری۔ مال اسباب۔ حق

ع مُلک — دیس۔ سلطنت۔ بادشاہت۔ قلمرو۔ پرگنہ۔ شہر۔ خلقت

ع مَلَکہ — مہارت۔ مشق۔ قابلیت۔ ہنر۔ تجربہ۔ فہم

ع مَلِکہ — بادشاہ کی بیوی۔ شہزادی۔ مہال کی سب سے بڑی مکھی

ع مَلَکی — ملک سے منسوب۔ فرشتے کی مانند

ع مِلکی — جاگیردار۔ مِلک والا

ع مُلکی — ملک کا۔ قومی حکمرانی کے متعلق

ع مَلَل — غم۔ تنگی

ع مِلَل — مِلّت کی جمع۔ مذاہب

ار مَلنا — رگڑنا۔ مالش کرنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ مروڑنا

ہن مِلنا — پیوستہ ہونا۔ مرکب ہونا۔ ملاقات ہونا۔ حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ گلے ملنا۔ شامل ہونا۔ عطا ہونا۔ راہ ورسم

ہن مَلُّو — ریچھ۔ بندر

ہن مُلُّو — وہ پرندہ جس کے پاؤں باندھ کر جال میں ڈال دیتے ہیں تاکہ اور پرندے آکر پھنسیں

ہن مَلوانا — مالش کروانا۔ صاف کرانا

ہن مِلوانا — آمیز کرانا۔ شریک کرانا۔ ملاقات کرانا

ہن مَلُوک — حسین۔ نازک۔ اچھا۔ قسم کیڑا

ع مُلُوک — مَلِک کی جمع۔ بہت سے بادشاہ

ع مَلُول — اُداس

ع مَعلُول — عِلّت کیا گیا۔ وہ شے جس کا کوئی باعث، عِلّت یا سبب ہو۔ (Effect) نتیجہ۔ پھل

ع مُلہَم — الہام کیا گیا۔ وہ شخص جس کے دل میں غیب سے کوئی بات پڑے

ع مُلہِم — الہام کرنے والا۔ دل میں کوئی بات ڈالنے والا

ع مِلّیہ — مِلّی کی تانیث

ہن مَلیا — مٹی یا لکڑی کی ہنڈیا جیسا ایک چھوٹا برتن

ع مُلَیِّن — ملائم کرنے والا۔ قبض دور کرنے والا

ہن مَلِین — میلا۔ ناپاک۔ سست۔ غمگین۔ مکدر

انگ مِلیَن — (Million) دس لاکھ

ع مُمتَحَن — امتحان دینے والا۔ تجربہ کار

ع مُمتَحِن — امتحان لینے والا۔ پرکھنے والا

ع مُمتَنَع — باز رکھا گیا۔ روکا گیا

مُمتَنِع — منع کرنے والا۔ روکنے والا

ار مَمیرا — ایک گٹھیلی جڑ جو ہلدی سے مشابہ ہوتی ہے اور آنکھ کی بینائی کے لئے مفید ہے (م۔ی۔را)

ہن مُمیرا — ماموں زاد۔ ماموں کا بیٹا (م۔ے۔را)

ع مُمَیَّز — تمیز کیا گیا۔ پہچانا گیا

ع مُمَیِّز — تمیز کرنے والا۔ بھلے بُرے کو پہچاننے والا

ہن مَن دل۔ ضمیر۔ چالیس سیر کا وزن۔ سانپ کا مُہرہ۔ کنویں کی مینڈھ

س مَنّ قیمتی پتھر۔ سنگ

ع مَن (کلمۂ صلہ) وہ شخص۔ کوئی شخص۔ جو شخص۔ جس نے

ع مَنّ احسان۔ منت۔ نقصان۔ کمی۔ ایک شیریں رطوبت

ف مَن (ضمیر واحد متکلم) مَیں۔ نسبت کے لئے جیسے دشمن

ع مِن (حرف جر) میں۔ سے۔ پر۔ اوپر۔ ماسوا۔ بہ سبب۔ مانند۔ ساتھ

س مُن جوگی۔ سادھو۔ زاہد

ق مُن منہ

ق مَنا منع

ع مَنع باز رکھنا۔ روکنا۔ خلاف شرع۔ ناجائز

ع مِنیٰ مکہ معظمہ کے قریب ایک مقام

ہن مُنّا ننھا۔ پیارا۔ پیارے چھوٹے بچے کو کہتے ہیں

ع مُنادیٰ پکارا گیا۔ وہ جس کو پکاریں

ع مُنادِی پکارنے والا۔ اعلان کرنے والا۔ ڈھنڈورچی۔ ڈھنڈورا

ع مُناسِب نسبت رکھنے والا۔ موزوں۔ زیبا۔ معقول۔ لازم۔ روا

ع مَناصِب منصب کی جمع

ع مَناظِر منظر کی جمع۔ نظارے

ع مُناظِر مناظرہ کرنے والا۔ بحث کرنے والا۔ تکراری

ع مَنافع منفعت کی جمع۔ فائدے

ع مُنافع نفع دینے والا

ع مَنال جاگیر۔ جائیداد۔ مال و اسباب۔ دھن۔ دولت

ہن مُنال ہمالیہ کا چکور

ع مِنّت عاجزی۔ چاپلوسی۔ بھلائی۔ سلوک۔ شکرگزاری

ہن مَنّت نیت۔ نذر۔ نیاز۔ بھینٹ

ع مُنتَج نتیجہ دیا ہوا

ع مُنتِج نتیجہ دینے والا۔ ثمر بخشنے والا

ع مُنتَظِر انتظار کرنے والا۔ امیدوار

ع مُنتَظَر انتظار کیا گیا

ع مُنتَقِل مکان بدلنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا

ع مُنتَقَل ایک جگہ سے دوسری جگہ گیا ہوا یا کیا گیا

ع مُنتَہیٰ انتہا کیا گیا۔ انتہا کو پہنچا ہوا۔ کامل۔ انجام۔ حاصل

ع مُنتَہی انتہا کو پہنچنے والا۔ کامل۔ وہ شخص جو تحصیل علم مکمل کر چکا ہو

انگ مِنٹ (Minute) گھنٹے کا ساٹھواں حصہ

انگ مِنٹ (Mint) سکہ ڈھالنے کی جگہ

ق مَنج بے نور (نون غنہ)

ہن مَنج بیچ کا (کی) وسطی۔ مرکزی (نون غنہ)

ق مَنجھیلا جھگڑا۔ اختلاف۔ پیچیدگی

ہن مَنجھیلا دیر۔ التوا۔ ڈھیل

ع مُنحَصِر گھیر لینے والا۔ انحصار کرنے والا۔ وابستہ

ع مُنحَصَر گھیرا ہوا۔ انحصار کیا ہوا۔ موقوف۔ مشروط

ق مَند مست (نون غنہ)

ف	مَند	(لاحقہ) لاحقہ صفت نسبت جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے صفت بنادے اور والا، صاحب کے معنی دے جیسے دانش مند۔ احسان مند۔ (نون غنہ)
ہن	مَندا	کم۔ ہلکا۔ دھیما۔ سستا۔ ارزاں۔ (نون غنہ)
ق	مَندا	گلّا۔ ریوڑ
ہن	مَنڈا	بنگال کی ایک مشہور مٹھائی۔ قسم چپاتی۔ آنکھ کی جھلّی۔ (نون غنہ)
ہن	مُنڈا	منڈا ہوا سر۔ وہ آدمی جس کا سر منڈا ہوا ہو۔ مینار، گنبد، مندر یا گرجا جس پر کلس نہ ہو۔ لڑکا۔ بچہ۔ پتنگ کا سرا
ہن	مَنڈلی	گروہ۔ ٹولی۔ جھنڈ
ہن	مُنڈلی	منڈی ہوئی عورت
ہن	مُنڈنا	حجامت بنانا۔ چوری ہونا۔ لٹنا (نون غنہ)
ق	مَنڈنا	بنانا
ہن	مَنڈی	تجارت گاہ۔ بازار۔ تھوک فروشی کی جگہ۔ (نون غنہ)
ہن	مُنڈی	منڈا کی تانیث۔ بن بالوں کی۔ بن شاخوں کی۔ وہ مادہ جانور جس کے سینگ نہ ہوں۔ سر۔ کھوپڑی (نون غنہ)
ع	مَنزِل	اترنے کی جگہ۔ سرائے۔ ایک دن کا سفر۔ مرحلہ۔ گھر۔ مکان کا ایک درجہ۔ چاند کا گھر
ع	مُنَزَّل	نیچے اتارا گیا۔ نازل کیا گیا
ع	مُنزِل	انزال ہونے والا۔ نیچے اترنے والا
ہن	مَنش	آدمی۔ مرد۔ شوہر
ف	مَنِش	خصلت۔ عادت
ع	مُنشَرِح	کھلنے والا
ع	مُنشَرَح	کھلا ہوا۔ آشکار
ع	مُنشی	پیدا کرنے والا۔ آغاز کرنے والا۔ محرر۔ مضمون نگار
ع	مُنَشّی	نشہ لانے والی چیز
ع	مُنضَبَط	پیوستہ کیا ہوا۔ مضبوط کیا ہوا
ع	مُنضَبِط	مضبوط کرنے والا۔ پیوستہ کرنے والا
ع	مُنضَم	ملایا گیا۔ شامل۔ ملحق
ع	مُنَظَّم	دھاگے میں پرویا ہوا۔ موزوں کلام۔ وہ چیز جو انتظام کے ساتھ ہو
ع	مَنعْ	باز رکھنا۔ روکنا۔ نامناسب۔ ناجائز۔ خلاف قانون
ع	مِنا	مکہ معظمہ کے قریب ایک جگہ
ار	مُنّا	لاڈلا۔ پیارا۔ ننھا
ع	مُنفَصَل	جدا کیا گیا۔ فیصلہ شدہ
ع	مُنفَصِل	جدا ہونے والا۔ فیصل ہونے والا
ع	مُنقَسَم	تقسیم کیا گیا
ع	مُنقَسِم	تقسیم کرنے والا
ع	مُنَقّیٰ	صاف کیا ہوا۔ بیج نکالا ہوا۔ مُصَفّٰی۔ بڑی کشمش
ع	مُنَقّی	صاف کرنے والا
ع	مُنکَر	انکار کیا گیا۔ مکروہ۔ ناشائستہ۔ نام فرشتہ
ع	مُنکِر	انکار کرنے والا۔ مکر جانے والا۔ کافر۔ ناشکرگزار
ار	مِنمِنا	ناک میں بولنے والا
ہن	مُنمُنا	ایک کڑوا کالا دانہ جو گیہوں کے ساتھ اُگتا ہے

ہن	مَنْنا	روٹھ کر راضی ہونا
ق	مِنْنا	گننا۔ شمار کرنا۔ ناپنا
س	منُو	انسان۔ سوچنے والی مخلوق۔ دنیا کا پہلا انسان
ہن	منُّو	بندر۔ بوزنہ
ق	مُنْہا	طعن۔ (مُوں۔ ہا)
ع	مِنْہا	تفریق۔ نفی۔ مجرا۔ وضع
ہن	مُنْہا	بھرپور
ع	مُنْہَدِم	گرنے والا
ع	مُنْہَدَم	گرا ہوا۔ مسمار
ع	مُنْہَزِم	شکست کھانے والا۔ لڑائی سے بھاگ جانے والا
ع	مُنْہَضِم	ہضم ہونے والا
ع	مَنِی	دھات۔ نطفہ
ف	مَنی	غرور۔ خودی
انگ	مَنی	(Money) روپیہ۔ نقدی
س	مُنیٰ	زاہد۔ رشی
ہن	مُنّی	چھوٹی بچی۔ چھوٹی چیز
ف	مُو	بال
ق	مو	منہ
ہن	مُوَا	ایک درخت کا نام جس کا پھل کھانے کے کام آتا ہے اور اس کے بیجوں سے تیل اور پھولوں کی شراب بناتے ہیں
ہن	مُوَا	مرا ہوا۔ بے جان۔ نگوڑا۔ خانہ خراب۔ مرگیا
ہن	مُوت	پیشاب۔ نطفہ۔ منی۔ لڑکا۔ اولاد۔ (واو معروف)

ع	مَوت	طبعی زندگی کا ختم ہو جانا۔ اجل۔ وفات۔ شامت۔ بربادی۔ زوال
ع	مَوتیٰ	میت کی جمع
ہن	موتی	گوہر۔ (واو مجہول)
ق	موٹ	رتی
ہن	موٹ	ایک غلہ۔ موٹھ۔ پوٹلی۔ چمڑے کا بڑا ڈول۔ (واو مجہول)
ہن	موٹھ	ایک قسم کا غلہ (واو مجہول)
ہن	مُوٹھ	دست۔ گرفت۔ مٹھی۔ جادو منتر۔ (واو معروف)
ع	مُوَجَّہ	پسندیدہ۔ عمدہ۔ خوب۔ معقول
ع	مَوْجَہ	موج
ع	مُؤَدَّب	ادب سکھایا گیا، مہذب۔ تہذیب یافتہ
ع	مُؤَدِّب	ادب سکھانے والا۔ استاد
ہن	مَور	آم کا پھول۔ تاج۔ کلغی
ف	مور	چیونٹی۔ (واو مجہول)
ہن	مور	طاؤس۔ ایک خوبصورت جانور (واو مجہول)
اُر	مُوَرَّد	غیر زبان کا لفظ جسے اردو بنالیا گیا ہو
ع	مَورِد	اترنے، پہنچنے، آنے، ٹھہرنے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں سے کوئی گزرے۔ تالاب۔ آدمیوں اور حیوان کے پانی پینے کی جگہ
ہن	مَوسا	خالو
ہن	مُوسا	چوہا
ع	مُوسیٰ	استرہ۔ تابوت۔ ایک مشہور پیغمبر کا نام

ع مُوصًی — وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو

ہن مُوسَل — اناج کوٹنے کا آلہ

ع مُوَسِّل — پہچاننے والا۔ جس میں سے برقی رو گذر سکے

ہن مَوسی — خالہ

ع مُوصِی — وصیت کرنے والا

ع مُوصًی — وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو (دیکھئے ہوسا، موسا۔ مُوصیٰ)

ع مُؤکَّد — تاکید کیا گیا (تلفظ: مُ۔ اَک۔ کَد)

ع مُؤکِّد — تاکید کرنے والا۔ (تلفظ: مُ۔ اَک۔ کِد)

ع مُؤَکَّل — وہ شخص جسے کوئی کام سپرد ہو۔ محافظ۔ ذمہ دار

ع مُؤَکِّل — وہ شخص جو وکیل مقرر کرے۔ کام سپرد کرنے والا

ع مُؤَکِّلَہ — موکل عورت

ہن موکلا — کھلا ہوا۔ کافی۔ آزاد۔ بڑا سا سوراخ (دیوار میں)۔ (تلفظ: موک۔ لا)

ہن مُول — اصل۔ بنیاد۔ سرمایہ۔ نسل۔ اولاد (واو معروف)

ہن مول — قیمت۔ دام۔ بھاؤ۔ (واو مجہول)

ع مَوْلا — مالک۔ سردار۔ حاکم۔ مددگار۔ دوست۔ پڑوسی۔ جناب

ق مُولا — کونا۔ گوشہ

ع مُوَلَّہ — عاشق۔ دیوانہ

ع مَوْلِد — جائے ولادت۔ وطن

ع مُوَلَّد — نیا پیدا شدہ (مجازاً) وہ عجمی جس نے عرب میں پرورش پائی ہو۔ وہ عجمی لفظ جسے اہل عرب نے اپنے کلام میں استعمال کیا ہو

ع مُؤَلِّف — تالیف کرنے والا

ع مُؤَلَّف — تالیف کیا گیا۔ ترتیب دیا گیا

ع مُؤَلَّفَہ — تالیف کی ہوئی۔ تصنیف کی ہوئی

ع مُؤَلِّفَہ — مؤلف کی تانیث

ع مُوَلَّہ — عاشق۔ دیوانہ

ع مَولیٰ — مالک۔ سردار۔ خدا تعالیٰ۔ بادشاہ۔ مددگار

ف مُومی — موم سے منسوب۔ موم کا بنا ہوا

ع مُومیٰ — اشارہ کیا گیا

ق مُون — منہ

ہن مَون — چپ۔ خاموشی

ہن مَونا — بڑا برتن۔ گھڑا۔ ٹوکرا۔ سانپ رکھنے کا پٹارا

ہن مُونا — مرنا۔ فوت ہونا

ع مُوَہِّب — بخشنے والا۔ خیر خیرات کرنے والا

ع مَوْہِبْ — بخشش۔ خیرات

ہن موئے — مُوا کی جمع۔ مرے ہوئے۔ بدنصیب۔ مرگئے۔ (تلفظ: مو۔ اے)

ف مُوئے — مُو (بال) کی اضافی صورت۔ (تلفظ: مُو۔ اے)

ع مُؤَیِّد — تائید کرنے والا۔ قوت دینے والا

ع مُؤَیَّد — تائید کیا گیا

ف مَہ — ماہ کا مخفف۔ چاند

ف　مِہ　بڑا۔ بزرگ۔ سردار

ہن　مُہال　شہد کی مکھیوں کا چھتا

ع　مَحال　محل کی جمع۔ مکانات۔ منازل۔ محلے۔ جائیداد غیر منقول۔ پرگنے (ار) شہد کی مکھیوں کا چھتا۔ ان معنوں میں مفرد استعمال ہوتا ہے

ع　مُحال　غیر ممکن۔ ان ہونی۔ مشکل

ع　مُہتَدیٰ　ہدایت کیا گیا

ع　مُہتَدِی　ہدایت پانے والا

ع　مَہر　روپیہ یا جنس جو مسلمانوں کے نکاح کے وقت مرد کے ذمے عورت کو دینا مقرر کیا جاتا ہے۔ کابین

ف　مِہر　محبت۔ دوستی۔ الفت۔ رحم۔ سورج

ف　مُہر　چھاپ۔ خاتم۔ انگوٹھی۔ اشرفی۔ سونے کا ایک سکہ

ہن　مَہرا　ڈولی یا پالکی اٹھانے والا۔ کہار۔ کہاروں کا افسر

ہن　مَہرا　وہ شخص جو زنانہ لباس پہنے اور زنانی بولی بولے۔ زنخا

ہن　مُہرا　سامنا۔ آگا۔ نشانہ

ف　مُہرہ　کاغذ وغیرہ گھوٹنے کا آلہ۔ شطرنج کی گوٹ۔ سیپ۔ قسم پتھر۔ لوہاروں اور سناروں کا ہتھوڑا

ہن　مَہری　کہارن۔ کہار کی بیوی۔ مہرا کی تانیث

ف　مُہری　مُہر کیا ہوا۔ گھونٹا پھرا ہوا

ہن　مُہری　موری۔ نالی۔ بندوق کا سوراخ۔ نال۔ آستین یا پاجامہ کا منہ

ف　مِہری　التفات۔ محبت۔ دوستی (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے سرد مہری)

ق　مُہری　معشوق

ع　مَہلِک　ہلاک ہونے کی جگہ۔ جان جوکھوں کا موقع

ع　مُہلِک　ہلاک کرنے والا۔ سخت ضرر رساں

ع　مُہمَل　چھوڑا ہوا۔ بیکار۔ بے معنی۔ وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو

ع　مَحمِل　اونٹ کا ہودہ

ق　مُہوَر　مُہر

ع　محوَر　دُھرا جس پر پہیا گردش کرتا ہے۔ کیلی

ہن　مَئی　ہل چلے کھیت کو ہموار کرنے کا طریقہ۔ (تلفظ: م۔ ای)

انگ　مَئی　(May کا مورّز) عیسوی سن کا پانچواں مہینہ

ق　میا　محبت

ہن　مَیّا　ماں کی تصغیر۔ ماں

ار　میانا　پالکی۔ گاڑی کی نلی۔ بانس

ف　میانہ　بیچ۔ متوسط درجے کا۔ درمیانی۔ دھری۔ مرکز

ع　مَیّت　جنازہ۔ لاش۔ مردہ۔ موتی

ہن　مِیت　دوست۔ شفیق۔ (بیائے معروف)

انگ　میٹر　(Matter) مادّہ جس سے چیزیں بنتی ہیں، معاملہ۔ مواد (کتاب وغیرہ کا)

انگ　میٹر　(Meter) ناپنے کا آلہ

انگ　میٹر　(Metre) ایک گز سوا تین انچ کا پیمانہ

انگ　میٹنگ　(Matting) چٹائی۔ بوریا

انگ　میٹنگ　(Meeting) جلسہ۔ سبھا۔ ملاقات۔ ملنا۔ کمیٹی۔ مجمع

زبان	لفظ	معنی
ف	مَیدہ	نہایت باریک آٹا
ع	مِعْدہ	پیٹ کے اندر کی تھیلی جس میں کھانا رہتا اور ہضم ہوتا ہے
ہن	مَیرا	زمین کی وہ قسم جس میں چکنی مٹی اور ریت ملی ہوتی ہے
ہن	میرا	اپنا۔ خود کا (متکلم اضافی)
ف	میری	میر کا اسم کیفیت۔ سرداری۔ سب پر فوقیت لے جانے والا۔ (تلفظ: می۔ری)
ہن	میری	(کلمۂ ضمیر) میرا کی تانیث (تلفظ: ے۔ری)
ع	مُیَسَّر	آسان کیا گیا۔ دستیاب۔ حاصل۔ موجود
ع	مُیَسِّر	آسان کرنے والا
ع	مَیل	جھکاؤ۔ رغبت۔ توجہ۔ خواہش۔ رعایت
ہن	مَیل	کیچ۔ چیپڑا۔ فضلہ۔ زنگ۔ کدورت
ع	مِیل	سرمہ لگانے کی سلائی، وہ پتھر جو فرسنگ یا کوس کے فاصلے پر کھڑا کر دیتے ہیں۔ ستون ۱۷۶۰ گز کا فاصلہ (بیائے معروف)
انگ	میل	(Mail) ڈاک۔ خطوط۔ ڈاک کا تھیلا۔ ہرکارہ۔ ڈاک گاڑی۔ (بیائے مجہول)
ہن	میل	ایک دوسرے سے ملنا۔ اتحاد۔ ربط وضبط۔ ملاپ۔ راہ ورسم۔ ناتا۔ نسبت۔ ہمسری۔ جوڑ۔ (بیائے مجہول)
ہن	میلا	ہجوم۔ سیر تماشے کے لئے لوگوں کا جمع ہونا۔ تماشا۔ زیارت گاہوں پر اجتماع۔ (تلفظ: ے۔لا)
ہن	مَیلا	گدلا۔ مکدر۔ ملگجا۔ زنگ آلود۔ نجس
انگ	میم	انگریزی میڈم کا بگڑا ہوا۔ بیگم۔ خانم۔ (بیائے مجہول)
ع	میم	حرف (م) (تشبیہا) دہن معشوق۔ (بیائے معروف)
ہن	میمنا	بکری کا بچہ (بیائے مجہول)۔ (تلفظ: میم۔نا)
ع	مَیمَنہ	دائیں طرف۔ دائیں بازو کی فوج (تلفظ: ے۔م۔نہ)
ہن	میں	اندر۔ بھیتر۔ (بیائے مجہول۔ حرف جار)
ار	مَیں	اپنی ذات۔ خود آپ (کلمۂ ضمیر متکلم) غرور۔ (نون غنہ)
ہن	مَینا	ایک خوش الحان پرند
ف	مِینا	بہشت۔ آسمان۔ رنگ برنگ شیشہ۔ شراب کی بوتل۔ صراحی۔ نقش ونگار۔ (کنایۃً) شراب
ہن	مِینا	راجپوتانے کی ایک ہندو قوم جس کا پیشہ لوٹ مار چوری چکاری ہے۔
ہن	مِینڈ	ستار کا ایک پُرزہ یا اس کی مسلسل آواز
ہن	مینڈ	کھیت کی منڈیر۔ باڑ۔ حد۔ لہر۔ گھاٹ۔ (بیائے مجہول۔ نون غنہ)
ف	مِینو	بہشت۔ آسمان۔ رنگین شیشہ جو زیور پر جڑا جاتا ہے
انگ	مینو	(Menu) فہرست طعام

ن

زبان	لفظ	معنی
ہن	ناپنا	پیمائش کرنا۔ اندازہ کرنا
ق	ناپنا	انکار
ع	ناثر	نثر لکھنے والا۔ مضمون نگار
ع	ناصر	مدد کرنے والا۔ حامی
ع	ناد	دعوت۔ بلاوا۔ منادی۔ دہائی
س	ناد	آواز۔ گانا۔ گونج

ق ناد مثل۔ مانند

ہن نار ناری کا مخفف۔ عورت۔ بیوی

ف نار انار کا مخفف۔ مرکبات میں جیسے گلنار

ع نار آگ

سن ناری عورت۔ بیوی

ع ناری آگ سے منسوب۔ آگ کا بنا ہوا۔ جہنمی

ق ناژک مشکل

ف نازُک پتلا، دُبلا۔ لطیف۔ نرم۔ خوبصورت

ع ناس اُناس کا مخفف جو انس کی جمع ہے۔ لوگ۔ انسان۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے عوام الناس

ہن ناس ہلاس۔ نسوار

ہن ناس تباہی۔ نابود۔ معدوم

ہن ناسک دیوار

ہن ناسِک خدا پرست۔ نیک

ہن ناسک ناک۔ ہاتھی کی سونڈ

ع نافع فائدہ مند۔ مفید۔ نفع دینے والا

ف نافہ مشک کی تھیلی۔ ایک خاص ہرن کے پیٹ کی تھیلی جو خوشبودار ہوتی ہے۔ (ناف سے مشتق ہے)

ہن ناک سانس لینے کا عضو۔ غیرت۔ نمود کی چیز۔ آبرو

ف ناک بھرا ہوا۔ منسوب۔ کلمہ نسبت۔ اسماء کے ساتھ مل کر صفت بناتا ہے جیسے افسوس ناک۔ غم ناک

ہن نال قریب۔ وہ آنت جو کہ رحم مادر میں بچے کے پیٹ سے جڑی ہوتی ہے۔ بندوق کی نالی۔ (ق) ساتھ۔ مانند

ف نال وہ ریشہ جو قلم تراشتے وقت نکلتا ہے۔ نرسل جو اندر سے خالی ہو

ع نعل جوتا۔ گھر میں لگانے کا آہنی حلقہ

ہن نالا رنگین گنڈے دار سوت۔ ازار بند۔ چھوٹی ندی

ف نالہ فریاد۔ شور۔ فغاں

انگ نائٹ (Knight) فوجی مصاحب۔ بانکا۔ ایک انگریزی خطاب۔ سر

انگ نائٹ (Night) رات۔ رات کا

ق نت ڈور۔ رسی

ہن نِت ہمیشہ۔ ہر روز

ع نِثار صدقے۔ قربان۔ فریفتہ

ع نثّار اچھی نثر لکھنے والا

ع نثر بکھرا ہوا۔ پراگندہ۔ وہ عبارت جو منظوم نہ ہو

ع نصر مدد۔ یاری۔ فتح

ع نسر مردار خور پرند۔ گدھ

ق نجانا غور سے دیکھنا

ق نجانا خفا ہونا۔ رنج ہونا۔ بچانا

ق نجسی نجاست

ق نجسی منحوس

ع نحر اونٹ کا ذبح کرنا۔ ذبح کرنا۔ قربانی کرنا

ہن نہر دریا کی شاخ۔ پانی کی بڑی نالی جو آب پاشی کے لئے کھودی جائے

ع نَحو — طور۔ ڈھنگ۔ راستہ۔ جملوں کا علم

ق نَہو — ناخن

ق نَخالِص — فارغ

ار نَخالِص — جو خالص نہ ہو۔ ملاوٹی۔ (ن حرف نفی ہے) (نی۔ خالص) (ار۔ صفت) نہایت خالص (نی بمعنی نہایت۔ خوب)

ف نَخرا — عشوہ۔ ادا۔ ناز۔ کرشمہ

ع نُقرہ — چاندی۔ ہر وہ چیز جو سفید ہو

ع نَخل — کھجور کا درخت۔ عام درخت

ع نَقل — تبدیلی۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ چربہ۔ نمونہ۔ روایت۔ سوانگ

ف نُقل — وہ چیز جو کسی نشہ آور چیز کے تبدیل ذائقہ کے لئے کھائیں

ع نَذر — منت۔ قربانی۔ نیاز۔ فاتحہ۔ تحفہ

ع نَظَر — بغور دیکھنا۔ نگاہ۔ بصارت۔ بھوت پریت کا اثر۔ نگرانی۔ توجہ۔ جانچ

ع نَذِیر — ڈرانے والا

ع نَظِیر — مانند۔ نمونہ۔ مثال

ع نَضِیر — آب دار۔ تازہ۔ سونا۔ (یہ فارسی بھی ہے)

ف نَر — مرد۔ مذکر۔ مادہ کا مقابل

س نِر — نہ۔ نہیں۔ مرکبات میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے

ہن نِری — نر کی تانیث

ف نَری — بکری یا بھیڑ کا رنگا ہوا چمڑا

ف نَزار — دبلا پتلا۔ کمزور۔ مفلس

ع نُظّار — ناظر کی جمع۔ نظر کرنے والا

ع نِزاع — جھگڑا۔ تنازعہ

ع نَزع — جان کنی۔ دم ٹوٹنا

ہن نَس — رگ۔ ریشہ۔ خون کی باریک نالی۔ عصب

س نِس — (حرف نفی) نا۔ نہیں۔ بغیر (حرف جار) دور

ع نَص — کھود کھود کر پوچھنا۔ ظاہر۔ قطعی حکم۔ قرآن پاک کی وہ آیتیں جو صاف اور صریح ہوں۔ وہ کلام جو واضح اور صاف ہو

ہن نِس — رات

ع نَسّاب — علم الانساب جاننے والا

ع نِصاب — متعین شدہ درس، سرمایہ۔ مال جس پر زکوٰۃ دینا واجب ہو۔ تول۔ جز۔ ترازو کی موٹھ۔ چاقو کا دستہ

ع نَسَب — اصل۔ نسل۔ سلسلۂ خاندان

ع نَصب — کھڑا کرنا۔ گاڑنا۔ لگانا۔ زبر۔ زبر کی علامت

ع نَسر — ایک مردار خور پرند۔ گدھ۔ (دیکھئے: نسر۔ نحر)

ع نَسَق — قاعدہ۔ دستور۔ انتظام

ع نَسخ — نقل۔ تحریر۔ منسوخی۔ عربی کا قدیم طرز تحریر

ع نَشاۃ — پیدائش۔ نئی پیدائش۔ نئی زندگی۔ شروع ہونا۔ (تلفظ: نَش۔ اَت)

ع نَشاط — خوشی (تلفظ: نَ۔ شاط)

ع نِصاب — متعین شدہ درس۔ سرمایہ۔ مال جس پر زکوٰۃ دینا واجب ہو۔ تول۔ جز۔ ترازو کی موٹھ۔ چاقو کا دستہ۔ (دیکھئے: نسّاب)

ع **نص** کھود کھود کر پوچھنا۔ظاہر۔قطعی حکم۔قرآن پاک کی وہ آیتیں جو صاف اور صریح ہوں ۔ وہ کلام جو واضح اور صاف ہو۔دیکھئے: نس۔نِس۔نَس

ع **نَصب** گاڑنا۔ زَبر، زِبر کی علامت۔(دیکھئے: نَسب)

ع **نَصر** مدد۔فتح۔(دیکھئے: نَسر۔نَثر)

ع **نَضارَت** تازگی۔چمک دمک

ع **نظارَت** دیکھنا۔نگہبانی۔ناظر کا عہدہ

ع **نَضیر** آب دار۔تازہ۔سونا۔(دیکھئے: نذیر۔نظیر)

ع **نُظّار** ناظر کی جمع۔دیکھنے والا

ف **نَزار** دُبلا پتلا، کمزور۔مفلس

ع **نَظارَت** دیکھنا۔نگہبانی۔ ناظر کا عہدہ۔(دیکھئے: نضارت)

ع **نَظَر** بغور دیکھنا۔ نگاہ ۔بصارت۔ بھوت پریت کا اثر ۔ نگرانی ۔ توجہ ۔ جانچ۔ (دیکھئے: نذر)

ع **نَعل** نُوتا۔گھوڑے کے سُم میں لگانے کا آہنی حلقہ۔(دیکھئے: نال۔نال)

ع **نَعوذُ** (جمع متکلم) ہم پناہ مانگتے ہیں

ع **نُعُوظ** شہوت۔استادگی۔انتشار

ع **نَفّاخ** پھونک مارنے والا۔ ریح پیدا کرنے والا۔بادی

ع **نِفاق** پھوٹ۔نااتفاقی

ع **نَفَس** سانس۔دم۔ساعت۔لحظہ

ع **نَفْس** جان ۔ روح۔ ذات۔ اصلیت۔ اصل شے۔لب لباب

ع **نَقّاب** سوراخ کرنے والا۔سُرنگ کھودنے والا

ع **نِقاب** گھونگھٹ

ع **نُقرہ** چاندی۔ہر وہ چیز جو سفید ہو

ف **نَخرا** عشوہ۔ادا۔ناز

ع **نَقل** تبدیلی۔ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔(دیکھئے: نُقل۔نقل)

اُر **نک** ناک کا مخفف

ق **نَگ** ناخن۔وضع۔قطع

ہن **نَکّا** کوڑی۔چھوٹا سکہ۔خرمُہرہ۔پانسا

ہن **نِکّا** چھوٹا۔ ننھا۔ مختصر۔ ناقص۔ نازک۔ ادھورا۔پست قد

ہن **نَکّا** نوک دار چیز کی نوک۔نکیلا

ہن **نَکّات** خراب۔بیکار

ع **نِکات** نکتہ کی جمع۔باریکیاں

ع **نَکال** عذاب۔رنج۔عقوبت

ہن **نِکال** (فعل) نکالنا مصدر سے امر کا صیغہ

ق **نِکالا** چیچک

ہن **نِکالا** شہر بدر۔اخراج

انگ **نِکل** (Nickel) ایک قسم کی سفید دھات

ہن **نِکل** (فعل) نکلنا۔مصدر سے اَمر کا صیغہ

ق **نگو** (حرف نفی) نہیں

ہن **نَگُو** بدنام۔مطعون۔بڑی ناک والا

ف **نِکو** نیکو کا مخفف۔خوب۔اچھا

ع **نگہت** پھول کی خوشبو۔مہک (تلفظ: نک۔ہت)

ہن	نَگھت	ہر مہینے کے پندرہ روز جن کے ذریعے بارش کا حساب کرتے ہیں (تلفظ: نَ۔ گھت)
ہن	نگر	شہر۔ بلدہ۔ قصبہ
ف	نِگر	(لاحقہ فاعلی) نگریستن۔ مصدر کا صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنادیتا ہے اور دیکھنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے دست نگر
ہن	نَلوا	نل کی تصغیر۔ چھوٹا سا نل
ہن	نِلوہ	بے لوث۔ خالص۔ مفت میں۔ (تلفظ: ن۔ لوہ)
ف	نَم	گیلاپن۔ تری۔ مرطوب
ق	نَم	ندی۔ نہر
ع	نَما	اُگنا۔ بڑھنا۔ پھلنا پھولنا۔ نشو کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ (نشو ونما)
ف	نُما	(لاحقہ فاعلی) نمودن مصدر سے امر کا صیغہ جو کسی امر کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنادیتا ہے اور دکھانے والا۔ ظاہر کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے قبلہ نما
ف	ننگ	لحاظ۔ شرم۔ ذلت۔ (نون غنہ)
ار	ننگ	ننگا۔ بے حیا۔ لچا۔ قلاش۔ (نون غنہ)
ہن	نَو	آٹھ اور ایک (۹)
ف	نَو	نیا۔ جدید
ف	نَوا	آواز۔ کوک۔ سُر۔ روزی۔ خوشحالی
ق	نَوا	نیا
ہن	نَوّا	نائی
ق	نَوار	مخالفت
ف	نُوار	نواڑ۔ سوت کا وہ موٹا اور چوڑا فیتہ جس سے پلنگ بنا جاتا ہے
ق	نُوری	چونا
ع	نُوری	نور کا۔ نور سے منسوب ہونا۔ چمکدار
ع	نَول	عطا۔ بخشش۔ کرایہ
ہن	نَوَل	بے مثل۔ نیا۔ خوبصورت
ہن	نُون	نمک
ع	نُون	حرف ن کا نام
ہن	نُونی	بچوں کا عضو تناسل
ہن	نُونی	کچا گھی۔ مکھن۔ کھار
ہن	نوِیں	(عدد ترتیبی) نواں کی تانیث۔ (یائے معروف)
ہن	نَویں	نواں کی مغیرہ صورت (عدد ترتیبی) (یائے مجہول)
ہن	نَہ	(حرف نفی) نہیں۔ نہ۔ مت۔ حرف انکار (یہ فارسی بھی ہے)
ف	نُہ	نَو۔ نو کا عدد (۹)
ہن	نا	(کلمہ نفی) نہ۔ نہیں۔ ہندی اردو مصدر کی علامت جو کہ آخر میں آتی ہے
ف	نِہانی	منسوب بہ نہاں بمعنی مخفی۔ پوشیدہ
ہن	نَہانی	نہانے کی ضرورت۔ احتلام
ع	نَہر	دریا کی شاخ
ع	نَحر	اونٹ کو ذبح کرنا۔ ذبح کرنا
ف	نِہنگ	مگرمچھ (نون غنہ)
ہن	نِہنگ	سکھوں کا ایک فرقہ۔ برہنہ۔ آزاد

ق نَہو ناخن

ع نَحو طور۔ راہ۔ وہ علم جس سے کلمات کو جوڑنا توڑنا، ان کی ترکیب اور اُن کا باہمی تعلق معلوم ہو۔ جملوں کا علم

ہن نی (لاحقہ) یہ کلمہ ہندی اسما کے آخر میں آکر تانیث اسم کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے: اونٹنی۔ نتھنی

ق نی (حرفِ عطف) اور

ف نَے نرکل۔ بانسری۔ حقے کی نگالی۔ نلی

ف نَے (حرفِ نفی) نہیں۔ نہ

ہن نے (علامت فاعل) فعل متعدی میں فاعل کے بعد آتا ہے جیسے میں نے خط پڑھا

ہن نیچا نشیب۔ پست۔ اونی

ف نیچہ حقے کی نے۔ نے کی تصغیر

س نیر (بیائے معروف) پانی۔ دریا۔ سمندر۔ آنسو

ع نَیِّر نہایت چمکدار۔ بہت روشن

ق نیکی خوب اچھی۔ ناچنے والی۔ نانگہ

ف نیکی بھلائی۔ عمدگی۔ احسان

س نیل سو (۱۰۰) کھرب۔ (بیائے معروف)

ع نَیل حصول۔ دسترس

ف نیل ایک ٹھوس نباتی مادّہ جو کپڑوں میں چمک پیدا کرتا ہے۔ نیلا

س نیم مذہبی اصولوں کی پابندی۔ اتقا۔ پرہیز گاری۔ اصول

ہن نیم ایک چھتنا ور درخت جسکے پتے، چھال اور پھل بہت کڑوے ہوتے ہیں۔ (بیائے معروف)

ف نیم نصف۔ آدھا۔ (بیائے معروف)

و

ف وَا کھلا ہوا۔ کشادہ۔ جدا (تابع فعل) دوبارہ۔ بعد

ع وَا (حرفِ ندبہ) وائے کا مخفف۔ آہ۔ افسوس

ع وَادِی نیچی زمین۔ گھاٹی۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین

س وَادِی ناطق۔ بولتا ہوا۔ کسی راگ کا وہ سُر جس پر راگ کا قیام ہو

ہن وَار حملہ۔ چوٹ۔ الزام۔ بہت وزن۔ گھاؤ۔ باری۔ گھات۔ دن۔ ڈھیر۔ صدقہ۔ (تابع فعل) اس طرف۔ ادھر

ف وَار (لاحقہ) بوجھ۔ باری۔ صاحب۔ رکھنے والا۔ بھرا ہوا جیسے امیدوار۔ قصوروار۔ مناسب۔ موزوں جیسے سزاوار۔ شاہوار۔ کلمہ نسبت جیسے بزرگوار

ع وَاضِح ظاہر۔ صاف

ع وَاضِع بنانے والا۔ وضع کرنے والا

ہن وَالا مرکبات میں مختلف معنوں میں آتا ہے۔ اسم کے بعد آئے تو کبھی کام کرنے والا۔ یا پیشہ کرنے والے کے معنے دیتا ہے۔ جیسے دودھ والا

ف وَالا بلند۔ عالی۔ ذی عزت۔ بزرگ

ع وَالِہ شیدا۔ عاشق۔ فارسی والوں نے لام کی زبر سے بروزن لالا استعمال کیا ہے

ہن وَالی والا کی تانیث

ع وَالی مالک۔ آقا۔ حاکم۔ حمایتی۔ سرپرست۔ محافظ۔ گورنر

ع	وَتَر	مثلث قائم الزاویہ کا سب سے بڑا ضلع ، وہ خط جو چار ضلعوں کی شکل کے مخالف کونوں کو ملائے۔ کمان کا چلا
ع	وِتر	وہ تین رکعتیں جو عشاء کی نماز میں پڑھی جاتی ہیں۔ تنہا۔ طاق (عدد)
ع	وَجَع	درد۔ ٹیس
ع	وَجہ	چہرہ۔ شکل۔ سبب۔ دلیل۔ طرف۔ طریقہ۔ طور۔ ذریعہ۔ نقدی
س	وَر	زبر۔ غالب۔ فائق
ف	وَر	لاحقہ بمعنی والا۔ صاحب۔ خداوند۔ رکھنے والا۔ قبضے میں رکھنے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے جانور۔ نامور (حرف ربط) واگر کا مخفف
ع	وَرا	(تابع فعل) پیچھے۔ پس پشت۔ دوسری طرف۔ سوا
ع	وَرَع	پرہیزگاری
ع	وُرَثاء	وارث کی جمع۔ ورثہ پانے والے
ف	وَرثہ	ترکہ۔ میراث
ق	وَرسا	سپاہیوں کی قواعد۔ پریڈ
ع	وَرد	گلاب کا پھول
ع	وِرد	وہ کام جو روز بلا ناغہ کیا جائے۔ معمول۔ وظیفہ
ف	وَسطی	بیچ کا۔ درمیانی
ع	وُسطیٰ	اوسط کا مونث۔ میانہ۔ اوسط درجے کا۔ بیچ کی انگلی
انگ	وِسل	(Whistle) سیٹی
ع	وَصل	ملاقات۔ ہجر کی ضد
ع	وَسِیع	فراخ۔ دور تک پھیلا ہوا
ع	وَصی	وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو۔ منصرم
ع	وِلا	محبت۔ دوستی
ف	وِلا	وقت۔ عرصہ
انگ	وِلا	(Villa) دیہاتی محل یا مکان۔ بنگلہ
ف	وَہ	(کلمۂ تحسین) واہ! شاباش! (کلمۂ افسوس) ہائے (کلمۂ نفرت) ہونہہ!
ہن	وُہ	(ہندی میں بالفتح) (اُردو میں ضمیر واشارہ) غائب یا بعید کی طرف اشارہ۔ اس قدر۔ اُتنا۔ ایسا۔ اُس قسم کا۔ اُس درجے کا
اُر	وُہی	(تابع فعل) وہ ہی۔ اسی طرح۔ پہلے ہی جیسے طریقے سے
ع	وَحی	خدائی پیغام۔ (عربی میں بسکون دوم اور اردو میں بکسر مستعمل ہے)
س	وید	ہندوؤں کی مقدس کتاب (بیائے مجہول)
س	وَید	ہندی طریقے پر علاج والا طبیب۔ بید
س	وِیدِک	وید کا عالم
س	وَیدِک	ہندی علم طب

ہ

ف	ہا	حرف ہ کا تلفظ (لاحقہ) فارسی اسموں میں علامت جمع جیسے درخت ہا۔ افسانہ ہا
اُر	ہا	(کلمۂ تأسف) افسوس۔ حیف۔ کسی امر کے روکنے اور منع کرنے کے لئے بھی بولا جاتا ہے
ہن	ہات	ہاتھ۔ عموماً نظم میں مستعمل ہے
ہن	ہاتھ	دست۔ کف۔ آدھ گز کی مقدار۔ اختیار۔ وسیلہ۔ مدد۔ چوٹ۔ قوت۔ ذریعہ

ع	ہاجی	ہجو کرنے والا۔ نقال
ع	حاجی	وہ شخص جو مقررہ شرائط کے مطابق کعبۃ اللہ کا حج اور مدینہ منورہ کی زیارت کرکے آیا ہو
ہن	ہار	شکست۔ ماندگی
ہن	ہار	پھولوں یا موتیوں کی مالا۔ جواہرات کا گلوبند
ع	حارّ	گرمی کرنے والا۔ حرارت رکھنے والا
ہن	ہارا	تھکا ہوا۔ کمزور۔ مات کھایا ہوا
ع	حارّہ	حار کی تانیث
ق	ہاسا	ہنسی
ع	حاسّہ	محسوس کرنے کی قوت
ہن	ہال	حرکت۔ جھٹکا چال۔ رفتار۔ عربی حال کا بگڑا ہوا۔ ابھی۔ ثروت
انگ	ہال	(Hall) بڑا کمرہ
ع	حال	موجودہ زمانہ۔ کیفیت۔ طریق۔ بیان۔ سکت۔ فی الحال۔ اسی وقت
ہن	ہالا	وہ ٹیکس جو ہل پر لگایا جاتا ہے
س	ہالا	شراب
ف	ہالہ	دائرہ۔ چاند کا کنڈل جو بخارات ارضی سے چاند کے گرد پڑ جاتا ہے
ار	حالا	ابھی۔ اسی وقت۔ مالگزاری کی قسط
ہن	ہالی	ہل چلانے والا
ف	حالی	حال کا۔ وقتی
ہن	ہامی	ہاں۔ اقرار
ع	حامی	حمایتی۔ مددگار
ہن	ہانس	ہنسلی۔ ہنس۔ سینے سے اوپر اور گردن کے نیچے کی ہڈی (نون غنہ)
ع	حانث	قسم توڑنے والا۔ گناہ گار
ع	ہائل	ہولناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔ شدید
ع	حائل	بیچ میں آنے والا۔ رکنے والا۔ روک
ہن	ہائی	حالت۔ طور۔ ڈھنگ۔ کیفیت۔ بدنامی
انگ	ہائی	(High) بلند۔ بالا۔ اونچے درجے کا
ع	ہُبَل	نام بت
ع	حَبَل	رسی۔ موٹا دھاگا۔ رگ۔ اتحاد
ع	ہُبُوب	ہوا کا چلنا
ع	حُبُوب	حب کی جمع۔ گولیاں۔ دانے
ع	ہِبہ	عطا۔ بخشش۔ وقف۔ خیرات
ع	حَبہ	دانہ۔ غلہ۔ رتی۔ ذرا سا
ہن	ہپّو	پوپلی عورت۔ ہڑپ کر جانے والی عورت
ہن	ہپّو	افیون کی گولی جو عورتیں بچوں کو دیتی ہیں
ہن	ہَت	(کلمہ تنفر) چل دور ہو۔ پرے ہٹ
ق	ہَت	ہاتھ کا مخفف۔ دوستی
س	ہِت	سچی دوستی۔ پیار۔ اخلاق۔ بھلائی
ہن	ہتّا	ہاتھ۔ قبضہ۔ موٹھ
ع	حتّیٰ	یہاں تک۔ اس قدر۔ جہاں تک۔ جب تک
ہن	ہتھ	ہاتھ کا مخفف
ہن	ہتھ	ہاتھی کا مخفف

ع	ہجا	حرف کو حرف سے اعراب کے ذریعے ملا کر لفظ بنانا
ع	ہجّہ	ایک پارچ کرنا (ح کے زبر اور زیر دونوں طرح صحیح ہے)
ع	ہجر	جدائی (صحیح بالفتح ہے اردو میں بالکسر مستعمل ہے)
ع	حجر	پتھر
ع	ہجری	منسوب بہ ہجرت۔ وہ سن جو حضرت پیغمبر اسلام کے مکے سے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے سے شروع ہوتا ہے
ع	حجری	پتھریلا۔ سنگین
ع	ہدم	تباہی۔ انہدام
ع	ہدِم	تباہ کرنے والا
ع	ہدی	قربانی کا جانور جو حاجی مکہ معظمہ میں لے جاتے ہیں
ع	حدی	عرب شتربانوں کا نغمہ
ع	ہدیٰ	ہدایت۔ سیدھا راستہ
ع	ہذر	بکواس۔ ہذیان
ع	حذر	پرہیز۔ بچاؤ
ہن	ہر	وشنو، کرشن، مہادیو، بھگوان
ف	ہر	فی کس۔ تمام۔ سب (یہ لفظ مجموعہ افراد یا اشیا میں سے فرداً فرداً ذکر کرنے کے لئے بولا جاتا ہے۔ جمع کے ساتھ استعمال درست نہیں)
ہن	ہُر	آواز جو پرندوں کے اڑنے سے پیدا ہوتی ہے
ع	حُر	آزاد
ہن	ہرا	سبز۔ شاداب۔ تر و تازہ۔ کچا۔ سبزی۔ چارہ
ہن	ہڑا	ہلیلہ
ہن	ہُرا	دوڑ۔ بلا۔ ڈر کر بھاگ جانا (فوج وغیرہ کا)

انگ	ہُرّا	(Hurrah) (کلمہ تحسین) مرحبا! شاباش! کیا خوب
ع	حِرا	مکے کے نزدیک ایک پہاڑی
ع	ہرج	ہنگامہ۔ دنگا۔ خسارہ۔ وقفہ۔ (اردو میں بفتح مستعمل ہے)
ع	حرج	تنگی۔ سختی۔ نقصان۔ دیر۔ کمی
ہن	ہرس	ہل کی پھالی
ع	حرص	لالچ۔ تمنا۔ ہوس
ع	ہرم	پرانا۔ عمر رسیدہ۔ فرعون مصر کا مقبرہ
ع	حرم	وہ جگہ یا چیز جس کی عزت کی جائے۔ خانہ کعبہ کے گرداگرد ایک محدود رقبہ جس میں کسی جانور کی جان مارنے کی اجازت نہیں۔ امیروں کا زنان خانہ۔ منکوحہ بیوی
ہن	ہرنا	کاٹھی کا اگلا ابھرا ہوا حصہ۔ بازی ہار جانا
ہن	ہرنا	نر ہرن
ہن	ہری	ہر کا بگاڑ۔ بھگوان۔ وشنو
ہن	ہری	ہرا کی تانیث۔ سبز۔ سرسبز۔ شاداب
ہن	ہڑ	ہلیلہ۔ ایک قسم کا کسیلا پھل۔ ہاڑ کا مخفف۔ ہڈی
ہن	ہُڑ	بے وقوف۔ چڑیوں کو بھگانے کی آواز
ہن	ہُڑک	ایک قسم کا ڈھول
ہن	ہڑک	جنونِ سگ۔ وہ بیماری جو باولے کتے کے کاٹنے سے ہو جاتی ہے۔ ولولہ۔ لت
س	ہست	ہاتھ۔ ہاتھی کی سونڈ۔ تیرھواں ستارہ۔ ہاتھی
ف	ہست	ہستی۔ حیات۔ وجود۔ کائنات

ف	ہَشت	آٹھ
ار	ہشت	یہ کلمہ اکثر نفرت ظاہر کرنے۔ کسی امر سے روکنے یا جھڑکنے کے لئے بولا جاتا ہے
ف	ہشت	کتے، بلی کو دھتکارنے کی آواز
انگ	ہُک	(Hook) آہنی میخ۔ وہ خمدار کیل جو دیوار میں گاڑتے ہیں
ع	حَکّ	مٹانا۔ کھرچنا۔ چھیلنا۔ رگڑ۔ خراش
ہن	ہل	زمین جوتنے کا آلہ۔ قلبہ
ع	حَل	کھولنا۔ انکشاف۔ سلجھاؤ۔ تحلیل ہونا۔ حساب کے سوال کا عمل
ہن	ہلّا	چڑھائی۔ دھاوا۔ شور
ہن	ہلّا	حیلہ کا بگڑا ہوا۔ کام۔ مشغلہ۔ مانوس
ع	حُلّہ	بہشتی لباس۔ جامہ۔ چادر۔ پٹکہ۔ جبّہ
ع	ہلال	پہلی رات کا چاند۔ ماہِ نو
ع	حلال	حرام کی ضد۔ جائز۔ ذبح کیا ہوا۔ شرع کے مطابق
ع	ہلالی	ہلال سے منسوب۔ ہلال کی وضع کا۔ قوسی
ار	حلالی	حلال کا
ہن	ہم	(ضمیر جمع متکلم) میں اور میرے ساتھی۔ کلمہ تعظیم جو اپنی ذات کیلئے استعمال ہوتا ہے
ع	ہَمّ	اندیشہ۔ فکر۔ ارادہ
ف	ہم	(حرف عطف) نیز۔ بھی۔ بلکہ اس کے علاوہ
ف	ہُما	ایک مشہور خیالی پرندہ
ار	ہما	(جمع متکلم) ہم۔ صرف مرکبات میں مستعمل ہے
ع	حُمّی	تپ۔ بخار

ف	ہمہ	کل۔ جملہ۔ سب
ف	ہمال	مانند۔ نظیر
ع	حمّال	بوجھ اٹھانے والا۔ قلی
س	ہمالہ	ہمالیہ
ع	حمّالہ	حمّال کی تانیث۔ کرین
ار	ہمام	ہاون کا بگاڑ
ع	حمّام	غسل خانہ
ع	حمزہ	شیر
ع	ہمزہ	حروف تہجی کا ایک حرف (ء)
ہن	ہمیں	ہم سب کو۔ مجھ کو۔ میرے تئیں (یائے مجہول)۔ (ضمیر متکلم)
ہن	ہمیں	(کلمۂ حصر) ہم ہی۔ ہم سب (یائے معروف)
ف	ہمیں	(تابع فعل) یہی۔ اسی طرح۔ صرف۔ (یائے معروف)
س	ہنس	ایک قسم کی بطخ۔ روح۔ (نون غنہ)
ہن	ہنس	ہنسی۔ قہقہہ۔ ہنسنا مصدر کا صیغۂ امر (نون غنہ)
س	ہنسا	قتل۔ کشت وخون۔ پاپ
ہن	ہنسا	ہنسی۔ ہنسنا مصدر کا صیغہ ماضی مطلق
ہن	ہو	پکارنے یا بلانے کی آواز (ار) "پروا نہیں" کی جگہ "اگر ہو سکے" کی جگہ۔ (واو مجہول)
ف	ہُو	عربی ضمیر ہُو (وہ) کا بگاڑ۔ غل (کنایۃً) خوف۔ ڈر۔ (واو معروف)
ع	ہُوَ	(ضمیر مذکر واحد غائب) وہ
ہن	ہوا	خلا اور زمین کے درمیان کی فضا۔ باد۔ حرص۔ آرزو۔ سانس

ہن	ہُوا	(فعل) ہونا مصدر کا ماضی مطلق۔ ہو چکا۔ آمادہ ہوا
ہن	ہَوّا	بچوں کو ڈرانے کی فرضی صورت۔ مہیب صورت
ہن	ہوت	مقدور۔ پونجی۔ ثروت۔ حیثیت۔ پکارنے کا کلمہ
ع	حُوت	بڑی مچھلی۔ نظام شمسی کا بارھواں برج جو مشتری کا گھر ہے
ار	ہودہ	عماری
ف	ہُودہ	ٹھیک۔ درست۔ حق (اردو میں بے ہودہ مستعمل ہے)
ق	ہور	اور (حرف عطف)
ع	حُور	حورا کی جمع (اردو میں واحد مستعمل ہے) بہشت کی خوبصورت عورتیں
ع	ہَول	خوف۔ اندیشہ۔ گھبراہٹ
ہن	ہُول	دھکا۔ صدمہ۔ ضرب
ہن	ہولا	بھنے ہوئے سبز چنے (واو مجہول)
ہن	ہَولا	گھبرایا ہوا
س	ہوم	ہَوَن۔ ہندوؤں کی ایک مذہبی رسم (واو مجہول)
انگ	ہوم	(Home) گھر۔ وطن
ہن	ہے	(فعل ناقص) ہونا سے مشتق۔ حاضر۔ موجود
ف	ہَے!	(حرف ندبہ)۔ (ہائے کا مخفف) افسوس۔ ہائے۔ تنبیہ۔ تحسین اور ندا کے لئے آتا ہے
ہن	ہیا	دل۔ من۔ جگر۔ حواس۔ جرأت
ع	حیا	شرم۔ لحاظ۔ غیرت
انگ	ہیٹ	(Hat) انگریزی ٹوپی

ہن	ہیٹ	(متعلق فعل) نیچے۔ زیر۔ پست۔ کمینہ۔ ذلیل۔ (بیائے مجہول)
ہن	ہیل	بھری ہوئی ٹوکری یا ٹوکرا (بیائے مجہول)
ہن	ہیل	(Heel) ایڑی۔ وہ حصہ جو ایڑی پر آئے
ع	حِیَل	حیلہ کی جمع
ہن	ہیلا	دھکیل۔ ٹھیلا۔ کام۔ مرتبہ۔ نوکری۔ آواز۔ (تلفظ: ہے۔لا)
ع	حِیلَہ	بہانہ۔ دھوکا۔ روزگار۔ نوکری

ی

ف	یارا	قوت۔ حوصلہ۔ مقدور
ف	یارہ	کنگن۔ کلائی۔ ایک مسہل کی دوا۔ لگان۔ زخم۔ طاقت
س	یگ	قربانی۔ پوجا
س	یُگ	جگ۔ قرن۔ جوڑا۔ ایک عہد یا زمانہ (ہندی فلسفے کے مطابق کائناتی تاریخ کا)
ار	یکّا	اکیلا۔ تاش کا سب سے بڑا پتا
ف	یکّہ	ایک گھوڑے کی رتھ نما گاڑی۔ احدی سپاہی۔ تاش کا پتا جس پر ایک کا نشان ہو۔ اکیلا
ف	یَل	پہلوان۔ شجاع۔ فربہ
ہن	یل	(لاحقہ) فاعلیت کے ساتھ جیسے اڑیل (صفت) سُریل۔ سڑیل (صاحب کے معنی میں) کڑیل
س	یَم	فرشتہ (موت کا) عزرائیل
ف	یَم	بڑا دریا۔ سمندر۔ جانب۔ حصہ
ع	یَمَن	نام ملک
ع	یُمن	برکت۔ اقبال مندی۔ کامیابی

مرتب کی دوسری کتابیں

۱) لغاتِ اضداد (قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی کے مالی تعاون سے شائع کی گئی)

۲) لغاتِ تعداد (بچوں کا ادب)

۳) لغاتِ اصطلاحاتِ جغرافیہ (بچوں کا ادب)

۴) لغات۔ الفاظ کا معنوی فرق (بچوں کا ادب)

ADEEB-UL-LUGHAT

(Alfaz ka Manavi Farq)

URDU
ARABIC
PERSIAN
TURKEY
HINDI
ENGLISH

ARABIC
PERSIAN
TURKEY
URDU
HINDI
ENGLISH

By
RIAZ AHMED SHARIFF RIAZ SABIR